206.اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ٥ (سورۃ البقرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR

روزنامہ سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | ہفتہ 24 اکتوبر 2026ء 1448ھ 12 جمادی الاول 10 کا تک صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 270

www.sehar.pk

dailysehar1@gmail.com

گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملے کی کوشش ناکام، 10 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز اردگرد کے علاقے کو IED سے محفوظ کرنے کیلئے کلیئرنس آپریشن تاحال جاری رکھے ہوئے ہیں، گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے گزشتہ روز حملہ کیا تھا

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے، بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے، محسن نقوی

گوادر/اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے شہر گوادر میں سیکیورٹی فورسز کے کلیئرنس آپریشن میں فتن الہندوستان کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز اردگرد کے علاقے کو IED سے محفوظ کرنے کیلئے کلیئرنس آپریشن تاحال جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے گزشتہ روز حملہ کیا تھا جس کے بعد فورسز نے بروقت کارروائی کرکے دہشت گردوں کو گھیرے میں لے (بقیہ نمبر1)

ایران اسرائیل پر حملے کے لیے ایٹم بم بنا رہا ہے، نیتن یاہو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو نے دعوی کیا ہے کہ ایران اسرائیل پر حملے کے لیے ایٹم بم بنا رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران سے اسرائیل کے وجود کو خطرات لاحق ہیں، (بقیہ نمبر 3)

دنیا گلوبل وارمنگ کی خطرناک ترین حد کے قریب پہنچ گئی: اقوام متحدہ کا انتباہ

گیسوں کا اخراج اب بھی ریکارڈ سطح پر ہے، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل گوتریس

رواں صدی میں زمین 2.6 ڈگری سیلسیس تک گرم ہوسکتی، سابق تخمینوں سے تجاوز کرنے کی توقع

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی جاری ہونے والی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2025 میں دنیا بھر میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کی شرح ریکارڈ سطح پر برقرار رہی۔ عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ نے خبردار کیا کہ اگر حکومتوں نے اپنے حالیہ ماحولیاتی وعدوں (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کور ہیڈکوارٹرز، پشاور کا دورہ، جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی

دہشت گردوں اور ان کے گمراہ کن نظریے کو مکمل شکست دینگے

فیلڈ مارشل

ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے، سید عاصم منیر

فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ عوام کی حمایت سے دہشت گردوں اور انکے گمراہ کن نظریے کو مکمل شکست دیں گے، دہشت گرد جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں سختی سے نشانہ بنائیں گے۔ آئی (بقیہ نمبر 4)

لانگ مارچ کی تیاری کر رہے ہیں، اسلام آباد آجائیں گے، حافظ نعیم الرحمن

ملک میں ڈھائی کروڑ افراد موٹرسائیکل استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف مل سکتا ہے

کراچی میں مہنگا آٹا، گیس کی لوڈشیڈنگ، کے فور منصوبے میں تاخیر اور زمینوں پر قبضے سنگین مسائل ہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو ووٹ دے کر اپنا مینڈیٹ دیا، لیکن ان کے بقول اس مینڈیٹ پر ڈاکا ڈال کر قبضہ میئر کو شہر پر مسلط کر دیا گیا۔ کراچی کے علاقے گودھرا کالونی میں ماڈل اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پیٹرولیم لیوی، مہنگائی، گیس کی لوڈشیڈنگ، زمینوں پر قبضوں اور شہری ترقیاتی (بقیہ نمبر5)

محکمہ تعلیم Kp میں 92 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ بے ضابطگیاں، لاکھوں طلبہ و طالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کی 13 سالہ نااہلی اور کرپشن سے خیبر پختونخوا کا شعبہ تعلیم تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا، صوبے کے لاکھوں طلبہ و طالبات کا مستقبل داؤ پر لگ (بقیہ نمبر 7)

داعش اور القاعدہ کے مقابلے کی طرز پر حوثیوں کے خلاف بین الاقوامی کارروائی کی جائے، یمن

ملک کے جنوبی اور مشرقی علاقوں میں سول ایئرپورٹس اور رہائشی علاقوں پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے، سربراہ یمنی صدارتی قیادت کونسل

اس وقت تسلسل کی تصدیق کی جب تک ریاستی اداروں کو بحال نہ کرلیا جائے

صنعا (این این آئی) یمنی صدارتی قیادت کونسل کے سربراہ رشاد العلیمی نے حوثی ملیشیا کے خلاف ایک متحد بین الاقوامی موقف اپنانے کا مطالبہ کردیا۔ ملک کے جنو (بقیہ نمبر 6)

دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.1 ریکارڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے دالبندین اور گردونواح میں زلز (بقیہ نمبر 8)

سعودی عرب اور اردن کے اعلیٰ رابطہ کونسل کے ترمیمی پروٹوکول پر دستخط

اردن کی طرف سے حوثی حملوں کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کی توثیق

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور اردن نے ریاض میں سعودی اردنی اعلی رابطہ کونسل کے قیام کے ایک ترمیم شدہ پروٹوکول پر دستخط کیے ہیں۔ اس کونسل کی صدارت (بقیہ نمبر 9)

استنبول: نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے استنبول میں ترکی کے وزیر خارجہ جناب ہاکان فیدان ملاقات کرتے ہوئے

فورسز کے ساتھ کھڑی ہونے والی سیاسی جماعت مائنس ہو جائے گی

رانا ثناءاللہ

دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جا سکتا

خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما، وزیراعظم کے مشیر، سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہو گا وہ مائنس ہو گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی جماعت جو پورے خلوص کے ساتھ (بقیہ نمبر 13)

صدر زرداری کا چین کے خودمختار علاقے ناگوژیزانگ میں زلزلے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کے خودمختار علاقے ناگوژیزانگ میں زلزلے (بقیہ نمبر 12)

پاک امریکا تعلقات کو آئی ٹی پر شفٹ کی ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک (بقیہ نمبر 11)

آذربائیجان کے سفیر عرفان داوودوف نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات

عبدالعلیم خان سے آذربائیجان کے نئے سفیر عرفان داوودوف کی ملاقات

پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے پاکستان میں آذربائیجان کے نئے سفیر عرفان داوودوف نے ملاقات کی۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین دوستانہ (بقیہ نمبر 10)

پنجاب بھر میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی فروخت پر پابندی، صرف 10 کلو آٹا بیگ کی مارکیٹ میں فروخت کی اجازت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پامرا کے تحت آف سیزن سبزیوں اور پھلوں کی دستیابی کیلئے ڈی ہائیڈریشن پراجیکٹ کی منظوری‘ آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین الصوبائی بارڈر کی کڑی نگرانی کا حکم

وزیراعلیٰ زیرصدارت خصوصی اجلاس، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کی ویڈیو لنک شرکت، اشیائے خوردنوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خوردنوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 10 اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل کمی کا رجحان جاری ہے۔ اس موقع پر صوبہ بھر میں 20 کلو آٹے کا تھیلے کے فروخت پر پابندی پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں صرف 10 کلو آٹا بیگ کی مارکیٹ میں فروخت کی اجازت کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے (بقیہ نمبر 14)

جنوبی خیبر پختونخوا میں امن کی بحالی اور منشیات کیخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام کی اپیل

پشاور (این این آئی) گورنر راج کے بعد جنوبی خیبر پختونخوا میں امن کی (بقیہ نمبر 15)

ایران جنگ کے اخراجات وامریکی فوجیوں کی ہلاکتوں پر ٹرمپ پر شدید تنقید

تہران (این این آئی) امریکی سینیٹرز الزبتھ وارن اور کرس مرفی نے ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ پر صدر ڈو (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی بینک کے خطے (MENAAP) کے ریجنل پریکٹس ڈائریکٹر سندیپ مہاجن، عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار اور آئی ایف سی (IFC) کے ڈویژن ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز سے ملاقات

آئینی عدالت کے چیف جسٹس سے آذربائیجان کی محتسب کی ملاقات

،انسانی حقوق کے تحفظ، ادارہ جاتی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات پر تبادلہ خیال

باکو (این این آئی) آذربائیجان کی انسانی حقوق کی محتسب سبینہ علییوا نے پاکستان کی وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور رجسٹرار محمد حفیظ اللہ خان (بقیہ نمبر 17)

آبنائے ہرمز میں 7 آئل ٹینکروں پر حملے کا ایرانی دعوی، امریکا کو فوجی اڈوں پر حملوں کی دھمکی

تہران (این این آئی) ایران نے دعوی کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں سات آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا گیا ہے، جن میں (بقیہ نمبر 18)

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

یونیسیف اور گروپ ڈویلپمنٹ کے تعاون سے انٹرایکٹو ریسورس سینٹر بھی بنایا گیا

بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کیلئے ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرایکٹو ریسورس سینٹر (بقیہ نمبر20) قائم کردیا

امریکا کی ترکیہ کے ہمراہ حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کی تجویز کی تردید

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان ٹومی پگٹ نے کہا ہے کہ حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے لیے امریکا اور ترکیہ (بقیہ نمبر22)

پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں میں تعاون کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے کی

اوٹاوا (این این آئی) پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم، تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط (بقیہ نمبر 23)

برلن: جرمنی میں سرکاری استقبالیہ تقریب کے دوران، صدر آصف علی زرداری نے جرمن صدر فرینک والٹر اسٹینمائر کے ہمراہ گارڈ آف آنر کا معائنہ

غازی ملت اور مجاہد اول کے مشن کی تکمیل ہمارا اولین فریضہ ہے، سردار عتیق احمد خان

مسئلہ کشمیر اور فلسطین کے حل کے بغیر امن عالم کا قیام ممکن نہیں، پاکستان تمام تر مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے

آزاد کشمیر کے عوام کو ان اسلاف کا شکرگزار ہونا چاہیے جنہوں نے جدوجہد کرکے اس خطے کو آزادی جیسی نعمت سے ہمکنار کیا

مظفرآباد/دھیرکوٹ (این این آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ خطہ آزاد کشمیر ہمارے عظیم قائدین کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ غازی ملت اور مجاہد اول کے مشن کی تکمیل ہمارا اولین فریضہ ہے۔ مسئلہ کشمیر اور فلسطین (بقیہ نمبر 21)

مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاک چین دوستی، سی پیک، معاشی ترقی، امن وامان، ٹیکنالوجی کی منتقلی، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

چین کے تعاون سے اگلے سال بین الاقوامی سطح کی ایئر کوالٹی کانفرنس منعقد کی جائیگی، پنجاب میں ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سٹیشنز کی تعداد 69 تک بڑھا دی گئی ہے جبکہ ہدف 100 سٹیشنز کا قیام ہے۔ مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نے ملاقات کی، جس میں پاک چین دوستی، سی پیک، معاشی ترقی، امن و امان، ٹیکنالوجی کی منتقلی، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ خاند (بقیہ نمبر 24)

برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور خودمختاری کے حصول کیلئے کلیدی اہمیت رکھتا ہے

احسن اقبال

معاشی خودمختاری کے لیے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ سے برآمدات میں اضافے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا اور اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ آزمائشوں اور عالمی بحرانوں کے دور میں وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو خطرات کو مواقع میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان کو معاشی خودمختاری کی منزل تک پہنچانے کیلئے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ کے ذریعے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سی ای او کلب پاکستان اور ورلڈ سی ای او فورم کے زیر اہتمام منعقدہ ملک کی اہم کارپوریٹ کانفرنس سی ای او (بقیہ نمبر 48)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مسئلہ کشمیر کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں، اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، بیرسٹر افتخار گیلانی

مظفرآباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا میں نیوکلیئر فلیش پوائنٹ ہے جس کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح تمی البوگامی سے ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق (بقیہ نمبر 26)

پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے اور اس قومی مقصد کے حصول (بقیہ نمبر 27)

آزاد جموں وکشمیر کی یوم تاسیس پر مبارکباد

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے آزاد جموں و (بقیہ نمبر 28)

پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے ہیں، سینیٹر اورنگزیب

وزیر خزانہ اور ورلڈ بینک کے درمیان معاشی استحکام، اصلاحاتی ایجنڈے اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کی ترجیحات پر تبادلہ خیال

سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک کے مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان کیلئے خوشحالی کے شعبے کے علاقائی ڈائریکٹر، مسٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ورلڈ بینک کی کنٹری (بقیہ نمبر 32)

حکومت دہشت گردی سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالے کے لیے مزید مالی معاونت فراہم کرنے کو تیار ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری (بقیہ نمبر 31)

پاک فوج ہر سازش بہادری سے ناکام بنائیں گے، حنیف عباسی

گوادر میں حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین،

پائیدار امن وسلامتی کے قیام کیلئے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا بزدلانہ حملہ ناکام بنانے اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے اعلی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے (بقیہ نمبر49)

وزیراعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کرلیے، گورنر کے پی

دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، فیصل کریم کنڈی

،صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے،

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کرلیے ہیں، صوبے کو مزید فنڈز فراہم کرنے پر بھی آمادگی کا اظہار کیا ہے، دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، اضاخیل گندم اسکینڈل کے ذمے داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں گے، تجاوزات پر قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کسی کی سفارش قبول کی جائے (بقیہ نمبر 30)

سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں، قیصر احمد شیخ

مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، کاروبار کا فروغ برآمدات میں اضافہ اور معاشی استحکام ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں، وفاقی وزیر

بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو کاروبار کے قیام اور توسیع کے ہر مرحلے پر سہولت فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ مضبوط کاروباری نمو، پائیدار سرمایہ کاری اور سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں۔ جمعہ کو وفاقی وزیر نے ینگ انٹرپرینیورز سمٹ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جہاں انہوں نے نوجوان چیف ایگزیکٹو افسران) سی ای اوز (جدت کاروں اور ابھرتے ہوئے صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، کاروبار کا فروغ، برآمدات میں اضافہ اور معاشی استحکام ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو کاروبار کے قیام اور توسیع کے ہر مرحلے پر سہولت فراہم کر (بقیہ نمبر 29)

پاکستان سپر لیگ سیزن 12 کے لیے فرنچائزز کی بہترین سکواڈ بنانے کی دوڑ شروع، پلیئر آکشن 23 جنوری کو ہوگا

ایچ بی ایل پی ایس ایل سیزن 12 کا انعقاد 18 مارچ سے 2 مئی تک پانچ سے چھ شہروں میں ہوگا، ڈائریکٹ سائننگ 23 اکتوبر سے 23 نومبر تک جاری رہے گی

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی زیرصدارت گورننگ کونسل کا اجلاس، ہر فرنچائز ایک مارکی کھلاڑی براہ راست سائن کرسکے گی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی صدارت میں ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کی گورننگ کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر، فرنچائزز کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ آفیشلز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کی تیاریوں، کھلاڑیوں کی ڈائریکٹ سائننگ، پلیئر آکشن اور ایونٹ کے انعقاد سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا (بقیہ نمبر50)

شہر شہر، نگر نگر

Shehar Shehar Nagar Nagar

اوکاڑہ پروفیسر ڈاکٹر طاہر خان فاروقی کو یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں تعیناتی پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف اوکاڑہ پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین خوش آمدید کہا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

ملک کے معروف ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر طاہر خان فاروقی کی گریڈ 21 میں ترقی

اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار نقیبی) ملک کے معروف ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر طاہر خان فاروقی کی گریڈ 21 میں ترقی پروفیسر ڈاکٹر طاہر فاروقی یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں ڈائریکٹر Affliation یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں تعینات ہیں ڈاکٹر طاہر خان فاروقی شعبہ ایجوکیشن کے سربراہ کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے ہیں ڈاکٹر طاہر خان فاروقی ملک کی متعدد نامور یونیورسٹیز میں بطور ہیڈ آف ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات رہ چکے ہیں وائس چانسلر یونیورسٹی آف اوکاڑہ پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین نے پروفیسر ڈاکٹر طاہر خان فاروقی کی گریڈ 21 میں ترقی پر مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے لیے نہایت

دیپالپور میں گرین بس سروس کا آغاز، پیر نوید اویسی کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اظہارِ تشکر

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رکن پیر نوید اویسی نے دیپالپور میں جدید گرین بس سروس کے آغاز پر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو معیاری سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور دیپالپور میں گرین بس سروس کا آغاز شہریوں کے لیے ایک قابلِ قدر سہولت ہے اس اقدام سے نہ صرف روزمرہ سفر کرنے والے شہریوں کو فائدہ پہنچنے کی امید ہے بلکہ طلبہ، ملازمت پیشہ افراد، خواتین اور دیگر مسافروں کو بھی آمدورفت میں آسانی میسر آئے گی پیر نوید اویسی نے کہا کہ جدید دور میں بہتر ٹرانسپورٹ کا نظام کسی بھی شہر کی ترقی اور عوامی سہولتوں کا اہم حصہ ہوتا ہے۔ گرین بس سروس جیسے منصوبے شہریوں کو محفوظ، منظم اور نسبتاً آرام دہ سفر کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ دیپالپور جیسے اہم شہر میں اس نوعیت کی سہولت کا آغاز عوامی ضروریات کو پورا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

بہاول پور میں GPE تعلیم پروجیکٹ کی نمایاں کامیابیاں، 6,395 طلبہ رسمی تعلیمی نظام میں شامل

Celebration Impact, Achievements & Educational Transformation
2022-2026
The Transformation in Access, Learning, Equity and Education
FROM EXCLUSION TO EDUCATION CELEBRATING TALEEM, TRANSFORMING LIVES

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ضلع بہاولپور میں تعلیم کے فروغ، تعلیمی مساوات اور سکولوں سے باہر بچوں کو تعلیمی دھارے میں شامل کرنے کے حوالے سے TALEEMGPE پروجیکٹ کی چار سالہ کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے لیے رشیدیہ آڈیٹوریم بہاولپور میں پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ TALEEM GPE 2022–2026 Showcase Project کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے مہمانانِ خصوصی شیخ محمد اکرم، ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹس، اور ملک ریاض حسین موتھا، پرنسپل پنجاب پری کیڈٹ ہائی سکول تھے، جبکہ تقریب کی میزبانی ڈاکٹر زاہد نذیر خان، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (لٹریسی) بہاولپور اور محکمہ لٹریسی کے عملے نے کی۔ اس موقع پر حافظ محمد نعمان اشرف، لٹریسی کوآرڈینیٹر، پروجیکٹ سے وابستہ اساتذہ، نان فارمل بیسک ایجوکیشن سکولوں کے طلبہ و طالبات اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کے بعد نعتِ رسولِ مقبولؐ اور ملی نغمہ پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب پوری طرح چوکس اور متحرک ہے، ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب پوری طرح چوکس اور متحرک ہے۔ دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کیلئے آگاہی مہم کے سلسلہ میں مساجد سے 43 ہزار سے زائد اعلانات کرائے گئے جبکہ 5 لاکھ 4 ہزار سے زائد تنبیہی نوٹسز جاری کئے گئے ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے آگاہی مہم کو مزید نتیجہ خیز بنانے کیلئے سوشل میڈیا کا موثر استعمال بھی کیا جا رہا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سموگ کے خلاف جاری مہم کو مزید موثر بنانے کیلئے 145 اینٹی سموگ سکواڈ فیلڈ میں مصروفِ عمل ہیں۔ اس کے علاوہ دھان کی باقیات کی جدید مشینری کے ذریعے تلفی کیلئے 187 بیلرز فیلڈ میں کام کر رہے ہیں اور اب تک 1 لاکھ 28 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر بیلرز کا استعمال کیا گیا ہے۔ مزید براں 1259 کبوٹا ہارویسٹرز بھی فیلڈ میں کام کر رہے ہیں جن کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

چیچہ وطنی کے حلقہ پی پی 203 میں ہونے والے ضمنی الیکشن میں تین امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) چیچہ وطنی کے حلقہ پی پی 203 میں ہونے والے ضمنی الیکشن میں تین امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے جبکہ الیکشن کمیشن نے باقی 7 امیدواران کو انتخابی نشانات الاٹ کر دیئے ہیں، حلقہ پی پی 203 میں انتخابی معرکے کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہو گئیں، جہاں چوہدری محمد ارشد جٹ سمیت 3 امیدواروں کی جانب سے کاغذات نامزدگی واپس لیے جانے کے بعد الیکشن کمیشن نے میدان میں باقی رہ جانے والے 7 امیدواروں کو انتخابی نشانات الاٹ کر دیے، انتخابات میں حصہ لینے والے 7 امیدواران چوہدری محمد اسد حنیف جٹ کو انتخابی نشان ٹائیگر، چوہدری شعیب رحیم وتھرا کو انتخابی نشان حقہ، وحید حسین کو انتخابی نشان فون، محمد اویس محمود کو انتخابی نشان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کا چناب کالج کو 90 روز میں مثالی تعلیمی ادارہ بنانے کا عزم



حقیقت

مہر محمد ریاض نول

riaznoul@gmail.com

ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین نے چناب کالج کو 90 روز کے اندر ایک مثالی تعلیمی ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے جامع روڈ میپ پیش کرتے ہوئے تعلیمی معیار کی بہتری، ادارہ جاتی اصلاحات، بین الاقوامی تعلیمی روابط کے فروغ اور طلبہ کی ہمہ جہت ترقی کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد چناب کالج کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ، معیاری تعلیم کا حامل اور بہترین انتظامی و تعلیمی روایات کا امین ادارہ بنانا ہے، جہاں طلبہ کو معیاری تدریس، مثبت تعلیمی ماحول اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے بھرپور مواقع میسر آ سکیں ڈپٹی کمشنر کے مجوزہ لائحہ عمل کے تحت ممتاز ماہرینِ تعلیم اور اعلیٰ تعلیم یافتہ شخصیات کی خدمات حاصل کرنے پر توجہ دی جائے گی، تاکہ ادارے میں تدریسی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور جدید تعلیمی طریقہ ہائے کار کو فروغ ملے۔ اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی تعلیمی اداروں کے ساتھ روابط اور شراکت داری قائم کرنے کی کوشش کی جائے گی، جس سے علم و تحقیق کے تبادلے، جدید تدریسی مہارتوں اور عالمی تعلیمی تجربات سے استفادہ کرنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس منصوبے کا ایک اہم پہلو کالج کے سابق طلبہ کے ساتھ مضبوط اور مؤثر روابط کا قیام بھی ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع المنائی انگیجمنٹ پروگرام متعارف کرانے کی تجویز ہے، جس کے ذریعے سابق طلبہ کو ادارے کی ترقی میں شریک کیا جا سکے گا۔ سابق طلبہ کی پیشہ ورانہ مہارتوں، تجربات اور رہنمائی سے موجودہ طلبہ کو تعلیمی، پیشہ ورانہ اور عملی زندگی میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے مجوزہ روڈ میپ میں تدریسی معیار کی بہتری کے ساتھ ساتھ تعلیمی کارکردگی، انتظامی امور، گورننس اور طلبہ کی شخصیت سازی کے لیے قابلِ پیمائش اہداف مقرر کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے، تاکہ ادارے کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جا سکے اور طے شدہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین کے اس وژن کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں محض منصوبہ بندی کے بجائے واضح اہداف، مقررہ مدت اور قابلِ پیمائش نتائج کو اہمیت دی گئی ہے۔ 90 روزہ منصوبے کے ذریعے تعلیمی معیار، انتظامی شفافیت، تدریسی صلاحیتوں اور طلبہ کی مجموعی ترقی کے شعبوں میں بہتری لانے کی سمت پیش رفت کا تصور پیش کیا گیا ہے۔ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہوتی ہے۔ تعلیمی اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بہترین قیادت، اہل اساتذہ، مؤثر انتظامی نظام اور مسلسل کارکردگی کا جائزہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر چناب کالج میں اس منصوبے پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کیا جاتا ہے تو یہ ادارے کی تعلیمی شناخت کو مزید مستحکم کرنے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کا یہ عزم کہ چناب کالج کو مختصر مدت میں ایک مثالی ادارہ بنایا جائے، تعلیم کے شعبے میں بہتری کے لیے ایک قابلِ توجہ اقدام ہے۔ اب اس ویژن کو عملی شکل دینے کے لیے متعلقہ تعلیمی ماہرین، اساتذہ، انتظامیہ، سابق طلبہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ 90 دن، واضح اہداف، قابلِ پیمائش نتائج اور چناب کالج کے لیے عالمی معیار کی سوچ! میرا بطور جرنلسٹ تجزیہ ہے کہ یہ مشن ایک ایسے تعلیمی ادارے کی تشکیل کی جانب پیش قدمی ہے جو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ باصلاحیت طلبہ کی آبیاری، قیادت کی صلاحیتوں کے فروغ اور مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے والی نسل کی تیاری میں بھی اپنا مؤثر کردار ادا کر سکے۔

مرزا فہد بیگ جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) یونین کونسل 59 کی بھابھی اور مرزا معظم جاوید کی اہلیہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) چیچاوطنی کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت مرزا فہد بیگ جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) یونین کونسل 59 کی بھابھی اور مرزا معظم جاوید کی اہلیہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں، جن کی نمازِ جنازہ گوجرانوالہ کینٹ میں ادا کر دی گئی، نمازِ جنازہ میں وائس پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ مبین خان، سابق ممبر مسلم لیگ (ن) کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ میاں ندیم اکرم، سابق ایم پی اے پاکستان پیپلز پارٹی سعود الحسن ڈار، پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی کینٹ آغا مجید، جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ مرزا ابرار بیگ اور وائس پریزیڈنٹ مسلم لیگ (ن) ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ عمران خان شیروانی سمیت شہریوں، عزیز و اقارب، اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

سرودِ سحر

ڈاکٹر محبوب عالم رانا

03354266407

خبر کے فلک پر منور قمر ہے
بہت با خبر ہے بہت معتبر ہے
میسر سبھی کو رہے گا تو ہر دم
،، کلب ،، کی عمارت ترا مستقر ہے
تجھے ہر سفر میں ملیں گی مرادیں
یقیں ہے ،،فرشتہ،، ترا ہم سفر ہے
کرے دشمنوں کو جلا کر بھسم تو
وطن کا محافظ ، تو مثل _ شرر ہے

حبیب آباد میں آل پنجاب فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ کا 26 اکتوبر کو افتتاح ہوگا

حبیب آباد (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق شاہین فٹبال کلب حبیب آباد کے زیرِ اہتمام آل پنجاب فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس کا شاندار افتتاح 26 اکتوبر بروز پیر شام 7 بجے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول حبیب آباد میں ہوگا۔ ٹورنامنٹ میں پنجاب بھر سے فٹبال ٹیمیں شرکت کریں گی، جس سے شائقین کو دلچسپ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

ایکسل لوڈ مینجمنٹ اور ٹریفک حادثات کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کی زیرِ صدارت ایکسل لوڈ مینجمنٹ اور ٹریفک حادثات کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں اوور لوڈنگ کی روک تھام، گنے کی ٹرالیوں کی محفوظ پارکنگ، ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لیے مختلف اقدامات کا جائزہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

سیالکوٹ ضلع بھر سمیت سمبڑیال میں ملاوٹ شدہ مضرصحت دودھ اور دہی کی کھلے عام فروخت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ضلع بھر سمیت سمبڑیال گردونواح عرصے سے ملاوٹ شدہ مضرصحت دودھ اور دہی فروخت ہو رہا ہے جس سے موذی امراض میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے پنجاب فوڈ اتھارٹی صرف جرمانہ کر کے چلے جاتے ہیں جبکہ دوسرے دن ہی ملاوٹ شدہ غیر قانونی کام دوبارہ شروع ہو جاتا ہے جبکہ ان کے فرائض میں شامل ہے کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

گورنر ہاؤس پنجاب میں علامہ نور احمد سیال کی حاجی محمد سلیمان انصاری مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی، اظہارِ تعزیت اور دعائے مغفرت

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) گزشتہ روز گورنر ہاؤس پنجاب میں گورنر پنجاب سے ملاقات سے قبل ویٹنگ روم میں جمعیت علماء پاکستان پنجاب کے صدر علامہ نور احمد سیال صاحب نے جمعیت علماء پاکستان پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات حاجی محمد انصاری نورانی کے ماموں زاد بھائی اور بہنوئی، حاجی محمد سلیمان انصاری مرحوم آف بستی قادر آباد، قصور کی وفات پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر علامہ نور احمد سیال صاحب نے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی فرمائی اور بارگاہِ الٰہی میں خصوصی دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو نور سے منور کرے، تمام لغزشوں سے درگزر فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ رب العزت مرحوم کے تمام اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت، حوصلہ اور صبرِ جمیل عطا فرمائے اور انہیں اس آزمائش پر اجرِ عظیم سے نوازے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے تحصیل کمپلیکس آفس کا اچانک دورہ کیا

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے تحصیل کمپلیکس آفس کا اچانک دورہ کیا، اسسٹنٹ کمشنر نے سب رجسٹرار آفس، کالونی برانچ، ریکارڈ روم، واصل باقی نویس برانچ کا دورہ کیا اور دفتری امور، ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران و عملہ کو ہدایت کی کہ عوامی امور کو بروقت نمٹایا جائے اور شہریوں کو سرکاری خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، انہوں نے دفاتر میں صفائی ستھرائی اور نظم وضبط کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی زیرِ صدارت گندم کی سمگلنگ کی روک تھام، آٹے کی دستیابی اور مؤثر نگرانی کے حوالے سے اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی زیر صدارت گندم کی سمگلنگ کی روک تھام، آٹے کی دستیابی اور مؤثر نگرانی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر غزالہ یاسین، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر، ڈی او انڈسٹریز، محکمہ پولیس، ریونیو افسران، انچارج پیرا فورس سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے ضلع بھر میں فلور ملز کی جانب سے فراہم کیے جانے والے آٹے کی دستیابی، گندم کی غیر قانونی نقل وحمل اور سمگلنگ کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات، نگرانی کے نظام اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ہدایت کی کہ گندم کی سمگلنگ کی روک تھام اور آٹے کی بلاتعطل دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکمے مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی غیر قانونی نقل وحمل روکنے کے لیے بین الاضلاعی راستوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

ننکانہ صاحب میں ایل پی جی کی مبینہ زائد قیمتوں پر فروخت نے شہریوں کے گھریلو اخراجات بڑھا دیے

ننکانہ صاحب (غلام سرور) ننکانہ صاحب میں ایل پی جی کی مبینہ زائد قیمتوں پر فروخت نے شہریوں کے گھریلو اخراجات بڑھا دیے ہیں۔ صارفین کے مطابق ایل پی جی کا سرکاری نرخ 279 روپے 34 پیسے فی کلو مقرر ہے، جبکہ مارکیٹ میں گیس 600 سے 650 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ مہنگائی کے باعث گھریلو اخراجات پورے کرنا پہلے ہی مشکل ہے، جبکہ ایل پی جی کی زائد قیمتوں نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب دکانداروں کا مؤقف ہے کہ انہیں پلانٹس سے مہنگے داموں گیس ملتی ہے اور ٹرانسپورٹ سمیت دیگر اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں، اس لیے مقررہ سرکاری نرخ پر فروخت ممکن نہیں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر رعنا حمید اور متعلقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بینک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

اوکاڑہ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی مارکیٹس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ

اوکاڑہ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی مارکیٹس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی کی مارکیٹس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ، ایل پی جی کی مہنگے داموں فروخت پر دکانداروں کو جرمانے، انہوں نے بازاروں اور مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کی چیکنگ کی اور ایل پی جی کی مقررہ نرخوں سے زائد اور مہنگے داموں فروخت میں ملوث پائے جانے پر دکانداروں کو 25 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی نے کہا کہ عوام الناس کو سرکاری نرخوں پر فراہمی کے لیے چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ کسی بھی تاجر یا دکاندار کو ناجائز منافع خوری یا مصنوعی مہنگائی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

سرکاری رہائش گاہ میں قیام اور ہاؤس رینٹ الاؤنس کا معاملہ، سی ای او ہیلتھ ننکانہ کا انکوائری آرڈر جاری

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) ننکانہ صاحب کے شہری، ممبر امن کمیٹی اور صحافی سید اسد حسین بخاری کی تحریری درخواست پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ننکانہ صاحب نے باقاعدہ انکوائری آرڈر جاری کرتے ہوئے معاملے کی تحقیقات کا حکم دے دیا۔ درخواست گزار کے مطابق محکمہ صحت کے ڈرائیور و درجہ چہارم کے ملازم محسن شاہ مبینہ طور پر گزشتہ 10 سے 15 سال سے ایم ایس کی پرانی سرکاری رہائش گاہ میں مقیم ہیں، جبکہ وہ محکمہ سے ہاؤس رینٹ الاؤنس بھی وصول کر رہے ہیں۔ درخواست میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس صورتِ حال کے باعث سرکاری خزانے کو نقصان پہنچ سکتا ہے، جس کی مکمل چھان بین ضروری ہے۔ سید اسد حسین بخاری نے اپنی تحریری درخواست میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ یہ معلوم کیا جائے کہ مذکورہ ملازم کس مجاز اتھارٹی کی اجازت سے سرکاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

روٹری کلب جھنگ صدر ڈسٹرکٹ 3272 پاکستان روٹری انٹرنیشنل کے زیر اہتمام 24 اکتوبر ورلڈ پولیو ڈے کے سلسلہ میں آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) روٹری کلب جھنگ صدر ڈسٹرکٹ 3272 پاکستان روٹری انٹرنیشنل کے زیر اہتمام 24 اکتوبر ورلڈ پولیو ڈے کے سلسلہ میں آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد عوام میں پولیو جیسے موذی مرض کے خلاف شعور اجاگر کرنا اور بچوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے والدین کو اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ آگاہی واک ضلع کونسل جھنگ سے ڈپٹی کمشنر ہاؤس تک کی گئی جس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ ملک ساجد حسین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ سیمینار کا اہتمام سٹرائیو سکول سسٹم میں کیا گیا جس میں چیئرمین روٹری کلب سید ماجد زمان، صدر روٹری کلب سید ہاشم نقی، سٹرائیو سکول کے سی او زاہد خورشید لودھی، روٹری کلب کے ممبران، اساتذہ، طلباء، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور صحافی برادری نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے پولیو کے خاتمے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور متعدی مرض ہے، جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری میں مبتلا کر سکتا ہے۔ اس بیماری سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ پولیو ویکسین ہے، لہٰذا والدین کو چاہیے کہ وہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

دیپالپور: الجنت سٹی میں شہری کے پلاٹ پر مسلح قبضہ کی کوشش، جان سے مارنے کی دھمکیاں- شہری کی SHO سٹی دیپالپور کو اندراج مقدمہ کی درخواست *

* دیپالپور (تحصیل رپورٹر) * محلہ اسلام پورہ دیپالپور کے رہائشی ریاض حسین ولد محمد شریف نے تھانہ سٹی دیپالپور میں درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ مورخہ 2026-10-22 بوقت 30:10 بجے صبح وہ اپنے ذاتی ملکیتی پلاٹ نمبر 79 الجنت سٹی دیپالپور میں موجود تھا کہ ملزمان راؤ ذیشان ولد خلیل اختر، راؤ ناصر اور 4 کس نامعلوم مسلح افراد نے زبردستی پلاٹ میں گھس کر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ درخواست گزار کے مطابق ملزمان نے اسلحہ تان کر اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں اور کہا کہ پلاٹ خالی کر دو ورنہ فائر مار کر قتل کر دیں گے۔ شور واویلا پر اہل علاقہ میاں محمد جاوید و دیگر اکٹھے ہو گئے جنہوں نے بیچ بچاؤ کرایا۔ ملزمان دھمکیاں دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ ریاض حسین نے بتایا کہ وجہ عناد اس کے ملکیتی پلاٹ پر ناجائز قبضہ کرنا ہے اور اس سے قبل 2026-09-27 کو بھی اسے دھمکیاں دی گئی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

چشتیاں میں ایل پی جی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مبینہ طور پر سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت پر گھریلو گیس سلنڈروں کی فروخت جاری

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں میں ایل پی جی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مبینہ طور پر سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت پر گھریلو گیس سلنڈروں کی فروخت جاری ہے، جبکہ متعلقہ انتظامیہ کی خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ مہنگائی کے ستائے شہریوں کو ریلیف دینے کے دعوے بھی بے اثر دکھائی دینے لگے ہیں چشتیاں میں ایل پی جی کے گھریلو سلنڈر کی قیمت مبینہ طور پر 6 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ شہریوں کے مطابق سرکاری نرخ کے حساب سے قیمت تقریباً 3 ہزار 200 روپے بنتی ہے۔ دوسری جانب دکانداروں کا کہنا ہے کہ انہیں پلانٹ سے ہی گیس کا سلنڈر تقریباً 5 ہزار 800 روپے میں ملتا ہے، جس کے باعث وہ اسی حساب سے فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں گیس جیسی بنیادی ضرورت کی قیمتوں میں اضافے نے گھریلو بجٹ تباہ کر دیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز احمد سلیم چشتی کا نئی فوڈ سٹریٹ میں سامان کی شفٹنگ کے عمل کا جائزہ

اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز احمد سلیم چشتی کا نئی فوڈ سٹریٹ میں سامان کی شفٹنگ کے عمل کا جائزہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز احمد سلیم چشتی کا نئی فوڈ سٹریٹ میں سامان کی شفٹنگ کے عمل کا جائزہ، اس موقع پر متعلقہ کنٹریکٹر، انجینئرز اور دکانداروں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے فوڈ سٹریٹ کی فعال سازی کے لیے دکانوں میں سامان کی شفٹنگ کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فوڈ سٹریٹ کی دکانوں کا کام آخری مراحل میں ہے اور دکانوں میں سامان کی شفٹنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے جو چند دن میں مکمل ہو جائے گا۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے درج ذیل پولیس افسران کے تبادلہ جات اور تعیناتیوں کے احکامات جاری کیے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے درج ذیل پولیس افسران کے تبادلہ جات اور تعیناتیوں کے احکامات جاری کیے ہیں تھانہ سٹی ڈسکہ سے سب انسپکٹر محمد امین ایس ایچ او تھانہ پھوکلیاں تعینات انسپکٹر عامر ریاض ایس ایچ او تھانہ پھوکلیاں سے ایس ایچ او تھانہ رنگ پورہ انسپکٹر ندیم اشرف ایس ایچ او تھانہ رنگ پورہ سے انچارج سی آئی اے سٹاف سیالکوٹ تعینات انسپکٹر خرم شہزاد ساہی انچارج سی آئی اے سٹاف سے ایس ایچ او تھانہ کوٹلی سید امیر سب انسپکٹر اعتزاز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS

ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648

0321-4618852

بڈیانہ روڈ پر 22 سالہ نوجوان کو بڑی بے دردی سے گولیاں مار کر قتل کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بڈیانہ روڈ پر 22 سالہ نوجوان کو بڑی بے دردی سے گولیاں مار کر قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کی تحصیل ڈسکہ بڈیانہ روڈ پر نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر 22 سالہ نوجوان نعمان کو قتل کر دیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق مقتول نعمان کے ورثا کا کہنا ہے کہ تقریباً تین سال قبل بھی ان کے دو کزنوں کو بے دردی سے قتل کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

این سی سی آئی اے کی ریڈ مشہور ٹک ٹاکر گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) این سی سی آئی اے کی ریڈ مشہور ٹک ٹاکر گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مشہور ٹک ٹاکر شاہزیب سیالکوٹی کو این سی سی آئی اے نے پکڑا ہے شاہ زیب سیالکوٹی کے خلاف ایک خاتون نے شکایت درج کروائی تھی جس کی انکوائری ہوئی اور شاہزیب سیالکوٹی پر جرم ثابت ہو گیا جسکے بعد این سی سی آئی اے لاہور نے انہیں گرفتار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے تحصیل ڈسکہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے تحصیل ڈسکہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا، جبکہ ستھرا پنجاب کے تحت جاری صفائی آپریشنز کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے ٹی ایچ کیو ہسپتال ڈسکہ کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال کی فارمیسی میں ادویات کی دستیابی چیک کی اور مریضوں سے براہ راست گفتگو کر کے علاج معالجے کی سہولیات کے بارے میں ان کی رائے اور فیڈ بیک حاصل کیا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے ڈسکہ میں ستھرا پنجاب کے تحت جاری سیلف آپریشنز کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے عمل کو مزید تیز اور مؤثر بناتے ہوئے اسے مستحکم بنیادوں پر جاری رکھا جائے۔ انہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

سٹی سرکل تھانہ حاجی پورہ پولیس کی بڑی کامیابی، 6 سال سے مفرور خطرناک اشتہاری ملزم لاڈلہ جٹ گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سٹی سرکل تھانہ حاجی پورہ پولیس کی بڑی کامیابی، 6 سال سے مفرور خطرناک اشتہاری ملزم لاڈلہ جٹ گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی خصوصی ہدایات اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس بشریٰ عزیز سٹی سرکل کی زیر نگرانی ایس ایچ او حاجی پورہ کاشف بٹ کی سربراہی میں پولیس ٹیم میں شامل ہیڈ کانسٹیبل حافظ یاسین نے ٹیم کے ہمراہ اہم کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پیشہ ورانہ مہارت اور موثر حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 6 سال سے اشتہاری خطرناک ملزم لاڈلہ جٹ کو گرفتار کر لیا مزید یہ کہ ملزم طویل عرصے سے روپوش مطلوب اشتہاری ملزم تھا اس کو قانون کی گرفت میں لایا گیا یہ گرفتاری حاجی پورہ پولیس کی اہم کامیابی قرار دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد نے ایس ایچ او کاشف بٹ اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد کیش انعام کا اعلان کیا۔

چنیوٹ کے علاقے بھوانہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ لاپتہ لڑکے محمد علی کا سراغ لگا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چنیوٹ کے علاقے بھوانہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ لاپتہ لڑکے محمد علی کا سراغ لگا لیا ہے اور اس کی نعش برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، 12 سالہ محمد علی 14 اکتوبر 2026 کو اپنی گوشت کی دکان سے گھر جاتے ہوئے لاپتہ ہو گیا تھا، جس پر تھانہ بھوانہ میں نامعلوم ملزمان کے خلاف اغواء کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سینیئر پولیس افسران اور تھانہ بھوانہ پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ مغوی کو ٹریس کرنے کے لیے ڈی ایس پی بھوانہ کی زیر نگرانی ایک سپیشل ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔ پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن ریسورس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ اس نے 12 سالہ محمد علی کو قتل کر کے نعش سیم کے قریب دفن کر دی تھی، جس کی نشاندہی پر پولیس نے نعش برآمد کر لی ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

چشتیاں کی مرکزی جامع مسجد میں واپڈا احکام کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث بجلی کا میٹر نصب نہ ہونے کا معاملہ سامنے آ گیا

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں کی مرکزی جامع مسجد میں واپڈا احکام کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث بجلی کا میٹر نصب نہ ہونے کا معاملہ سامنے آ گیا۔ ڈیمانڈ نوٹس کی ادائیگی کے باوجود دو ماہ گزرنے پر بھی میٹر نصب نہ ہو سکا، جبکہ مسجد کو مبینہ طور پر ایوریج بل بھی بھجوایا جا رہا ہے۔ واپڈا دفتر کے بار بار چکر لگانے کے باوجود مسئلہ حل نہ ہونے پر متعلقہ حکام کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے۔ مرکزی جامع مسجد چشتیاں کے لیے بجلی کے میٹر کا ڈیمانڈ نوٹس ادا کیے جانے کے باوجود تاحال میٹر نصب نہیں کیا گیا۔ مسجد انتظامیہ مبینہ طور پر گزشتہ دو ماہ سے واپڈا دفتر کے چکر لگا رہی ہے، تاہم متعلقہ عملے کی جانب سے مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات سامنے نہیں آ سکے۔ اس معاملے پر جمعہ کی نماز کے موقع پر قاری ایوب نے منبر پر خطاب کے دوران واپڈا کی مبینہ نااہلی اور عدم توجہی پر شکوہ کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایت پر ضلع بھر کے ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں دینی مدارس اور تعلیمی اداروں کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ملاقوں میں بچوں اور خواتین کے خلاف جنسی جرائم کی روک تھام طلبہ و طالبات میں شعور اجاگر کرنے اور اداروں میں محفوظ ماحول یقینی بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا ایس ایچ اوز نے منتظمین سے باہمی تعاون اور مربوط کوششوں پر زور دیا تاکہ ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر آگاہی اور حفاظتی اقدامات کیے جا سکیں بچوں اور خواتین کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام اور محفوظ ماحول یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران کی خصوصی ہدایت پر چشتیاں پولیس کی جانب سے گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران کی خصوصی ہدایت پر چشتیاں پولیس کی جانب سے گورنمنٹ گریجویٹ کالج چشتیاں میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبا کو موبائل فون کے محفوظ استعمال، ہراسمنٹ کے خلاف قانونی تحفظ، ٹریفک قوانین اور شہریوں کی نجی زندگی کے تحفظ سے متعلق اہم امور پر تفصیلی بریفنگ دی ایس ڈی پی او سرکل چشتیاں محمد اکمل بسرا نے ایس ایچ او تھانہ سٹی بی ڈویژن چشتیاں بلال یونس کے ہمراہ سیمینار میں شرکت کی۔ اس موقع پر پولیس افسران نے طلبا کو خصوصی لیکچرز کے ذریعے موبائل فون اور جدید ٹیکنالوجی کے محتاط استعمال، ہراسمنٹ سے بچاؤ اور ایسے واقعات کی صورت میں قانونی تحفظ حاصل کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا۔ پولیس افسران نے طلبا پر زور دیا کہ وہ سڑکوں پر محفوظ سفر کے لیے ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور حادثات سے بچاؤ کے لیے ذمہ دارانہ طرزِ عمل اپنائیں۔ سیمینار میں خواتین اور بچوں سمیت تمام شہریوں کی عزت، وقار اور نجی زندگی کے تحفظ کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا افسران نے خفیہ کیمروں اور ریکارڈنگ ڈیوائسز سے متعلق بیان کردہ پابندیوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خفیہ کیمرے نصب اسمارٹ عینکوں، پین، کی چین، گھڑیوں اور دیگر اشیاء کے ذریعے کسی کی اجازت کے بغیر تصاویر، ویڈیو یا آواز ریکارڈ کرنے اور منتقل کرنے جیسے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی تھانہ صدر رینالہ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے، فوری قانونی کارروائی کے احکامات جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے تھانہ صدر رینالہ خورد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات براہِ راست ڈی پی او کے سامنے پیش کیے۔ ڈی پی او نے شہریوں کی شکایات کو سنا اور ان کے فوری اور قانونی ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

انصاف عوام کی دہلیز پر
کھلی کچہری

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

تحصیل بارکلرک ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں سردار گروپ کے ماجد بھٹی 56 ووٹ لیکر صدر منتخب

کامونکے (تحصیل رپورٹر) تحصیل بار کلرک ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں سردار گروپ کے ماجد بھٹی 56 ووٹ لیکر صدر منتخب ہو گئے جبکہ مدمقابل اُمیدوار علی رضا 54 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ جنرل سیکرٹری کی نشست پر 58 ووٹ حاصل کر کے ملک شمشاد کامیاب ہو گئے۔ جبکہ مدمقابل اُمیدوار ایلڈر پرویز 56 ووٹ حاصل کر سکے۔ علاوہ ازیں کلرک ایسوسی ایشن کے 124 ووٹ رجسٹرڈ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

جمبر میں ایل پی جی گیس کا بحران سرکاری نرخ 279 روپے جبکہ فروخت 600 روپے فی کلو ہونے کی شکایات

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) سردیوں کی آمد قریب آتے ہی جمبر میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں مبینہ من مانے اضافے نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا اوگرا کے مقرر کردہ سرکاری نرخ 279 روپے فی کلو کے مقابلے میں جمبر میں ایل پی جی گیس مبینہ طور پر 600 روپے فی کلو فروخت کیے جانے کی شکایات سامنے آنے لگیں سرکاری نرخوں کی مبینہ خلاف ورزی پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے تفصیلات کے مطابق مہنگائی کے ستائے شہری پہلے ہی بجلی کے بھاری بلوں بے روزگاری اور روزمرہ اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث پریشان ہیں جبکہ اب ایل پی جی گیس کی مبینہ من مانے نرخوں پر فروخت نے عوام کے گھریلو بجٹ کو مزید متاثر کر دیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری نرخ 279 روپے فی کلو مقرر ہیں تو مارکیٹ میں 600 روپے فی کلو گیس فروخت ہونے کی شکایات کا ذمہ دار کون ہے عوامی حلقوں کے مطابق سرکاری نرخ نامے جاری کرنے کے باوجود ان پر عمل درآمد نہ ہونا پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر گراں فروشوں کو مقررہ نرخوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے سے نہیں روکا جا سکتا تو سرکاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

زینی ڈکیت گینگ کے سرغنہ حافظ زین مہر سمیت ملزمان گرفتار, ایس ایچ او غازی اورنگزیب اور پولیس ٹیم کی کارروائی کو عوامی وسماجی حلقوں کی جانب سے خراجِ تحسین

علی پور چٹھہ میں زینی ڈکیت گینگ کے سرغنہ حافظ زین مہر سمیت ملزمان گرفتار، متعدد وارداتوں کا انکشاف

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) علی پور چٹھہ پولیس نے مبینہ طور پر چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث زینی ڈکیت گینگ کے سرغنہ حافظ زین مہر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کارروائی کو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق زینی ڈکیت گینگ گزشتہ کئی ماہ سے علاقے میں چوری اور ڈکیتی کی مبینہ وارداتوں میں ملوث تھا۔ گزشتہ روز علی پور چٹھہ بائی پاس روڈ پر ڈکیتی کی واردات کے سلسلے میں ملزمان کی نشاندہی پر کارروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پیشہ ورانہ تفتیش کے دوران ملزمان نے موٹر سائیکلیں چھیننے سمیت متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ گینگ کا سرغنہ حافظ

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے ماہِ ستمبر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران و اہلکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے ماہِ ستمبر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران و اہلکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات نے کہا کہ محنت، لگن اور فرض شناسی سے اپنے فرائض سرانجام دینے والے پولیس افسران و اہلکاروں کی حوصلہ

خاتون اور بااثر افراد کی ریونیو ملازمین کی مبینہ ملی بھگت سے زرعی اراضی پر قبضہ کی کوشش متاثرین کا احتجاج تحقیقات کا مطالبہ

پاکپتن (نامہ نگار) خاتون اور بااثر افراد کی ریونیو ملازمین کی مبینہ ملی بھگت سے زرعی اراضی پر قبضہ کی کوشش متاثرین کا احتجاج تحقیقات کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کے علاقہ چک 6 ایس پی کے رہائشی متاثرہ خاندان منظور احمد جٹ، فیصل منظور جٹ غلام نبی وٹو، اہل علاقہ امام مسجد شوکت علی شیخ، پرنسپل گورنمنٹ سکول طارق بھنڈارا و دیگر درجنوں افراد نے احتجاج کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

شورکوٹ بار انتخابات: سابق صدر عطاء اللہ شیخ ایڈووکیٹ کا مہر توقیر مہدی کملانہ اور چوہدری معیز شفقت کے پینل کی حمایت کا اعلان

شورکوٹ بار انتخابات: سابق صدر عطاء اللہ شیخ ایڈووکیٹ کا مہر توقیر مہدی کملانہ اور چوہدری معیز شفقت کے پینل کی حمایت کا اعلان

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) شورکوٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر عطاء اللہ شیخ ایڈووکیٹ نے اپنے ساتھی وکلاء کے ہمراہ بار انتخابات میں صدارتی امیدوار مہر توقیر مہدی کملانہ ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری کے امیدوار چوہدری معیز شفقت ایڈووکیٹ اور ان کے پورے پینل کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا اس موقع پر چوہدری احسن ظفر ایڈووکیٹ، ساجد ہرگن ایڈووکیٹ، سابق صدر مہر شوکت سپرا ایڈووکیٹ، چوہدری شریف ثاقب ایڈووکیٹ، سردار شہروز حسین ایڈووکیٹ، مہر ظفر بھنگو ایڈووکیٹ، عثمان ظہور ایڈووکیٹ، رانا آصف مختار ایڈووکیٹ، حسن سواگ ایڈووکیٹ، محمد یحییٰ شیخ، خرم گیلانی ایڈووکیٹ، وقاص سلیم ایڈووکیٹ، چوہدری حبیب شفقت ایڈووکیٹ، محمد کاشف ایڈووکیٹ، چوہدری ممتاز ایڈووکیٹ اور شیخ مدثر مشتاق ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلاء بھی موجود تھے عطاء اللہ شیخ ایڈووکیٹ نے کہا کہ مہر توقیر مہدی کملانہ اور چوہدری معیز شفقت کا پینل وکلاء کے حقوق کے تحفظ، بار کی ترقی اور مسائل کے حل کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ ان کی حمایت کا مقصد وکلاء برادری میں اتحاد اور بار کی مضبوطی کو فروغ دینا ہے صدارتی امیدوار مہر توقیر مہدی کملانہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ وکلاء کا اعتماد ان کے لیے اعزاز ہے، کامیابی کی صورت میں بار کی بہتری اور وکلاء کے حقوق کے تحفظ کو ترجیح دی جائے گی جنرل سیکرٹری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

تھانہ حاجی پورہ پولیس کی کارروائی، تاجر سے اسلحہ کے زور پر بھتہ طلب کرنے والا اشتہاری ملزم گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ حاجی پورہ پولیس کی کارروائی، تاجر سے اسلحہ کے زور پر بھتہ طلب کرنے والا اشتہاری ملزم گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کے نوٹس پر تھانہ حاجی پورہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت سے ملزم فیضان عرف لاڈلہ جٹ کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف تاجر سے اسلحہ کے زور پر بھتہ طلب کرنے اور دھمکیاں دینے کی شکایت موصول ہوئی تھی جبکہ ملزم راہزنی کے مقدمہ میں اشتہاری تھا، تاجر برادری کا تحفظ اور محفوظ کاروباری ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں کو اسلحے اور دھمکیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

موہر سنگھ کنواں سانحہ: ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے 89 افسران واہلکاروں میں اعزازی شیلڈز اور اسناد تقسیم

عارفوالا (تحصیل رپوٹرر) موہر سنگھ کنواں سانحہ: ریسکیو آپریشن میں حصہ لینے والے 89 افسران و اہلکاروں میں اعزازی شیلڈز اور اسناد تقسیم تقریباً 23 گھنٹے طویل کٹھن آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیموں کو خراجِ تحسین، ٹیم ورک، قائدانہ صلاحیتوں اور فرض شناسی قابلِ تقلید ہے: ڈپٹی کمشنر آصف رضا ہنگامی اور ناگہانی صورتحال میں پیشہ ورانہ مہارت، قائدانہ صلاحیتوں، باہمی اشتراک اور فرض شناسی کا عملی مظاہرہ ہی مشکل ترین چیلنجز سے نمٹنے اور مؤثر نتائج کے حصول کی بنیاد بنتا ہے۔ موہر سنگھ کنواں سانحہ کے دوران تقریباً 23 گھنٹے جاری رہنے والے کٹھن ریسکیو آپریشن میں اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا ثوبیہ فلک کی سربراہی میں حصہ لینے والے تمام محکموں کے افسران و اہلکاروں نے جس عزم، حوصلے اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تقلید اور لائقِ تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے ڈی سی آفس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جہاں آپریشن میں حصہ لینے والے 89 افسران و اہلکاروں کو بہترین خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈز اور اسناد سے نوازا گیا۔ تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر آصف رضا اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز نے ریسکیو 1122 کے 25، ستھرا پنجاب ایجنسی عارفوالا کے 15، پیرا فورس عارفوالا کے 7 جبکہ محکمہ ریونیو سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے 42 افسران و اہلکاروں میں اعزازی شیلڈز اور اسناد تقسیم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

مہنگائی 'بیروزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، چوہدری آصف

کامونکے (تحصیل رپورٹر) کامونکے کی ہر دلعزیز شخصیت چوہدری آصف شفیق آرائیں نے کہا ہے کہ ملک بھر میں مہنگائی 'بیروزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے 'عام آدمی دو وقت کی روٹی کو ترس گیا۔ حکمرانوں کی ترجیح عوام نہیں ہے جب جب (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی اقتدار میں آئی ہیں غریب عوام کو مہنگائی 'بیروزگاری 'بھوک 'غربت 'ڈاکے 'ناکے 'فاقے 'خودکشیاں 'لوٹ مار کے تحفے دینے کے سوا کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی تھانہ سٹی جلالپور جٹاں کے علاقہ میں کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی تھانہ سٹی جلالپور جٹاں کے علاقہ میں کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے، فوری دادرسی اور قانونی کارروائی کے احکامات جاری، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تھانہ سٹی جلالپور جٹاں کے علاقہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔ ڈی پی او گجرات نے شہریوں کے مسائل اور شکایات فرداً فرداً سنیں اور موقع پر موجود متعلقہ افسران کو میرٹ پر فوری دادرسی اور قانون کے مطابق کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی، جان و مال کے تحفظ اور عوامی خدمت کو اولین ترجیح دی جائے۔ تھانوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور عزت و احترام سے پیش آیا جائے جبکہ ان کی شکایات پر بلاتاخیر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر سننا، فوری دادرسی کو یقینی بنانا اور پولیس و عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں کو

پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2 کلو 460 گرام چرس برآمد کر لی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2 کلو 460 گرام چرس برآمد کر لی، ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ اوکانوالہ بنگلہ انسپکٹر حسن ممتاز کی زیرِ نگرانی پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم جمیل سے 1220 گرام جبکہ ملزم سجاد سے 1240 گرام چرس برآمد کر لی، دونوں ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

میاں محمد نواز شریف سے مسلم لیگ (ن) یورپ کے کوآرڈینیٹر برائے پولیٹیکل افیئر ز قمر ریاض خان نے لندن، برطانیہ میں ایک اہم اور خوشگوار ملاقات کی

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سابق وزیراعظم پاکستان اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف سے مسلم لیگ (ن) یورپ کے کوآرڈینیٹر برائے پولیٹیکل افیئر ز قمر ریاض خان نے لندن، برطانیہ میں ایک اہم اور خوشگوار ملاقات کی۔ ملاقات میاں محمد نواز شریف کی میزبانی میں ناشتے کی میز پر ہوئی، جہاں ملکی و بین الاقوامی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر میاں محمد نواز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ موجودہ عالمی اور معاشی حالات کے تناظر میں حکومت پاکستان عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ دستیاب وسائل اور موجودہ حالات کے اندر رہتے ہوئے عوامی مشکلات میں کمی لانے اور ملکی معاملات کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی اور ان شاء اللہ آنے والے وقت میں صورتحال میں بہتری آئے گی۔ ملاقات کے دوران پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں اور عالمی سطح پر ملک کے کردار پر بھی تبادلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

سیالکوٹ: میاں محمد نواز شریف سے مسلم لیگ (ن) یورپ کے کوآرڈینیٹر برائے پولیٹیکل افیئر ز قمر ریاض خان نے لندن، برطانیہ میں ایک اہم اور خوشگوار ملاقات کی

شیر گڑھ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار سیاسی جماعتیں اور انتظامیہ مسئلہ حل کرنے میں ناکام گٹروں کا گندا پانی سڑک پر جمع وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) شیر گڑھ بائی پاس عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جگہ جگہ گہرے گڑھے بن چکے ہیں جبکہ گٹروں کا گندا پانی سڑک پر جمع ہو کر تالاب کی شکل اختیار کر گیا ہے، جس کے باعث شہریوں مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑک کی خستہ حالی اور گندے پانی کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے بلکہ شہریوں میں بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ بھی بڑھ رہا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں اور متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے تاحال مؤثر اقدامات سامنے نہیں آسکے، جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کی توجہ بھی اس مسئلے کو حل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)



شیر گڑھ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار سیاسی جماعتیں اور انتظامیہ مسئلہ حل کرنے میں ناکام گٹروں کا گندا پانی سڑک پر جمع وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کا تعزیتی اجلاس

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کے سابق صدر رائے عرفان احمد کھرل کی خوش دامن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا اجلاس میں مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی اللہ پاک مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین یارب العالمین تعزیتی اجلاس میں گیمبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

تحصیل بھر میں ایل پی جی گیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، فی کلو 500 سے 600 روپے میں فروخت ہو رہی ھے

پتوکی (نامہ نگار) تحصیل بھر میں ایل پی جی گیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، فی کلو 500 سے 600 روپے میں فروخت ہو رہی ھے بلیک میں گیس کی فروخت سے غریب شہری پریشان، دو وقت کا کھانا پکانا بھی مشکل ہو گیا، اعلیٰ حکام سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پتوکی شہر اور گردونواح میں گیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ شہریوں کے مطابق علاقے میں گیس 500 سے 600 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کی جا رہی ہے، جس کے باعث مہنگائی کے ستائے غریب اور متوسط طبقے کے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ پہلے ہی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں، جبکہ گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے گھریلو بجٹ کو مزید متاثر کر دیا ہے۔ گیس مہنگی ہونے کے باعث غریب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

معروف روحانی بزرگ پیر سید ہاشم علی شاہ بخاری کے عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات 24 اکتوبر کو شروع ہوں گی، پیر سید حاجی اصغر علی شاہ

پاکپتن (نامہ نگار) معروف روحانی بزرگ پیر سید ہاشم علی شاہ بخاری کے عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات 24 اکتوبر کو شروع ہوں گی، ان خیالات کا اظہار آستانہ عالیہ کے سجادہ نشین پیر سید حاجی اصغر علی شاہ بخاری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صاحبزادہ سید شہزاد سلطان ایوب بخاری، صاحبزادہ سید عثمان پیرزادہ بخاری، صاحبزادہ سید حیدر امام بخاری بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ آستانہ عالیہ قادریہ پیر سید ہاشم علی شاہ بخاری، پیر سید صفدر علی شاہ بخاری چک نمبر 2 کے بی بلوچاں والا ہوتہ روڈ پاکپتن میں ہونے والے عرس مبارک میں مولانا مفتی افضال حسین نقشبندی فیصل آباد خصوصی خطاب کرینگے، زوالفقار قمر فریدی، سید چن شاہ بخاری، زرنین حیدر الحسینی، محمد حسن نور قادری ہدیہ نعت اور معروف نقیب عابد حسین قادری نقابت کے فرائض سرانجام دینگے، عرس مبارک میں ممبر قومی اسمبلی میاں احمد رضا خان مانیکا، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

دیپالپور: الجنت سٹی میں شہری کے پلاٹ پر مسلح قبضہ کی کوشش، جان سے مارنے کی دھمکیاں، شہری کی SHO سٹی دیپالپور کو اندراج مقدمہ کی درخواست

دیپالپور (امام دین نامہ نگار) محلہ اسلام پورہ دیپالپور کے رہائشی ریاض حسین ولد محمد شریف نے تھانہ سٹی دیپالپور میں درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ مورخہ 2026-10-22 بوقت 30:10 بجے صبح وہ اپنے ذاتی ملکیتی پلاٹ نمبر 79 الجنت سٹی دیپالپور میں موجود تھا کہ ملزمان راؤ ذیشان ولد خلیل اختر، راؤ ناصر اور 4 کس نامعلوم مسلح افراد نے زبردستی پلاٹ میں گھس کر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ درخواست گزار کے مطابق ملزمان نے اسلحہ تان کر اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں اور کہا کہ پلاٹ خالی کر دو ورنہ فائر مار کر قتل کر دیں گے۔ شور واویلا پر اہل علاقہ میاں محمد جاوید و دیگر اکٹھے ہو گئے جنہوں نے بیچ بچاؤ کرایا۔ ملزمان دھمکیاں دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ ریاض حسین نے بتایا کہ وجہ عناد اس کے ملکیتی پلاٹ پر ناجائز قبضہ کرنا ہے اور اس سے قبل 2026-09-27 کو بھی اسے دھمکیاں دی گئی تھیں۔ وقوعہ کے فوری بعد 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع بھی دی گئی۔ شہری نے SHO سٹی دیپالپور اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کے خلاف ناجائز تجاوز، اسلحہ کے زور پر دھمکیاں اور جان سے مارنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

سعدیہ ہما شیخ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن سرگودھا ڈویژن کی وائس چیئرپرسن منتخب

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) نامور رائیٹر، شاعرہ، سوشل ورکر اور ہائی کورٹ کی ایڈووکیٹ سعدیہ ہما شیخ کو متفقہ طور پر تائیکوانڈو ایسوسی ایشن سرگودھا ڈویژن کا وائس چیئرپرسن منتخب کر لیا گیا ہے۔ وہ اس سے قبل سرگودھا بار کی نائب صدر کے طور پر بھی فرائض سرانجام دے چکی ہیں۔ سعدیہ ہما شیخ کا شمار سرگودھا کی فعال اور جرا?ت مند شخصیات میں ہوتا ہے، جو بیک وقت قانون، ادب اور سماجی خدمات کے میدان میں نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ بطور ایڈووکیٹ ہائی کورٹ انہوں نے قانونی شعبے میں اور بطور سوشل ورکر فلاحی سرگرمیوں میں ہمیشہ بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ اس کے علاوہ ادبی حلقوں میں ان کی شاعری اور تحریریں بھی خاصی پذیرائی حاصل کرتی ہیں۔ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن سرگودھا ڈویژن کی وائس چیئرپرسن منتخب ہونے پر کھیلوں سے وابستہ شخصیات، وکلاء برادری، ادبی حلقوں اور شہریوں نے انہیں مبارکباد پیش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی تھانہ صدر رینالہ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے، فوری قانونی کارروائی کے احکامات جاری

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے تھانہ صدر رینالہ خورد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات براہِ راست ڈی پی او کے سامنے پیش کیے۔ ڈی پی او نے شہریوں کی شکایات کو سنا اور ان کے فوری اور قانونی ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے انچارج کمپلینٹ سیل انسپکٹر ریحانہ کوکب کو تمام درخواستوں کا باقاعدگی سے فالو اَپ لینے اور ان پر ہونے والی کارروائی کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی رینالہ سرکل غازی آصف بیگ اور ایس ایچ او تھانہ صدر رینالہ ظفر اقبال و ایس ایچ او سٹی جہانزیب وٹو بھی موجود تھے۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کا بروقت ازالہ اور پولیس و عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں کی شکایات کا میرٹ پر حل اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنانا اوکاڑہ پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔

آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ گوجرانوالا کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین ڈسٹرکٹ گوجرانوالا چوہدری سفیان ریاض وڑائچ نمبردار منعقد

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ گوجرانوالا کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین ڈسٹرکٹ گوجرانوالا چوہدری سفیان ریاض وڑائچ نمبردار منعقد ہوا اجلاس میں آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن ڈویژن گوجرانوالا کے سرپرست اعلیٰ مشتاق احمد گورایہ نمبردار۔ چیرمین ڈویژن گوجرانوالا عبدالجبار چیمہ۔ عمران اکبر چہل نمبردار جنرل سیکرٹری ڈویژن گوجرانوالا۔ سرپرست اعلیٰ ڈسٹرکٹ گوجرانوالا شمس الحق مینلہ نمبردار۔ ضلعی صدر میاں غلام مصطفی نمبردار۔ ضلعی جنرل سیکرٹری بلال حسین راں نمبردار۔ نائب صدور ڈسٹرکٹ گوجرانوالا حاجی طارق محمود تارڑ نمبردار۔ میاں محمد ارشد نمبردار۔ چیرمین تحصیل نوشہرہ ورکاں شہزاد شوکت گورایہ نمبردار۔ تحصیل صدر محمد رزاق باٹھ نمبردار۔ جنرل سیکرٹری تحصیل نوشہرہ ورکاں محمد اسلم گجر نمبردار۔ سرپرست اعلیٰ تحصیل نوشہرہ ورکاں محمد آصف گجر نمبردار۔ رضا تحریم سیکھو نمبردار ممبر مشاورتی کمیٹی گوجرانوالا۔ ڈسٹرکٹ میڈیا کوآرڈینیٹر تصور حسین چیمہ نمبردار۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

خاتون اول مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو ایک عظیم، جرات مند اور بہادر خاتون تھیں، ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) خاتون اول مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو ایک عظیم، جرات مند اور بہادر خاتون تھیں جنہوں نے جنرل ضیاء الحق کے بدترین مارشل لاء میں جمہوریت، آئین و قانون کی بحالی اور انسانی حقوق کی خاطر لازوال جدوجہد کی اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں انہوں نے اپنے شوہر سابق وزیراعظم قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے بعد پارٹی کی قیادت سنبھالی اور ضیاء ڈکٹیٹر شپ کا مقابلہ بڑی پامردی، استقامت، جرات مندی اور بہادری سے کیا ان کی لازوال جدوجہد اور قربانیاں ہماری سیاسی و جمہوری تاریخ کا ایک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا تھانہ سمبڑیال اور پولیس خدمت مرکز سمبڑیال کا سرپرائز وزٹ

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا تھانہ سمبڑیال اور پولیس خدمت مرکز سمبڑیال کا سرپرائز وزٹ۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سمبڑیال سجاد احمد باجوہ، ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال انسپکٹر میاں عبدالرزاق بھی ہمراہ ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے تھانہ میں آنے والے شہریوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ پولیس خدمت مرکز میں شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ دوران وزٹ تھانہ کی عمارت، صفائی ستھرائی اور ریکارڈ کی تکمیل کے حوالے سے بھی ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔

کمشنر بابر صاحب دین کا میونسپل باغ کا دورہ، نیو بیوٹیفکیشن سکیم پر کام تیز کرنے کی ہدایت

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل/ ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین نے میونسپل کمیٹی باغ کا دورہ کیا جہاں چیف آفیسر ضلع کونسل مہر محمد اکرم بھروانہ نے انہیں باغ میں بیوٹیفکیشن سکیم کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین نے بیوٹیفکیشن سکیم کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

عرس مبارک خواجہ خواجگان حضرت خواجہ غریب نواز محمد معین الدین حسن چشتی اور 8 واں فخر اولیاء سیدی شمس الفقہاء خواجہ پیر محمد احمد فریدی چشتی نظامی بانی دارالعلوم جامعہ فریدیہ نظامیہ اکتوبر کو شان و شوکت سے منایا جائے گا

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) عرس مبارک خواجہ خواجگان حضرت خواجہ غریب نواز محمد معین الدین حسن چشتی اور 8 واں فخر اولیاء سیدی شمس الفقہاء خواجہ پیر محمد احمد فریدی چشتی نظامی بانی دارالعلوم جامعہ فریدیہ نظامیہ اکتوبر کو شان و شوکت سے منایا جائے گا صاحبزادہ پیر مفتی حاجی محمد امجد فریدی چشتی نظامی تفصیلات کے مطابق جامعہ فریدیہ نظامیہ کے پرنسپل صاحبزادہ پیر مفتی حاجی محمد امجد فریدی چشتی نظامی نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عرس مبارک کی روحانی محفل میں تلاوت قرآن پاک فضیلۃ الشیخ قاری رجا ایوب (تنزانیہ) زینت القرہ صاحبزادہ قاری محمد شاہد فریدی چشتی نظامی نامور علماء کرام علامہ حافظ محمد عمران آسی مولانا مفتی محمد شفیق چشتی مولانا مخدوم سید پیر سوہنا ماہی صاحبزادہ پیر مفتی ڈاکٹر معین شہزاد سمیت جید علماء کرام اور ملک بھر سے ہزاروں مریدین و مخلصین قافلوں کی شکل میں شرکت کریں گے علاوہ ازیں محفل سماع کا بھی اہتمام کیا گیا ہے ملک کے معروف قوال بدر میانداد کے صاحبزادے شاہ زیب بدر میانداد و ہمنوا شرکت کریں گے۔

29 سالہ رخسانہ کی بھٹہ خشت کے نزدیک جھاڑیوں میں کھڑے پانی سے رخسانہ کی لاش برآمد

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) تھانہ گلیانہ کے رہائشی نیاز علی نے پولیس کو اطلاع دی کہ اس کی 29 سالہ بیٹی رخسانہ کی شادی چھ سال قبل کاشف علی سے ہوئی تھی، تاہم میاں بیوی کے درمیان اکثر لڑائی جھگڑا رہتا تھا۔ اسی وجہ سے رخسانہ گزشتہ ایک ماہ سے ناراض ہو کر اپنے والدین کے گھر رہ رہی تھی اور اس نے اپنے شوہر سے خلع لینے کے لیے عدالت میں دعویٰ بھی دائر کر رکھا تھا۔ مورخہ 20 اکتوبر کو کاشف علی اپنے سسرال ا?یا اور رخسانہ کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گیا۔ بعد ازاں جب اہل خانہ نے رخسانہ سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تو اس کا موبائل فون مسلسل بند ملا، جس پر انہیں تشویش لاحق ہوئی اور انہوں نے اس کی تلاش شروع کر دی۔ تلاش کے دوران گھر کے قریب واقع بھٹہ خشت کے نزدیک جھاڑیوں میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

15 سالہ معصوم بچی سے اسلحہ کے زور پر اغوا کر کے زیادتی، ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا

عارف والہ (کرائم رپورٹر) 15 سالہ معصوم بچی سے اسلحہ کے زور پر اغوا کر کے زیادتی، ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، تفصیل کے مطابق، عارف والہ کے نواحی گاؤں 59 ای بی کی رہائشی 15 سالہ لڑکی کو مبینہ طور پر اسلحے کے زور پر اغوا کر کے جنسی زیادتی کا نشانہ بنانا دیا گیا۔ ملزم عبدالساجد نے ساتھی ملزم کے ہمراہ زبردستی اسلحہ کے زور پر لڑکی کو گھر سے زبردستی اغوا کیا۔ ملزمان لڑکی کو کھیتوں میں لے گئے، جہاں اسے مبینہ طور پر اسلحے کے زور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ چچا کی مدعیت میں تھانہ سٹی عارف والہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے، کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

واسا صارفین کی شکایات کا ازالہ اور بلوں کی درستگی ادارے کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ندیم اسحاق بھٹی

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) واسا صارفین کی شکایات کا ازالہ اور بلوں کی درستگی ادارے کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ندیم اسحاق بھٹی۔ پرائیویٹ سکول ٹیچرز سمیت تمام صارفین کے بلوں کی درستگی ضروری ہے تاکہ کسی کو غیر ضروری پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ رفیق رحمانی۔ واسا کے بلوں کی درستگی اور پرائیویٹ سکول ٹیچرز کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اساتذہ کے واسا بلوں سے متعلق مسائل اور ان کے ازالے کے لیے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

آنکھوں کی بہت سے بیماریوں خصوصا سفید اور کالا موتیا کے اثرات بروقت معائنہ کرانے سے دور کئے جا سکتے ہیں، ڈاکٹر مظہر سعید

پاکپتن (نامہ نگار) معروف ماہر امراض چشم ڈاکٹر مظہر سعید نے کہا ہے کہ آنکھوں کی حفاظت زندگی کی حفاظت ہے جس پر سب سے زیادہ توجہ دی جانی چاہیے، آنکھوں کی بہت سے بیماریوں خصوصا سفید اور کالا موتیا کے اثرات بروقت معائنہ کرانے سے دور کئے جا سکتے ہیں، ہر شخص سال میں ایک بار آنکھوں کا معائنہ ضرور کروائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے کلینک کینال روڈ گرین ٹاؤن پر عالمی یوم بصارت کے حوالے سے گفتگو کرتے کیا انہوں نے کہا کہ آنکھوں کی حفاظت پر مکمل توجہ دیں اور بصارت میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری ڈاکٹر سے رجوع کریں تاکہ بروقت علاج کرایا جا سکے شوگر اور بلڈ پریشر کے مریض آنکھوں کی بیماریوں سے متعلق خصوصی احتیاط کریں کیونکہ ایسے مریضوں کو آنکھوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

حاجی طارق محمود تارڑ نمبردار کو آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ گوجرانوالا کا نائب صدر بننے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے حاجی طارق محمود تارڑ نمبردار کو آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ گوجرانوالا کا نائب صدر بننے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں حاجی عصمت اللہ تارڑ آف کوٹ لدھا اور چوہدری محمد آصف تارڑ آف کوٹ لدھا نے نو منتخب نائب صدر حاجی طارق محمود تارڑ نمبردار کو ان کی رہائش گاہ پر جا کر پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مبارکباد دی حاجی عصمت اللہ تارڑ آف کوٹ لدھا نے صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طارق محمود تارڑ نمبردار ایک سچا اور مخلص آدمی ھے غریبوں اور محتاجوں مسکینوں بے سہارا لوگوں کی خدمت کر کے فخر محسوس کرتا ھے اب امید ھے پہلے سے زیادہ بڑھ کر عوام کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

ایم آر ڈی تحریک کی بانی بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی شخصیت اور پاکستان پیپلز پارٹی پاکپتن کے ضلعی جنرل سیکرٹری بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی پہلی خاتون چیئرپرسن اور ایم آر ڈی تحریک کی بانی بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بیگم نصرت بھٹو جمہوریت کیلئے سب کچھ قربان کرنے کی علامت ہیں، مسلسل چیلنجز کے باوجود ان کا عزم اور ہمت ان کی غیر معمولی میراث کا ثبوت ہے، وہ ایک عہد ساز شخصیت تھیں ان کے اقدار اور جدوجہد ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی پہلی خاتون چیئرپرسن اور ایم آر ڈی تحریک کی بانی بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر پارٹی کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آج ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم اسی جراٗت اور عزم و استقلال کے ساتھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 157 واں اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 157 واں اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس میں ادویات کی فروخت سے متعلق قوانین کی خلاف ورزیوں اور میڈیکل اسٹورز کے خلاف موصولہ کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، سیکرٹری بورڈ فرح مجید، ماہر ادویات ڈاکٹر اعجاز احمد اور چاروں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مجموعی طور پر 28 کیسز کی سماعت کی گئی، جن میں بغیر ڈرگ سیل لائسنس ادویات کی فروخت، ممنوعہ و غیر رجسٹرڈ ادویات کی موجودگی اور زائد المعیاد ادویات کی فروخت جیسے سنگین نوعیت کے معاملات زیر غور آئے۔ بورڈ نے قوانین کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کرتے ہوئے 11 کیسز کے چالان ڈرگ کورٹس بھجوانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

سیالکوٹ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 157 واں اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد

تھانہ سیدوالہ کے علاقے موضع کنڈ رحم شاہ کے قریب دریائے راوی کے کنارے سے 17 سے 18 سالہ نامعلوم لڑکی کی لاش برآمد

ننکانہ صاحب (غلام سرور) تھانہ سیدوالہ کے علاقے موضع کنڈ رحم شاہ کے قریب دریائے راوی کے کنارے سے 17 سے 18 سالہ نامعلوم لڑکی کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

تھانہ سیدوالہ کے علاقے موضع کنڈ رحم شاہ کے قریب دریائے راوی کے کنارے سے 17 سے 18 سالہ نامعلوم لڑکی کی لاش برآمد

چناب کالج شورکوٹ کی طالبہ اریبہ کاشف رانا کی پہلی پوزیشن

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) چناب کالج گرلز کیمپس شورکوٹ کی فرسٹ ایئر کی طالبہ اریبہ کاشف رانا نے شاندار تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پورے کیمپس میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی کالج انتظامیہ اور اساتذہ نے طالبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کامیابی کو اس کی محنت اور لگن کا ثمر قرار دیا اریبہ کاشف رانا نے اپنی کامیابی کو والدین کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

دو ٹرانسپورٹ گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ، ایک شخص جاں بحق

عارف والہ (کرائم رپورٹر) دو ٹرانسپورٹ گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ، ایک شخص جاں بحق، تفصیل کے مطابق، سٹی عارف والہ بس اسٹینڈ پر مبینہ طور پر دو ٹرانسپورٹ گروپس کے درمیان تصادم کا واقعہ ہوا، شرعام فائرنگ کے تبادلہ میں ایک شخص انوار نامی فائر لگنے سے جاں بحق ہو گیا، دو سے تین افراد کے زخمی شدید زخمی ہو گئے، ایک شخص زخمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے، نہ لعنت کرنے والا، نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.........(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکمِ اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

گوادر میں دہشت گردوں کے حملے ناکام، خاتون سمیت 10 دہشت گرد ہلاک

سکیورٹی فورسز نے گوادر میں دہشت گردی کی کوششیں ناکام بناتے ہوئے خاتون دہشت گرد سمیت 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک شہری شہید ہوگیا۔ کارروائیوں کے دوران چند گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، تاہم سکیورٹی فورسز کا کوئی اہلکار شہید نہیں ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 22 اکتوبر 2026 کو بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں نے ضلع گوادر میں گبد بارڈر کراسنگ اور گوادر شہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے کی کوشش کی۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنانے، شہریوں کی حفاظت اور علاقے کو کلیئر کرانے کے لیے گوادر شہر اور گردونواح میں کلیئرنس آپریشنز کیے۔ مختلف جھڑپوں کے دوران 10 دہشت گرد مارے گئے، جس کے بعد علاقے میں امن و امان بحال کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ حملے میں ایک بلوچ خاتون کو استعمال کیا جانا قابلِ مذمت ہے۔ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لیے بلوچ خواتین کا استحصال کررہی ہیں، جو بلوچ اور اسلامی روایات کے منافی ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے نام پر خون بہانے والوں کو مسلسل مسترد کرتے آئے ہیں اور دہشت گردوں کے ان ہتھکنڈوں کو بھی پہچان لیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق قومی ایکشن پلان پر وفاقی اپیکس کمیٹی کے منظور کردہ وژن 'عزمِ استحکام' کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ جبکہ اسلام آباد: آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز، پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔

چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان — منصب، مروّت اور معرکہ خدمت

بعض ہستیاں اپنے منصب کی عظمت سے نہیں،
بلکہ اپنے کردار کی رفعت، مزاج کی شائستگی اور طرزِ عمل کی ایسی دل نشیں انفرادیت
سے پہچانی جاتی ہیں
جو منصب کو بھی وقارِ دوام عطا کردے؛ ایسے ہی اہلِ منصب اپنے حسنِ کردار، وسعتِ ظرف،
متانتِ گفتار اور شائستگیِ رفتار سے اپنے عہدے کو اعتبار و وقار بخشتے ہیں۔ انتظامی مسند پر متمکن کسی صاحبِ اختیار کی اصل امتیازی شان یہ ہے کہ اس کے فیصلوں میں تدبر،
رویّے میں مروّت،
نگاہ میں وسعت اور سلوک میں وہ انکسار جلوہ گر
ہو
جو بڑے عہدے کو عام آدمی کے لیے باعثِ ہیبت نہیں،
موجبِ اعتماد بنا دے۔ چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی شخصیت کا قابلِ ذکر پہلو ان کا مشفقانہ
اور متواضعانہ اندازِ ملاقات ہے،
جس میں منصبی تفاخر کے بجائے
خندہ پیشانی،
تکریمِ انسانیت اور حسنِ سلوک نمایاں دکھائی دیتا
ہے۔

ایسے طرزِ عمل کی تحسین اس لیے بھی ضروری ہے کہ انتظامی ذمہ داریوں کی کثرت کے باوجود ہر شخص کو عزت اور توجہ سے سننا
اور اس سائل کے ساتھ شائستگی سے پیش آنا ایک قابلِ قدر وصف ہے۔
جناب زاہد اختر زمان نے 24 جنوری 2023ء کو چیف سیکریٹری پنجاب کی ذمہ داریاں سنبھالیں۔
اس سے قبل وہ بورڈ آف ریونیو کے سینئر ممبر،
جنوبی پنجاب کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری، سیکریٹری ابتدائی و ثانوی صحت اور ڈائریکٹر جنرل لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی سمیت مختلف اہم انتظامی مناصب پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان ذمہ داریوں کا تنوع اس حقیقت کی نشان دہی کرتا ہے
کہ صوبائی انتظامیہ میں ان کا کردار محض ایک منصب تک محدود نہیں،
بلکہ مختلف شعبہ ہائے حکومت کے عملی تجربے سے بھی عبارت ہے۔
صوبائی نظم و نسق کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے دفتری امور کی
برقی تشکیل ایک اہم قدم ہے
جناب زاہد اختر زمان کی جہاں بھی پوسٹنگ ہوئی انہوں نے وہاں عوامی فلاح و بہبود کیلیے بہترین اقدامات کر کے پاکستان بھر کے عوام کے دلوں میں جگہ بنائی۔
اس کے علاوہ
میں کسی بڑے ادمی کی تو بات نہیں کرتا لیکن میں یہ ضرور کہوں گا
کہ جب بھی کوئی غریب سائل جناب زاہد اختر کی خدمت حاضر ہوا ہے
انہوں نے بہت مشفقانہ رویے سے پیار سے عزت سے ان کی بات سنی
اور مسئلہ حل کیا
یہ بڑی بات ہوتی ہے کہ اتنی بڑے عہدے پہ بیٹھنے والا افسر ایک عام سے سادہ مزاج سے اور غریب ادمی کو اتنی عزت دے جناب زاہد اختر زمان نے بہت سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات اٹھائے ان کے ترقیاتی کاموں یہ تفصیل بہت لمبی ہے
۔دسمبر 2023ء ؁ میں متعارف کرائے گئے برقی دفتری نظام ای فوس (eFos) کے تحت سمریوں،
دفتری نوٹنگ، مراسلت، اجلاسوں اور سرکاری ریکارڈ کو روایتی کاغذی طریق؟ کار سے نکال کر ڈیجیٹل نظام سے منسلک کرنے کی کوشش کی گئی۔ کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کے دفاتر سمیت مختلف انتظامی اکائیوں کو اس نظام کی طرف منتقل ہونے کی
ہدایات دی گئیں۔
اس اقدام کی اہمیت محض کاغذ کی بچت تک محدود نہیں؛
اس کا اصل مقصد دفتری کارروائی میں سرعت، ریکارڈ کی دستیابی، ذمہ داری کے تعین اور غیر ضروری تاخیر کے امکانات میں کمی لانا ہے
۔تاہم کسی بھی اصلاح کی حقیقی کامیابی اس وقت سامنے آتی ہے
جب اس کے ثمرات سرکاری دفاتر کی روزمرہ کارکردگی میں بھی محسوس ہوں۔

سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت بھی صوبائی انتظامیہ کی ایک بنیادی ضرورت ہے۔
برقی خریداری کے نظام کے ذریعے سرکاری ٹھیکوں، خریداری اور ٹینڈرنگ کے مراحل کو آن لائن طریق؟ کار سے مربوط کرنے کی کوشش کی گئی
، تاکہ معاملات میں شفافیت بڑھے اور غیر ضروری صوابدیدی مداخلت کے امکانات کم ہوں
۔ جولائی 2026ء ؁ میں شائع ہونے والی ایک اخباری رپورٹ کے مطابق،
حکومتی بریفنگ میں مالی سال 2025-26ء ؁ کے دوران اس نظام سے تقریباً ستر ارب روپے کی بچت کا تخمینہ پیش کیا گیا۔ حباس رقم کو ایک رپورٹ شدہ سرکاری تخمینے کے طور پر دیکھنا چاہیے؛
اس کی حتمی حیثیت کے تعین کے لیے آزادانہ جانچ اور مستند مالیاتی تصدیق اہم ہے۔ بہرحال، سرکاری خریداری میں مسابقت، شفافیت اور مؤثر نگرانی کا فروغ ایک ایسا مقصد ہے جس کی افادیت سے انکار ممکن نہیں۔
انتظامی اصلاحات کا ایک اور اہم پہلو انسانی وسائل سے متعلق امور کو جدید نظام کے تحت لانا ہے۔ دسمبر 2024ء ؁ میں سرکاری ملازمین کی سالانہ کارکردگی رپورٹس، رخصتوں، تبادلوں اور پنشن جیسے معاملات کو برقی نظام سے مربوط کرنے کے لیے ہدایات جاری کی گئیں۔
اس نوعیت کے اقدامات سے دفتری ریکارڈ کی ترتیب، درخواستوں کی پیروی اور کارروائی کے مراحل میں سہولت پیدا ہوسکتی ہے۔
اسی طرح ترقیاتی منصوبوں کی تیسرے فریق سے توثیق اور مختص فنڈز کے بروقت استعمال پر توجہ اس امر کی جانب اشارہ کرتی ہے کہ ترقیاتی کاموں کو محض کاغذی پیش رفت کے بجائے
عملی نتائج
سے جانچنے کی ضرورت تسلیم کی جارہی ہے۔
اصل امتحان یہی ہے کہ منصوبے مقررہ وقت میں مکمل ہوں، معیار برقرار رہے اور عوامی سرمایہ حقیقی ضرورتوں پر صرف ہو۔
کاروباری سرگرمیوں اور سرکاری اجازت ناموں کے حصول میں سہولت پیدا کرنا
بھی ایک اہم انتظامی تقاضا ہے۔
برقی سہولتوں کے پورٹل کے ذریعے مختلف سرکاری خدمات کو ایک مربوط راستے پر لانے کی کوشش کی گئی ہے۔
جولائی 2026ء ؁ کی ایک اخباری رپورٹ میں اس پورٹل پر 420 خدمات،
ایک لاکھ چھ ہزار سے زائد درخواستوں اور تقریباً نوے ہزار درخواستوں پر کارروائی کے اعداد و شمار بیان کیے گئے۔ یہ اعداد و شمار متعلقہ رپورٹ کے وقت سے وابستہ ہیں، تاہم ان سے اس نظام کے دائر؟ کار اور استعمال کا اندازہ ضرور ہوتا ہے۔
اسی طرح مریم کی دستک درخواست کے ذریعے منتخب سرکاری خدمات شہریوں کی دہلیز تک پہنچانے کا تصور انتظامی سہولت کاری کی ایک اہم جہت ہے۔
اگر ایسے نظام عام شہری کے وقت، اخراجات اور دفتری چکروں میں حقیقی کمی پیدا کریں تو یہی اصلاحات کی سب سے نمایاں کامیابی ہوگی۔
زمین اور جائیداد کے ریکارڈ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی کوششیں بھی قابلِ توجہ ہیں۔ پنجاب میں شہری اراضی کے نظام کو بہتر بنانے اور جائیداد کی رجسٹریشن کے عمل کو برقی سہولتوں سے مربوط کرنے کے منصوبوں کا مقصد ریکارڈ کی درستگی
، معلومات تک رسائی اور معاملات میں شفافیت کو فروغ دینا ہے۔
زمین سے متعلق امور عام شہری کی زندگی میں غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں؛ یہاں ریکارڈ کی معمولی غلطی بھی برسوں کے تنازعات، مالی نقصان اور ذہنی اذیت کا سبب بن سکتی ہے۔
اس لیے ضروری ہے کہ جدید نظام کے ساتھ شکایات کے ازالے،
ریکارڈ کی اصلاح اور متاثرہ شہری کی دادرسی کے مؤثر راستے بھی موجود ہوں۔
یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ صوبائی سطح کی ایسی اصلاحات کسی ایک شخصیت کی انفرادی

کاوش کا نتیجہ نہیں ہوتیں۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، انتظامی سیکریٹریوں، کمشنروں،
ڈپٹی کمشنروں، متعلقہ محکموں اور ہزاروں سرکاری اہلکاروں کی محنت
ان اقدامات کو عملی صورت دینے میں حصہ لیتی ہے۔
چیف سیکریٹری کی ذمہ داریوں میں سمت کا تعین، محکموں کے درمیان ربط، پیش رفت کی نگرانی اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے انتظامی مشاورت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔
کسی ادارے کی کامیابی اسی وقت پائیدار بنتی ہے
جب قیادت کی رہنمائی اور عملے کی محنت ایک دوسرے کی تقویت بنیں۔
اور نہ کسی دفتر تک بار بار پہنچنے کے وسائل، اپنی شکایت آسانی سے درج کرا سکتا ہے؟ کیا اسے اپنی درخواست کی پیش رفت معلوم ہوسکتی ہے؟ کیا مقررہ مدت میں اسے جواب ملتا ہے، اور اگر اس کی داد رسی نہ ہو تو وہ کس دروازے پر دستک دے؟
انتظامی اصلاحات کی اصل قدر اسی وقت سامنے آتی ہے جب ان سوالات کے تسلی بخش جواب عام شہری کو اپنے تجربے سے ملتے ہیں جدید نظام اور برقی سہولتیں اپنی جگہ اہم ہیں،
مگر ان کی کامیابی کا سب سے معتبر پیمانہ یہ ہے کہ کمزور اور بے وسیلہ شہری بھی خود کو ریاستی نظام میں سنا ہوا، محفوظ اور باعزت محسوس کرے۔

سرکاری افسران کی خدمات کا اعتراف بھی ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔
تنقید اپنی جگہ ضروری ہے،
مگر جہاں کوئی اقدام بہتری کی صورت پیدا کرے، وہاں اس کی معروضی تحسین میں بخل نہیں ہونا چاہیے۔ اسی طرح تعریف کو حقیقت سے مربوط رکھنا بھی اتنا ہی اہم ہے؛
منصب کتنا ہی بلند کیوں نہ ہو،
ہر نظام کو مسلسل احتساب،
اصلاح اور عوامی جواب دہی کی ضرورت رہتی ہے۔ کسی افسر کی اصل کامیابی صرف جاری کردہ احکامات، منعقدہ اجلاسوں یا مرتب کردہ اعداد و شمار سے نہیں، بلکہ اس تبدیلی سے ناپی جانی چاہیے جو عام آدمی کے تجربے میں محسوس ہو۔
یہاں ایک بنیادی سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے:
کیا ایک غریب سائل، جس کے پاس نہ کسی بااثر شخص کی سفارش ہے
چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان کے زیرِ نگرانی جاری انتظامی اصلاحات اور ان کے شائستہ طرزِ ملاقات کے قابلِ تحسین پہلو
اس امید کو تقویت دیتے ہیں کہ سرکاری نظم و نسق کو مزید مؤثر، جواب دہ اور عوام دوست بنایا جا سکتا ہے۔
دعا ہے کہ یہ کوششیں تسلسل، دیانت اور عزم کے ساتھ آگے بڑھیں، محکموں کی کارکردگی میں حقیقی بہتری آئے
اور ان کے ثمرات بڑے شہروں سے نکل کر دور افتادہ بستیوں، دیہی علاقوں اور ان لوگوں تک بھی پہنچیں جن کی آواز عموماً دفتری راہداریوں میں دب کر رہ جاتی ہے۔ منصب کی حقیقی سربلندی اسی وقت ہے جب اختیار خدمت بنے
، قانون سہارا دے اور ریاست کا دروازہ ہر شہری کے لیے عزت و انصاف کے ساتھ کھلا ہو۔
پاکستان زندہ باد۔

کامیابی کا راز



پہلی بات تو یہ ہے کہ بہت سے لوگ سنجیدہ نہیں ہوتے اس لیے وہ کسی قسم کا کوئی بھی ہدف مقرر نہیں کرتے ۔ ایسے لوگ کام کم کرتے ہیں اور باتیں زیادہ کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ کامیابی حاصل کریں اور اپنی زندگیوں کو بہتر کریں لیکن اس کیلئے وہ ضروری قسم کی کوشش نہیں کرتے ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ لوگ اس لیے اہداف مقرر نہیں کرتے کیونکہ وہ کسی قسم کی ذمہ داریاں لینا نہیں چاہتے ۔ جیسا کہ میں نے پہلے بیان کیا ہے کہ اہداف کا مقرر کرنا کامیابی کیلئے پہلی شرط ہے اس لیے لوگ ذمہ داریاں تو قبول نہیں کرتے لیکن یہ چاہتے ہیں کہ سب کچھ ان کے حق میں ہی ہو تو یہ کیسے ہوسکتا ہے ۔ غیر ذمہ دار افراد ایسے افراد ہیں جنہوں نے ابھی تک اپنی اصل زندگی شروع نہیں کی ۔ ایسے لوگ اپنی توانائی ضائع کر رہے ہیں اور لاٹری وغیرہ میں قسمت آزمائی کرتے ہیں گھنٹوں بیٹھے ٹیلی ویژن دیکھتے رہتے ہیں ۔ لوگوں کے اہداف نہ مقرر کرنیکی تیسری وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو بے قدر محسوس کرتے ہیں ۔ ایسے لوگ سب سے نچلی سطح پر ہوتے ہیں اور ان کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بھی محدود ہوتی ہے ۔ ان لوگوں میں اعتماد کی کمی ہوتی ہے ۔ ایسے لوگ عموماً منفی ماحول میں رہتے ہیں وہ خود کو کہتے ہیں کہ میں اس قابل نہیں ہوں اس لیے میرا کوشش کرنا بے کار ہے ۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ لوگ اس لئے ہدف مقرر نہیں کرتے کہ وہ ہدف کی اہمیت کو نہیں سمجھتے ۔ کیونکہ ایسے لوگوں کے والدین بھی اہداف کی اہمیت کے بارے میں نہ جانتے تھے ۔ اور انہوں نے بھی اپنے خاندان کے بارے میں کوئی ایسا مثبت فیصلہ نہیں کیا اس لیے ان کے بچے بھی اپنی زندگی کے بارے میں کوئی ہدف مقرر نہیں کرتے ۔ پانچویں وجہ یہ ہے کہ لوگ ہدف مقرر کرنا نہیں جانتے ۔ ایک شخص جس نے یونیورسٹی کی ڈگری بھی حاصل کی ہے اور پندرہ سولہ سال تعلیم بھی حاصل کی ہے لیکن اس کے باوجود اس کو ہدف مقرر کرنیکے بارے میں کوئی ہدایات دی گئیں اور نہ ہی اسے کبھی ہدف کی اہمیت کے بارے میں بتایا گیا ہے تو ایسے تعلیم یافتہ لوگوں کیساتھ یہی خرابی ہے کہ وہ ہر طرح کا علم رکھنے کے باوجود اہداف مقرر کرنیکا علم نہیں رکھتے ۔ چھٹی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کو اپنے اہداف مکمل نہ ہونیکا خوف ہوتا ہے یا پھر ایسے لوگ دوسروں کی تنقید سے گھبرا جاتے ہیں ۔ جب ہم بچے تھے تو ہمیں اپنی زندگی سے بہت سی امیدیں تھیں ۔ ہمارے بہت سے خواب تھے ۔ لیکن جب لوگ ہمارا مذاق اڑاتے تو ہم اپنی توہین محسوس کرتے اس خوف کی وجہ سے ہم اپنے بچپن میں کسی قسم کے اہداف کی تکمیل نہ کر سکے اس کے علاوہ بعض بچوں کے والدین بھی ان پر بے جا تنقید کرتے رہتے ہیں اور انہیں ہر موقع پر کہا جاتا ہے کہ تم ایسا نہیں کر سکتے ۔ ایسے بچے اپنے بچپن میں ہی مایوس ہو جاتے ہیں اس طرح وہ تمام زندگی ناکامیوں سے دوچار ہوتے رہتے ہیں ۔ ساتویں وجہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ اپنے ہدف اس لیے مقرر نہیں کرتے کیونکہ انہیں ناکامی کا خوف ہوتا ہے ۔ ناکامی کا خوف ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے ۔ جس سے لوگ اپنی زندگی کے ہدف مقرر نہیں کر سکتے ۔ اس طرح لوگ آرام پسند ہو جاتے ہیں اور وہ اس آرام طلبی میں عافیت سمجھتے ہیں ۔ کامیابی نمبروں کا کھیل ہے ۔ آپ کی کامیابی اور کوشش کے درمیان نمبروں کا بالواسطہ تعلق ہے مثال کے طور پر اگر آپ بیس بال کے اچھے کھلاڑی نہیں ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ دوسری کھیلوں میں کچھ زیادہ بہتر کارکردگی نہیں دکھا سکتے ۔ جدید دنیا کا کامیاب ترین موجد تھامس ایڈیسن تھا اس نے گیارہ سو کے قریب اپنی ایجادات کو پیٹنٹ کروایا ۔21051 ء اس کی ایجادات اس کی زندگی میں ہی کمرشل بنیادوں پر بیچی گئیں لیکن اس کے باوجود ناکام شخص تھا ۔ کیونکہ جتنے اس نے کامیاب تجربے کئے اس سے کئی گنا زیادہ ناکام تجربات کئے ۔ تھامس ایڈیسن نے گیارہ ہزار سے زائد تجربات کئے اور اس کے بعد جا کر اس نے اکربن فلامنٹ ایجاد کیا اور یہ پہلا بجلی سے چلنے والا بلب تھا ۔ اس کے بعد اس نے پانچ ہزار سے زائد تجربات کئے تو اس کے پاس ایک صحافی آیا اور اس نے کہا کہ تم پانچ ہزار دفعہ ناکام ہو چکے ہو لیکن پھر بھی تجربے کئے جا رہے ہو تو تھامس ایڈیسن نے کہا کہ اے نوجوان تم نہیں سمجھ سکتے کہ یہ دنیا کیسے متحرک ہے جبکہ میں بالکل ناکام نہیں ہوں کیونکہ میں نے پانچ ہزار دفع کامیابی اور ناکامی کے درمیان فرق کو سمجھا ہے ۔ نپولین ہل نے کہا تھا کہ ہر ناکامی کیساتھ ایک کامیابی ہوتی ہے اگر آپ کسی ناکامی سے عارضی طور پر دوچار ہوتے ہیں تو پھر اس ناکامی سے سبق حاصل کیجیے ۔

☆☆☆☆☆

ہنر کی کوئی سرحد نہیں



حالیہ دنوں میں بیرونِ ملک جانے والے پاکستانیوں کے حوالے سے یہ ایک خبر سامنے آئی کہ گزشتہ تین سال میں 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بہتر روزگار کے لیے ملک چھوڑ گئے۔ اس خبر پر حیرت اس لیے ہوئی کہ پاکستان میں ڈاکٹرز، نرسز، آئی ٹی ماہرین اور یونیورسٹی اساتذہ کی کل تعداد دس سے گیارہ لاکھ کے قریب ہے جبکہ رپورٹ کے مطابق تین سال میں 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد ماہرین بیرونِ ملک چلے گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ بیرونِ ملک جانے والے ان افراد میں پروفیشنلز کی تعداد صرف 90 ہزار تھی۔ جن میں زیادہ تعداد میڈیکل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے وہ نوجوان تھے جو بالکل تازہ ڈاکٹرز، نرسز اور فارماسسٹ بنے تھے اور یہاں بے روزگار تھے۔ باقی پونے اٹھارہ لاکھ کے قریب بیرونی ممالک میں جانے والے لیبر کلاس سے تعلق رکھتے تھے۔

یقیناً اگر ڈاکٹر، انجینئر، نرس، آئی ٹی ماہر، استاد یا کسی دوسرے شعبے کا حقیقی ماہر صرف اس لیے ملک چھوڑنے پر مجبور ہو کہ اسے یہاں مناسب روزگار، معاوضہ یا پیشہ ورانہ ماحول نہیں مل رہا تو یہ ریاست کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ لیکن بیرونِ ملک جانے والے ہر پاکستانی کو "ماہر" قرار دینا بھی درست نہیں۔ ہمیں اعداد و شمار کو جذباتی نعروں کے بجائے حقیقت پسندانہ انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بہتر مستقبل کی تلاش میں بیرونِ ملک جاتی ہے اور ان میں بڑی تعداد ہنرمند اور محنت کش افراد کی بھی ہوتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ایک پاکستانی بیرونِ ملک جا کر محنت سے اپنے خاندان کا معیارِ زندگی بلند کرتا ہے، باقاعدگی سے زرِمبادلہ پاکستان بھیجتا ہے اور ملکی معیشت میں حصہ ڈالتا ہے تو ہمیں اس کے جانے پر ماتم ہی کیوں کرنا چاہیے؟

اگر کسی نوجوان کو پاکستان میں 50 یا 60 ہزار روپے مل رہے ہوں اور بیرونِ ملک اسی ہنر کی کئی گنا اجرت مل رہی ہو تو اسے بہتر موقع اختیار کرنے کا حق ہے۔ دنیا بھر میں لوگ روزگار کے لیے ایک ملک سے دوسرے ملک جاتے ہیں۔ یہ انسانی تاریخ کا معمول ہے۔ بہتر حالات کے لیے ملک یا علاقہ چھوڑنا کوئی گناہ ہے نہ ہی قابلِ تعزیر جرم ہے۔ روزگار کے واسطے دوسرے علاقے میں جانا کوئی عیب یا برائی نہیں ہے۔ پیارے آقا ﷺ خود مالِ تجارت لے کر شام و دیگر جگہوں پر جاتے رہے ہیں۔ بیرونِ ملک جانے میں ہمارے اپنے کلچر کا بھی کافی عمل دخل ہے۔ ہمارے ہاں "لوگ کیا کہیں گے؟" ایک ایسا جملہ ہے جس نے جانے کتنے خواب دفن کیے، کتنے ہنر ضائع کیے اور کتنے نوجوانوں کو بے روزگاری کے اندھیروں میں دھکیل دیا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ ہم اپنی ناک، عزت اور معاشرتی مرتبے کی فکر میں اتنے مبتلا ہیں کہ بعض اوقات حلال روزگار کو بھی اپنی توہین سمجھنے لگتے ہیں۔

ایک نوجوان میٹرک پاس کر لے تو بعض گھرانوں میں اسے یہ احساس دلایا جاتا ہے کہ اب اسے کوئی معمولی کام نہیں کرنا چاہیے۔ ایف اے، بی اے یا ایم اے کر لے تو گویا ہاتھ سے کام کرنا اس کی شان کے خلاف ہو جاتا ہے۔ دکان پر بیٹھنا، ورکشاپ میں کام کرنا، ہوٹل میں ویٹر یا خانساماں بننا، ڈرائیونگ کرنا، پیکنگ کرنا، تعمیراتی کام کرنا یا کوئی ہنر سیکھنا اسے اپنی "تعلیم" کی توہین محسوس ہوتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو ریوالونگ چیئر پر بیٹھے کسی افسر کے روپ میں دیکھنے کا خواہاں ہوتا ہے اور اسی حالت میں وہ گھر بیٹھا بے روزگاری کا شکوہ کرتا ہے۔

یہی نوجوان جب دیارِ غیر پہنچتا ہے تو اس کی ترجیحات بدل جاتی ہیں۔ وہاں اسے یہ فکر نہیں ہوتی کہ محلے کا چودھری کیا کہے گا، رشتہ دار کیا سوچیں گے یا دوست مذاق اڑائیں گے۔ وہ ٹیکسی چلاتا ہے، ریسٹورنٹ میں کام کرتا ہے، سامان پیک کرتا ہے، پھول فروخت کرتا ہے، تعمیراتی مزدوری کرتا ہے اور مختلف نوعیت کے جسمانی کام بھی کرتا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ کام چھوٹا نہیں ہوتا، آمدنی چھوٹی بڑی ہوتی ہے اور حلال کمائی بہرحال عزت کی کمائی ہے۔ یہ ہماری اجتماعی سوچ کا ایک بڑا تضاد ہے۔

اصل مسئلہ یہ نہیں کہ پاکستانی باہر کیوں جا رہے ہیں؛ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو کس قابل بنا کر بھیج رہے ہیں۔ ہمیں افرادی قوت کی برآمد کو باقاعدہ قومی پالیسی بنانا چاہیے۔ دنیا میں نرسوں، ٹیکنیشنز، الیکٹریشنز، ویلڈرز، پلمبرز، ڈرائیورز، شیفس، تعمیراتی کارکنوں، مشین آپریٹرز اور آئی ٹی ماہرین کی ضرورت ہے۔ اگر پاکستان اپنے نوجوانوں کو عالمی معیار کے مطابق تربیت دے اور انہیں قانونی، محفوظ اور باعزت طریقے سے بیرونِ ملک روزگار فراہم کرے تو یہ بے روزگاری کے مسئلے کا ایک بڑا حل بن سکتا ہے۔

یہاں ایک بنیادی سوال بھی پیدا ہوتا ہے: ہم تعلیم تو دے رہے ہیں، لیکن کون سی تعلیم؟ اگر ہمارا تعلیمی نظام نوجوان کو صرف ڈگری دیتا ہے، ہنر نہیں؛ سرٹیفکیٹ دیتا ہے، عملی صلاحیت نہیں؛ نوکری کی خواہش پیدا کرتا ہے، کام کرنے کی عادت نہیں؛ تو پھر ہمیں شکایت کس سے کرنی چاہیے؟

اگر میرے بس میں ہو تو ہر شہر اور ہر بڑے قصبے میں ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ادارے قائم کروں جہاں نوجوانوں کو ہنرمند بنایا جائے اور عام لیبرز کی بجائے پانچ سات کروڑ ہنرمند نوجوانوں کو بیرونِ ملک بھیج دوں جہاں وہ اپنے ہنر کو بیچ کر زیادہ پیسے کمائیں۔ زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ پاکستان بھیجیں۔ اپنے گھر والوں کو خوشحال بنائیں اور معاشی خوشحالی لا کر ملک کو غربت کے اندھیروں سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ہمیں اپنے تعلیمی نظام میں "ڈگری" کے ساتھ "ہنر" کو بھی لازم کرنا ہوگا۔ ہر نوجوان ڈاکٹر یا انجینئر نہیں بن سکتا، نہ بننا ضروری ہے۔ ایک بہترین الیکٹریشن، ماہر مکینک، قابل شیف، ہنرمند ویلڈر یا تربیت یافتہ ٹیکنیشن بھی معاشرے کے لیے اتنا ہی ضروری ہے۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ ہم اپنے بچوں کو ہنرمند بنانے کے بجائے سرکاری یا دفتری نوکری کے خواب دکھاتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ لاکھوں نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے روزگار تلاش کرتے رہتے ہیں جبکہ دوسری طرف مارکیٹ کو ہنرمند افراد کی شدید ضرورت ہوتی ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ ہاتھ سے کام کرنا عار نہیں، ہنر سے محروم ہونا عار ہے۔ ہمیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ بیرونِ ملک جانے والے پاکستانی صرف اپنے گھر نہیں چلاتے، ملک بھی چلاتے ہیں۔ ان کی ترسیلاتِ زر ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بیرونِ ملک محنت کرنے والا ایک پاکستانی اپنے خاندان کے کئی افراد کی زندگی بدل سکتا ہے، بچوں کو تعلیم دلا سکتا ہے، گھر تعمیر کر سکتا ہے اور پاکستان میں سرمایہ کاری بھی کر سکتا ہے۔ البتہ ریاست کی ذمہ داری ختم نہیں ہو جاتی۔ حکومت کو ایسا معاشی ماحول پیدا کرنا چاہیے جہاں نوجوانوں کو ملک کے اندر بھی باعزت اور مناسب روزگار مل سکے۔ صنعت چلے، کاروبار بڑھے، سرمایہ کاری آئے، چھوٹے کاروبار آسان ہوں اور میرٹ پر روزگار دستیاب ہو تو بہت سے نوجوان بیرونِ ملک جانے کے بجائے اپنے وطن میں رہنے کو ترجیح دیں گے۔ لیکن جو نوجوان بہتر مواقع کے لیے بیرونِ ملک جانا چاہتا ہے، اسے روکنے کے بجائے اس کا راستہ آسان، محفوظ اور قانونی بنانا چاہیے۔ پاکستان کے پاس تیل کم ہے، گیس کم ہے، معدنی وسائل محدود ہیں، مگر ایک چیز وافر ہے، یعنی نوجوان انسانی سرمایہ۔ ہم اس سرمایہ کو اگر تعلیم، ہنر، کردار اور تربیت دے کر عالمی منڈی تک پہنچا دیں تو ہماری افرادی قوت ہماری سب سے بڑی برآمد بن سکتی ہے۔ بیرونِ ملک جانے والے ہر نوجوان کو "ملک چھوڑنے والا" کہہ کر ملامت کرنے کے بجائے یہ دیکھنا ہوگا کہ وہ کیا لے کر جا رہا ہے اور کیا واپس لا رہا ہے۔ اگر وہ ہنر، محنت اور حلال کمائی لے کر جاتا ہے اور زرِمبادلہ، تجربہ اور سرمایہ پاکستان واپس لاتا ہے تو یہ نقصان نہیں، ایک موقع بھی ہوسکتا ہے۔ بس ہمیں "لوگ کیا کہیں گے؟" کے حصار سے نکلنا ہوگا۔

غلط فیصلے، شخصی سیاست اور بکھرتی ہوئی حکمتِ عملی

پاکستان تحریکِ انصاف کی سیاسی داستان پاکستانی سیاست کے دلچسپ ترین ابواب میں شمار ہوتی ہے۔ پارٹی کی سیاسی تاریخ کامیابیوں، ناکامیوں، عوامی مقبولیت اور سخت سیاسی کشمکش سے عبارت ہے۔ 1996 میں قائم ہونے والی یہ جماعت ابتدائی انتخابی ناکامیوں کے بعد ملک کی بڑی سیاسی قوتوں میں شامل ہوئی اور وفاقی و صوبائی سطح پر اقتدار تک پہنچی۔ تاہم آج اس جماعت کو جن سیاسی، تنظیمی اور حکمتِ عملی کے مسائل کا سامنا ہے، وہ ایک بنیادی سوال اٹھاتے ہیں کیا تحریکِ انصاف اپنی کامیابیوں کو مستحکم سیاسی نظام میں تبدیل کرنے میں ناکام رہی۔؟ حالیہ سیاسی حالات اور جماعت کے اندر سامنے آنے والے اختلافات نے یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ کیا تحریکِ انصاف اپنی مقبولیت کو ایک مؤثر، منظم اور دیرپا سیاسی حکمتِ عملی میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہو سکے گی۔؟ 1997 کے عام انتخابات میں عمران خان نے قومی اسمبلی کے نو حلقوں سے انتخاب لڑا، لیکن کسی حلقے سے کامیاب نہ ہو سکے۔ 2002 کے انتخابات میں چار حلقوں سے حصہ لیا اور میانوالی سے کامیابی حاصل کی۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں ان کے ریفرنڈم کی حمایت بھی عمران خان کے سیاسی سفر کا ایک متنازع باب رہی۔ 2008 کے عام انتخابات میں تحریکِ انصاف نے بائیکاٹ کیا اور پارلیمانی سیاست سے باہر رہی۔ 30 اکتوبر 2011 کو لاہور میں مینارِ پاکستان پر منعقد ہونے والے بڑے جلسے نے تحریکِ انصاف کو قومی سیاست میں نئی شناخت دی۔ نوجوانوں اور روایتی سیاسی جماعتوں سے مایوس ووٹرز کی بڑی تعداد اس کی طرف متوجہ ہوئی۔ بعد ازاں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے متعدد معروف رہنماؤں نے بھی تحریکِ انصاف میں شمولیت اختیار کی۔ 2013 کے عام انتخابات میں تحریکِ انصاف قومی اسمبلی کی نمایاں جماعتوں میں شامل ہوئی اسے قومی اسمبلی کی 35 عمومی نشستیں حاصل ہوئیں جبکہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں نمایاں کامیابی کے بعد اس نے حکومت قائم کی۔ یہ تحریکِ انصاف کی پہلی بڑی صوبائی حکومتی کامیابی تھی۔ یہ جماعت کے لیے ایک اہم سنگِ میل تھا، جس نے اسے احتجاجی سیاست سے آگے بڑھ کر حکمرانی کا تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اس مرحلے نے ثابت کیا کہ عمران خان کی سیاست محض جلسوں اور نعروں تک محدود نہیں رہی بلکہ انتخابی طاقت میں تبدیل ہوچکی تھی۔

2018 کے عام انتخابات کے بعد عمران خان اتحادیوں کی حمایت سے وزیرِاعظم بنے۔ ان کی حکومت کو معاشی مشکلات، مہنگائی، حکومتی کارکردگی پر تنقید اور اتحادی سیاست کے چیلنجز کا سامنا رہا۔ اپریل 2022 میں قومی اسمبلی میں تحریکِ عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور عمران خان وزارتِ عظمیٰ سے محروم ہوگئے۔ تحریکِ انصاف نے اس تبدیلی کو سیاسی سازش قرار دیا جبکہ مخالف جماعتوں نے اسے آئینی و پارلیمانی عمل کا نتیجہ بتایا۔ اس معاملے پر سیاسی مؤقف مختلف رہے، لیکن حکومت کے خاتمے کے بعد تحریکِ انصاف نے بڑے عوامی اجتماعات کے ذریعے اپنی سیاسی قوت کا مظاہرہ کیا۔ پرویز الٰہی کی وزارتِ اعلیٰ کے دوران پنجاب تحریکِ انصاف کی سیاست کا ایک اہم مرکز رہا۔ اسمبلی کی تحلیل اور اس کے بعد پیدا ہونے والی سیاسی صورتِ حال نے جماعت کے صوبائی کردار کو متاثر کیا۔ اس فیصلے کے ناقدین کے نزدیک اسمبلی برقرار رکھنے اور حکومت کو جاری رکھنے کی حکمتِ عملی پر بھی غور کیا جاسکتا تھا۔ تاہم یہ کہنا کہ پنجاب کا اقتدار صرف ایک فیصلے کی وجہ سے ختم ہوا، سیاسی صورتِ حال کو ضرورت سے زیادہ سادہ بنانا ہوگا۔ اس دور میں عدالتی کارروائیوں، وفاقی و صوبائی سیاسی کشمکش اور مختلف جماعتوں کے فیصلوں نے بھی اپنا کردار ادا کیا۔ مناسب تجزیہ یہی ہے کہ تحریکِ انصاف کی حکمتِ عملی اور اس کے نتائج کا جائزہ دیگر سیاسی عوامل کے ساتھ لیا جائے۔

عمران خان کی گرفتاری کے بعد 9 مئی 2023 کو ملک کے مختلف شہروں میں احتجاج ہوئے۔ بعض مقامات پر توڑ پھوڑ اور حساس تنصیبات پر حملوں کے واقعات بھی رپورٹ ہوئے، جن کے نتیجے میں متعدد مقدمات درج کیے گئے اور گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ ان واقعات کے حوالے سے ذمہ داری، منصوبہ بندی اور مختلف افراد کے کردار کا تعین متعلقہ شواہد اور قانونی کارروائیوں کی روشنی میں ہونا چاہیے۔ تاہم ان واقعات کے بعد تحریکِ انصاف کو سیاسی دباؤ، قانونی مشکلات اور تنظیمی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب جماعت نے اپنے خلاف کارروائیوں کو سیاسی انتقام قرار دیا۔ تاہم سیاسی جماعت کے لیے یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ تشدد کے مناظر نے اس کی ساکھ اور تنظیمی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا۔ اس صورتِ حال نے سیاسی مکالمے اور قانونی جدوجہد کی اہمیت مزید بڑھا دی۔

2013 سے خیبر پختونخوا تحریکِ انصاف کا اہم سیاسی مرکز رہا ہے۔ 2013، 2018 اور 2024 کے انتخابی مراحل میں جماعت نے صوبے میں اپنی مضبوط پوزیشن برقرار رکھی۔ تاہم طویل اقتدار کے ساتھ عوامی توقعات بھی بڑھتی ہیں۔ امن و امان، تعلیم، صحت، روزگار اور انتظامی کارکردگی ایسے شعبے ہیں جن میں حکومت کو اپنی کارکردگی کے ذریعے عوام کا اعتماد برقرار رکھنا ہوتا ہے۔ صوبائی حکومت کے مستقبل یا اس کے خاتمے سے متعلق کسی نتیجے تک پہنچنے کے لیے سرکاری اعلانات، آئینی اقدامات اور مستند اطلاعات کی تصدیق ضروری ہے۔ اسی طرح کسی ایک سیاسی شخصیت یا فیصلے کو صوبائی حکومت کی تمام مشکلات کا ذمہ دار قرار دینا بھی مناسب نہیں ہوگا۔ تحریکِ انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے متعلق فراہم کردہ خبر کے مطابق لانگ مارچ اور حکومت سے مذاکرات کی ناکامی کا جائزہ لینے کے لیے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ خبر میں منصوبہ بندی کے فقدان، رہنماؤں کو اعتماد میں نہ لینے اور مارچ کی حکمتِ عملی سے متعلق سوالات کا ذکر ہے۔ اسی خبر کے مطابق بعض شرکا نے وزیرِاعلیٰ سہیل آفریدی کے کردار پر تنقید کی جبکہ سلمان اکرم راجہ سے منسوب بیان میں کہا گیا کہ لانگ مارچ کے منصوبے کے بارے میں پوچھے جانے پر انہیں مطلوبہ تفصیلات نہیں ملتی تھیں۔ ان بیانات کو اجلاس میں سامنے آنے والے مؤقف کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، جب تک کمیٹی کی رپورٹ یا دیگر شواہد سامنے نہیں آتے، انہیں حتمی نتائج قرار نہیں دیا جاسکتا۔ خبر میں کمیٹی کے لیے لانگ مارچ کی ناکامی کی وجوہات، مذاکرات کی ناکامی اور مالی معاملات کا جائزہ لینے کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ اگر یہ کمیٹی آزادانہ اور شفاف انداز میں کام کرتی ہے اور اس کی رپورٹ سامنے لائی جاتی ہے تو جماعت کو اپنی حکمتِ عملی کی کمزوریوں کی نشاندہی کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر کے انتخاب اور محمود اچکزئی کی نامزدگی کے معاملے پر اختلافات کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ اگر ان اختلافات کی تصدیق ہوتی ہے تو یہ جماعت کے اندر مشاورت اور فیصلہ سازی کے طریقِ کار پر بحث کی اہم وجہ بن سکتے ہیں۔ تاہم داخلی اختلافات کو جماعت کے مکمل انتشار کا ثبوت قرار دینے کے لیے مزید شواہد درکار ہوں گے۔

تحریکِ انصاف کے لیے موجودہ حالات میں اہم سوال یہ ہے کہ وہ احتجاج، پارلیمانی سیاست، قانونی جدوجہد اور مذاکرات کے درمیان کس طرح توازن قائم کرتی ہے۔ عوامی احتجاج سیاسی دباؤ پیدا کر سکتا ہے، لیکن اس کے نتائج کا انحصار واضح مقاصد، مؤثر منصوبہ بندی، تنظیمی نظم اور سیاسی رابطوں پر ہوتا ہے۔ اسی طرح اختلافِ رائے کو غداری قرار دینے یا ہر سیاسی سمجھوتے کو کمزوری سمجھنے کا رویہ کسی بھی جماعت کی اجتماعی فیصلہ سازی کو متاثر کرسکتا ہے۔ اس پہلو کا جائزہ تحریکِ انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے لیے اہم ہے۔ تحریکِ انصاف کی اصل آزمائش صرف عوامی مقبولیت برقرار رکھنا نہیں بلکہ اس مقبولیت کو مؤثر سیاسی حکمتِ عملی میں تبدیل کرنا ہے۔ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کا قیام اسی سمت ایک مثبت قدم ثابت ہوسکتا ہے، بشرطیکہ اس کے نتائج کو سنجیدگی سے لیا جائے، ذمہ داری کا تعین شواہد کی بنیاد پر ہو اور آئندہ کے فیصلوں میں مشاورت کو اہمیت دی جائے۔ تحریکِ انصاف کی بنیادی مشکل یہ دکھائی دیتی ہے کہ احتجاج کو اکثر سیاسی حکمتِ عملی کا مرکزی ذریعہ بنا دیا جاتا ہے، جبکہ مذاکرات، پارلیمانی جدوجہد اور قابلِ عمل سیاسی سمجھوتوں کو نسبتاً کم اہمیت ملتی ہے۔ بانی چیئرمین کی رہائی اور قانونی حقوق کے لیے جدوجہد اپنی جگہ لیکن اس کے ساتھ جمہوری اداروں، پارلیمان اور عوامی مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ سیاسی تاریخ کا ایک بنیادی سبق یہی ہے کہ قیادت کی مقبولیت اہم ہوتی ہے، لیکن جماعتوں کو زندہ رکھنے کے لیے ادارے، مشاورت، سیاسی بصیرت اور بروقت درست فیصلے ناگزیر ہیں۔ جماعتیں صرف مخالفین کی غلطیوں سے فائدہ اٹھا کر دیرپا کامیابی حاصل نہیں کرتیں۔ انہیں اپنی حکمتِ عملی، تنظیم اور فیصلہ سازی کا بھی مسلسل جائزہ لینا پڑتا ہے۔ تحریکِ انصاف کے لیے بھی یہی راستہ مستقبل کے سیاسی امکانات کو مضبوط بنانے میں مددگار ہوسکتا ہے۔

بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل/ تحصیلدار صاحب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس

ہرگاہ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی مسمی شہباز علی کھوکھر ولد میاں محمد رفیق قوم کھوکھر ساکن موضع دولچی والہ تحصیل وضلع ننکانہ صاحب جو کہ مورخہ 17-03-2024 کو فوت ہوگیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع دولچی والہ تحصیل وضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں میاں محمد رفیق والد متوفی، زبیدہ بی بی بیوہ متوفی محمد زین العابدین، حسن محی الدین، ابوذ غفاری پسران متوفی، ببرا فاطمہ دختر متوفی کو متوفی کے قانونی وشرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آکر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

امشتری ہوشیار باش

من مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ میری والدہ محترمہ مسماۃ سائرہ بیگم بیوہ محمد اعظم، رضائے الٰہی سے مورخہ 24-01-2020 کو وفات پاچکی جبکہ میرے والد محترم مسمی محمد اعظم ولد فتح محمد، پہلے ہی مورخہ 28-03-1994 کو وفات پاچکے ہیں۔ میری والدہ محترمہ متوفیہ سائرہ بیگم بیوہ محمد اعظم کی ملکیتی جائیداد محملہ کریم پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں واقع ہے۔ متوفیہ سائرہ بیگم بیوہ محمد اعظم کی مذکورہ جائیداد کے مندرجہ ذیل حقیقی وشرعی وقانونی وارثان ہیں۔

1-کامران اختر ولد محمد اعظم (بیٹا) 2-محمد رضوان اختر ولد محمد اعظم (بیٹا) 3-ناہید اختر دختر محمد اعظم (بیٹی)
4-یاسمین اختر دختر محمد اعظم (بیٹی) 5-صفیہ بی بی دختر محمد اعظم (بیٹی) 6-شہر بانو دختر محمد اعظم (بیٹی)
7-صاحب سہیل ولد محمد اعظم (بیٹا) مذکورہ وارثان کے علاوہ کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کوئی وارث ہونے کا دعویٰ کریگا تو اس کا ذمہ دار من مظہر خود ہوگا محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا

المشتہر: محمد رضوان اختر ولد محمد اعظم قوم عقل ساکن گلی مرزا جمشید علی شمس، مکان نمبر 8/ 105b محلہ کریم پورہ لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

Cr..Ghafar

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بخش بی بی دختر رحمت علی چک نمبر 112 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں رحمت علی والد، نھنی والدہ، کمال دین خاوند پہلے فوت شدگان، محمد مشتاق، محمد اشفاق، اشتیاق احمد پسران، شمیم اشرف، نسیم اختر دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب اللہ وسایا صاحب نائب تحصیلدار قصور

محمد رفیق عابد بنام احمد دین وغیرہ

درخواست تقسیم موضع ڈھولن ہٹھاڑ۔ اشتہار بنام؛۔ احمد دین ولد کمال دین، ذکیہ بیگم دختر محمد دین، قاسم ولد علی، محمد رمضان ولد علم دین، رقیہ دختر محمد دین، رضیہ دختر، عبدالغفور پسر محمد یوسف، نیاز احمد ولد محمد یوسف، ثوبیہ اسحاق دختر محمد اسحاق، محمد امین ولد خوشی محمد، محمد شفیق ولد محمد شریف، محمد شفیق، محمد لطیف، محمد رفیق، محمد صدیق پسران محمد اسحاق، آسیہ فردوس دختر محمد رمضان، ذوالفقار علی ولد محمد عاشق، محمد صدیق، محمد حسن، محمد طارق، محمد رفیق، رشیداں دختر جلال دین پسران جلال دین، عزیز الرحمٰن ولد محمد شریف، بیگم بیوہ بہادر، محمد لطیف ولد محمد دین، ثریا دختر، عبدالسلام، مختار احمد پسران محمد یوسف، پروین اختر دختر محمد شریف، محمد الطاف ولد سفید خاں، محی الدین ولد محمد عاشق، حلیمہ زوجہ خوشی محمد، محمد یحییٰ سلیم ولد محمد رمضان، محمد رفیق ولد محمد دین، عبداللہ ولد احمد دین، عبدالقیوم عابد ولد بوہڑ عرف سمند، محمد یسٰین ولد خوشی محمد، شمیم اختر دختر محمد شریف، جمیلہ بیوہ محمد اسحاق، سیماں بیوہ محمد رمضان، قائم دین ولد مراد، عبدالرشید ولد جلال دین، محمد صدیق انجم ولد جلال دین، آمنہ رمضان دختر محمد رمضان، نسرین دختر محمد شریف، صفیہ بیگم دختر محمد دین، سلیم حیدر ولد محمد شریف، مریم دختر جلال دین، امینہ بیوہ، محمد عمران، محمد عرفان صدیقی، محمد حارث صدیق، کلثوم، محمد رضوان صدیق، محمد کامران صدیقی، سمعیہ آصف، صبیحہ صدیق پسران و دختران محمد صدیق موضع ڈھولن ہٹھاڑ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب سول جج چیچہ وطنی

نوعیت: دعویٰ دلا پانے

عنوان مقدمہ۔ فاروق احمد بنام محمد ارسلان وغیرہ

بنام۔ محمد ارسلان ولد محمد نور قوم لک سکنہ چک نمبر 12L/72 چیچہ وطنی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 24-10-2026 صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

Cr..Tariq

بعدالت جناب محترمہ زارا اسد صاحبہ سول جج جھنگ

احمد خان بنام انور خان دعویٰ حکم امتناعی اشتہار بنام انور خان ولد اللہ دتہ سکنہ موضع درگاہی شاہ تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیاجاتا ہے کہ مقرر تاریخ 26-10-2026 اصالتاً وکلاء؍ حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب ارشد ہاشمی صاحب سول جج/ فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق

عنوان: اختر علی شاہد چھینہ بنام ڈپٹی کمشنر وغیرہ

رسپانڈنٹس نمبران 1۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد 2۔ چیف آفیسر ضلع کونسل فیصل آباد 3۔ بلڈنگ انسپکٹر ضلع کونسل ستیانہ روڈ فیصل آباد 8۔ محمد شہباز لطیف ولد عبدالطیف ڈپٹی ڈائریکٹر واسا سکنہ 108/C البرکت ولاز (چوہدری انکلیو گرلز ہاسٹل) 9۔ محمد طیب رمضان ولد نثار اللہ سکنہ 110/C البرکت ولاز ستیانہ روڈ فیصل آباد (حال گرلز ہاسٹل) 10۔ محمد بوٹا ولد عبدالرشید سکنہ 110/E البرکت ولاز ستیانہ روڈ فیصل آباد (حال گرلز ہاسٹل) 11۔ محمد وقاص ولد محمد رزاق سکنہ A-1 البرکت ولاز ستیانہ روڈ فیصل آباد 12۔ رای بیگم ہوسٹل سکنہ B-1 البرکت ولاز ستیانہ روڈ فیصل آباد 13۔ SDO فیسکو گارڈن کالونی سب ڈویژن فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب ماہین فاطمہ صاحبہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب

اپیل بنارا ضگی حکم وفیصلہ مورخہ 19-09-2026 مصدرہ بعدالت جناب اسد نواز صاحب تحصیلدار/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب

عنوان مقدمہ: نواب دین وغیرہ بنام مختار علی وغیرہ

اشتہار بنام: مختار علی ولد لال دین قوم قریشی، احمد بخش ولد ماموں قوم اعوان ساکنان چک نمبر 45/RB مرڑ تحصیل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 05-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR..CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب رانا عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالغنی ولد نیاز علی چک نمبر 21 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں نیاز علی والد، الدی والدہ پہلے فوت شدگان، محمد انور، محمد سرور، اصغر علی، محمد رمضان پسران، انور بی بی، سروری بی بی دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب اللہ وسایا صاحب نائب تحصیلدار قصور

محمد رفیق عابد بنام وقار علی وغیرہ۔

درخواست تقسیم موضع ڈھولن ہٹھاڑ۔ اشتہار بنام؛۔ وقار علی ولد محمد حسین، محمد امین ولد نظام دین، بشیر احمد ولد محمد رمضان، محمد حیات ولد نظام دین، ساجدہ بی بی دختر محمد حسین، کنیز بی بی دختر احمد دین، معین الدین ولد محمد عاش، ثناء اللہ ولد محمد حسین، محمد اشرف ولد احمد دین، عبدالرحمان ولد ولی محمد، ذوالفقار علی ولد محمد عاشق، محمد امتیاز ولد محمد حسین، شہناز دختر محمد حسین، ہاشم علی ولد احمد دین، تسلیم شہزادی دختر محمد حسین، محمد الدین ولد نظام دین، محمد حسین خاوند شیداں بی بی، عبدالجبار ولد محمد صدیق، خورشید دختر، محمد ریاض، محمد ارشاد، محمد اشفاق، عبدالجبار، ابوبکر، عبداللہ، عزراں، یاسمین، بیداں دختران و پسران محمد حسین، جلال دین ولد محمد بخش، شیر محمد ولد محمد علی، محمد سرور ولد محمد حسین، محمد شمشاد ولد محمد حسین، نسیم بی بی دختر محمد یسٰین، محمد یونس ولد محمد دین، قاسم علی ولد احمد دین، ڈھولن ہٹھاڑ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ آسیہ پروین زوجہ محمد قاسم سکنہ کھراج پورہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بیٹے محمد شاہ زیب کی تاریخ پیدائش مورخہ 21-06-2002 ہے جس کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا جاسکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار و عزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ فیملی جج/ گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفیکیٹ: سحر احسن بیوہ احسن پرویز ساکن محلہ سیداں پسرور شہر تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\ سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 24-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب سعید اختر صاحب فیملی جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ:۔ سیل پرچیز

عنوان: رخسانہ پروین بنام عوام الناس

پتہ سائل رخسانہ پروین زوجہ غلام رسول ساکن مکان نمبر 44 مکہ کالونی کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے ایک دعویٰ دائر کیا ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے

کہ اگر کسی کو عزر نسبت دعویٰ ہذا ہو تو وہ بتقرر 30-10-2025 بوقت 10 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح

عنوان شازیہ بی بی بنام محمد یامین

اشتہار بنام محمد یامین ولد mushi گلی نمبر 5 محلّہ ناصر کالونی تحصیل صادق آباد ڈسٹرکٹ رحیم یار خان

مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعاعلیہم تعمیل سمن سگیر یزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 26-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب سید میثم رضا زیدی سول جج فرسٹ کلاس ایڈمنسٹریٹو جج جھنگ

۔ درخواست کیمطابق مدعیان کی بائیو میٹرک تصدیقی سلپ جمع کروانے کیساتھ ساتھ مدعا علیہان کی جانب سے ترمیم شدہ تحریری بیان جمع کروانے کیلئے 31.10.2026 کو آخری موقع ہے ترمیم شدہ تحریری بیان جمع نہ کروانے کی صورت میں مدعا علیہان کے ترمیم شدہ تحریری بیان داخل کرنے کا حق بند یا ختم کردیا جائے گا مدعا علیہ کے درست پتے سے متعلق حلف نامہ جمع کروایا جائے باقی مدعا علیہان نمبرز 13.69. 30.712.132.20 -28.127.131.14.57.58.59.34.21.67.9.72 13.29.15.16-24.25.26 اور 98 کے بعد سمن AD/ کے بعد دوبارہ درج کیا جائے۔ مدعا علیہان نمبر 138 تا حال ایک فریق ہے۔

C/o..RM

بعدالت جناب سردار عمر حسن خاں صاحب سول جج درجہ اول ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ منسوخی دستاویز

بعنوان مقدمہ: محمد ارشد بنام شہزادی وغیرہ

اخبار اشتہار بنام: شہزادی زوجہ مظہر حسین، مظہر حسین ولد فلک شیر قوم راجپوت دادڑہ ساکنان حشمت والا کھوہ اراضی شہامند ضلع ساہیوال، غلام قادر سجاد ولد منظور احمد ساکن اولڈ سول لائن ساہیوال، نذیر احمد ولد بہادر ساکن دادڑہ بالا ضلع ساہیوال، روبینہ شاہین ایڈووکیٹ (نوٹری پبلک) ضلع کچہری ساہیوال

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 26-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب اللہ وسایا صاحب نائب تحصیلدار قصور

محمد رفیق عابد بنام زینب بی بی وغیرہ ۔ درخواست تقسیم موضع ڈھولن ہٹھاڑ۔ اشتہار بنام؛۔ زینب دختر، محمد اسحاق پسر اللہ دتہ، عبدالقیوم ولد بوہڑا، خدیجہ دختر، شکور الٰہی، سمیرا بی بی زوجہ محمد اسحاق، کریماں دختر اللہ دتہ، مریم دختر عبدالرزاق، عبدالرزاق، حلیمہ پسر و دختر اللہ دتہ، ظہور الٰہی، احسان الٰہی، صدیقاں، فضل الٰہی، منظور الٰہی، محبوب الٰہی پسران و دختران عبدالرزاق، مشتاق احمد، محمد رمضان احمد، رشیداں بی بی پسران و دختران اللہ دتہ سکنائے موضع ڈھوہن ہٹھاڑ قصور ہرگاہ مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب سعید احمد باجوہ صاحب نائب تحصیلدار قانگوئی حلقہ بڈھا گورائیہ امرزا گورائیہ ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 21633، وراثت موضع کوٹ جاکے چیمہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی طاہر محمود ولد چوہدری احمد حسین ساکن جاکے چیمہ، تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا مورخہ 22-09-2013 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں عذرا طاہر بیوہ، عمران طاہر، عرفان طاہر پسران، صباء طاہر، ثناء طاہر، رمشہ طاہر دختران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح و واپسی سامان جہیز: اقصیٰ شہزادی بنام مظفر علی وغیرہ: اشتہار بنام مظفر علی ولد محمد حنیف۔ محمد حنیف ولد چراغ دین اقوام راجپوت ساکنان بکھو بھٹی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 26-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی ومصالحتی عدالت یونین کونسل نمبر 109 مرغزار کالونی

زیر دفعہ 9-8-7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961

مقدمہ نمبری 109./ 2026

ڈگری تنسیخ نکاح موثر کئے جانا

فریق اول۔ فوزیہ دختر محمد جہانگیر ٹاہلی والا کھوہ مرغزار ہاؤسنگ سوسائٹی ملتان روڈ لاہور

فریق دوئم۔ محمد شکیل ولد محمد رفیق ٹاہلی والا کھوہ مرغزار کالونی ملتان روڈ لاہور

فریق اول بذریعہ نوٹس اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ مندرجہ بالا کے ضمن میں بغرض تشکیل ثالثی کونسل متعدد نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ نے ثالثی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کی اور نہ ہی آپ کی طرف سے کوئی نمائندہ پیش ہوا لہٰذا تمام حجت کے لئے بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے مورخہ 28-10-2026 ہمراہ ثالث تحریری حاضر ہوں بعدم حاضری کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

C/o..RM

۔ بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب یونین کونسل 241۔ کریم پارک چندرائے لاہور

مقدمہ تنسیخ نکاح ڈگری FML322026

فریق اول بینا دختر چراغ دین ساکن مکان نمبر 38 بلاک اے گوالا کالونی چندرائے لاہور

فریق دوئم ناصر علی ولد محمد صادق ساکن تھہ سارن قصور طلاق زیر دفعہ 7(1)، مسلم قوانین مجریہ 1961 مقدمہ عنوان بالا اول نے ڈگری تنسیخ نکاح عدالت سے حاصل کی ہے جس پر فریقین کو نوٹس حاضری جاری کیے گئے لیکن فریق دوئم کسی بھی سماعت پر حاضر نہ ؟ کی ہیفر یق دوئم کی اسان ذرائع سے تعمیل ممکن نہ ہے لہٰذا فریق دوئم ناصر علی ولد محمد صادق کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ

مورخہ 30-10-2026 بوقت 9 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا موقف بیان کریں بصورت دیگر طلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج یونین کونسل 241 سے

Cr..Yousaf

اشتہار انتقالِ وراثت

عوام الناس کو بذریعہ ہذا اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ مہراں بیوہ عمر حیات قوم گوندل، سکنہ سرگودھا روڈ رکن، تحصیل ملکوال، ضلع منڈی بہاؤالدین، مورخہ 27-12-2023 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں۔ مرحومہ کے شرعی ورثاء؍ میں عمر حیات خاوند (پہلے فوت شدہ) اور محمد صفدر بیٹا (زندہ) درج ہیں۔ ان کے علاوہ مرحومہ کا کوئی دیگر شرعی وارث نہ ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اشتہار شائع ہونے کے تین دن کے اندر اندر انتقالِ وراثت پاس کر دیا جائے گا، اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب خورشید عالم بھٹی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: اپیل دیوانی

بعنوان مقدمہ: صوبہ پنجاب وغیرہ بنام فیاض حسین وغیرہ

اخبار اشتہار بنام: فیاض حسین ولد نذیر احمد، مجیب حسین ولد ممتاز حیدر قوم لنگریال سکنہ چک نمبر 148/E-B تحصیل بورے والا ضلع وہاڑی، محمد اشرف متوفی بذریعہ ورثان، محمد عثمان اشرف ولد محمد اشرف قوم راجپوت سکنہ چک نمبر 97/12-L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 26-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب اللہ وسایا صاحب نائب تحصیلدار قصور

محمد رفیق عابد بنام عبدالجبار وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع ڈھولن ہٹھاڑ۔ اشتہار بنام؛۔ عبدالجبار ولد محمد صدیق، حلیمہ دختر محمد اسحاق، عبدالرحمان ولد ولی محمد، محمود ولد محمد اسحاق، رمضانہ بی بی دختر محمد اسحاق، شمیم بی بی ختر محمد اسحاق، محمد صادق ولد محمد اسحاق، محمد یونس ولد محمد دین، محمد عاشق ولد محمد اسحاق سکنائے موضع ڈھولن ہٹھاڑ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 27-10-2026 کو حاضر عدالت اویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب سعید احمد باجوہ صاحب نائب تحصیلدار قانگوئی حلقہ بڈھا گورائیہ امرزا گورائیہ ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 21632، وراثت موضع جاکے چیمہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفیہ مسمات فاطمہ بی بی دختر عبدالرشید ساکن ڈاکخانہ خاص، جیسر والہ، تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا مورخہ 02-06-2026 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد ندیم قیصر خاوند، محمد عرفان الحق، محمد رضوان الحق برادران، پروین بی بی شمیم بی بی ہمشیرگان زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ استقرار حق و منسوخی بیعہ نامہ معہ حکم امتناعی دوامی: نیامت علی بنام نور محمد وغیرہ: اشتہار بنام عبدالحمید پسر فضل دین قوم راجپوت ساکن کلاس والہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 27-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب محمد افضل بیگ صاحب فیملی جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ:۔ برائے فرختگی

عنوان فہمیدہ شوکت بنام عوام الناس

پتہ سائل شوکت بیوہ شوکت علی ساکن مکان نمبر 55 AA فیز vi ڈی ایچ اے لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے ایک دعویٰ دائر کیا ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عزر نسبت دعویٰ ہذا ہو تو وہ بتقرر 24-10-2025 بوقت 10 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

عنوان علیشاء لوائی احمد بنام محمد بلال

اشتہار بنام محمد بلال ولد زاہد حسین ساکن مکان نمبر 25 گلی غوری بلاک سیکٹر B بحریہ ٹاؤن لاہور

مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعاعلیہم تعمیل سمن سگیر یزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 24-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب سعید اختر صاحب فیملی جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ:۔ گارڈین

عنوان: رخسانہ پروین بنام عوام الناس وغیرہ

پتہ سائل رخسانہ پروین زوجہ غلام رسول ساکن مکان نمبر 44 مکہ کالونی کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور

اشتہار بنام اسالت دختر ملک منیر احمد مکان نمبر 1 گلی نمبر 2 گرین ٹاؤن لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے ایک دعویٰ دائر کیا ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے

کہ اگر کسی کو عزر نسبت دعویٰ ہذا ہو تو وہ بتقرر 30-10-2025 بوقت 10 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب میڈم انسہ الماس صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست گارڈین

اشتیاق احمد بنام عوام الناس اشتہار منجانب اشتیاق احمد ولد محمد ارشاد پوسٹ آفس چھماں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس خلیل احمد ولد محمد اکرم ساکن چھماں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب سائرہ افضل صاحبہ جج فیملی کورٹ سیالکوٹ

شازیہ ناز وغیرہ بنام محمد ذین

دعویٰ خرچہ نان ونفقہ

اخبار اشتہار بنام: محمد ذین ولد محمد انور قوم جٹ سکنہ حاجی پورہ تحصیل وضلع سیالکوٹ

ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 06-11-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب اللہ وسایا صاحب نائب تحصیلدار قصور

محمد رفیق عابد بنام عبدالقیوم عابد وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع ڈھولن ہٹھاڑ۔ اشتہار بنام؛۔ عبدالقیوم عابد ولد بوہڑ عرف صمد، محمد جاوید اقبال ولد غلام محمد سکنائے موضع ڈھولن ہٹھاڑ تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا نا ممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 27-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محمد ارقم خان صاحب سول جج گوجرانوالہ،

محمد اسلم بنام چیف آفیسر وغیرہ

دعویٰ استقرار حق

اخبار اشتہار بنام محمد جاوید، محمد امجد پسران اللہ دتہ اقوام چغتائی ساکنان محلہ تھانے والا قلعہ دیدار سنگھ تحصیل و ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 31-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ حکم امتناعی دوامی: امان اللہ بنام محمد فاضل وغیرہ: اشتہار بنام محمد فاضل ولد محمد شفیع قوم جٹ سکنہ کاہلانوالی۔ آفتاب احمد ولد عطا اللہ مصطفیٰ حبیب۔ مرتضیٰ حبیب پسران حبیب اللہ اقوام جٹ ساکنان تلونڈی عنایت خاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 27-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے کومل بی بی تاریخ پیدائش 02-12-2018 سکنہ چک نمبر 6 ج ب کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ اورنگ زیب (والد) نے استدعا کی ہے اپنی بیٹی کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 180 میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے محمد صارم خاں تاریخ پیدائش 23-03-2005 سکنہ چک نمبر 119 ج ب سانا فیصل آباد کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ محمد ذوالفقار (والد) نے استدعا کی ہے اپنے بیٹے کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 13 میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

بعدالت جناب محترم عاشی عظمت صاحبہ سول جج کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

دعویٰ استقرار حق وغیرہ

عنوان مقدمہ مسمی نجم تنسیم دختر چوہدری نذیر اللہ تنسیم قوم کرسچن بنام معظم تنسیم وغیرہ اخبار اشتہار بنام معظم تنسیم ولد نذیر اللہ، مقصود ولد سموئیل اقوام کرسچن ساکنائے کلارک آباد کلاں تحصیل کوٹ رادھا کشن ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 26-10-2026 کو صبح 8.00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

C/o..RM

بعدالت جناب رانا طارق حسین صاحب اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول/ ریونیو آفیسر حلقہ ڈنگہ تحصیل کھاریاں

درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ

رحمت علی بنام ثریا خانم

اشتہار بنام ثریا خانم دختر غلام علی، محمد منصف خان ولد میاں خان، رسول بخش ولد فضل علی، رحمت بی بی دختر اللہ داد، عاصمہ محمد دختر محمد مظفر، نازیہ شاہین دختر غلام علی، بشیر احمد ولد اللہ رکھا، اللہ داد ولد اللہ رکھا، نسرین بی بی دختر اللہ داد، سکینہ بی بی دختر اللہ داد، سیف خان ولد میاں خان، جعفر خان ولد میاں خان، محمد انور ولد اللہ داد، محمد علی ولد اللہ رکھا، مسرت بی بی دختر غلام علی، نجی محمد ولد اللہ رکھا، غضنفر اقبال ولد اللہ داد، صدف خان ولد میاں خان، منزہ خانم دختر غلام علی، زرینہ بی بی دختر اللہ داد، عنصر علی ولد اللہ داد، شاہ کوثر دختر اللہ داد، محمد اکبر ولد احمد علی، جابر علی ولد احمد علی، رحمت بی بی دختر احمد علی، کلثوم بی بی دختر احمد علی، رفعت بی بی دختر احمد علی، شفقت اقبال دختر احمد علی، رفاقت علی ولد رحمت علی۔ قوم گجر ساکن پسوال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ صاحبہ جج گارڈن جج لاہور

درخواست گارڈین سرٹیفکیٹ

عنوان: نسیم اختر بنام عوام الناس

نسیم اختر بیوہ محمد فیاض سکنہ مکان نمبر 70 محلہ Jala پارک بدر کالونی بادامی باغ لاہور بنام عوام الناس بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت دعویٰ/ درخواست ہذا ہو تو وہ بتقرر 23 اکتوبر 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو بصورت دیگر بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج جاری ہوا۔

Cr..Anwar

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی مراد علی ولد فتح محمد سکنہ نور پور نہر قصور نے اپنی بیٹی کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اس کی بیٹی صغراں بی بی کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنی بیٹی صغراں بی بی کی پیدائش مورخہ 15-10-1980 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 1 3 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 0 1 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب مشتاق حسین ولد کرم حسین ساکن بخاری روڈ نزد پاسپورٹ آفس محلہ رحمان کالونی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 26-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ سول جج/ گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ: فاطمہ بتول شیرازی دختر زوار حسین قوم شیرازی ساکن جناح گیٹ محلّہ ٹلہ پسرور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\ سائل نے درخواست تقرری جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 26-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے نازیہ پروین تاریخ پیدائش 22-12-1991 سکنہ چک نمبر 5 ج ب کمال پور کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ قیصر شکیل (بھائی) نے استدعا کی ہے اپنی بہن کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے عبدالرزاق تاریخ پیدائش 15-04-1990 سکنہ چک نمبر 8 ج ب کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ معراج دین (بھائی) نے استدعا کی ہے اپنے بھائی کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 180 میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

بعدالت جناب محترمہ عاشی عظمت صاحبہ سول جج/ گارڈین جج کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

عنوان مقدمہ محمد نعمان ولد برکت علی قوم جٹ ساکن بھمبہ کلاں تحصیل کوٹ رادھا کشن ضلع قصور بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 02-11-2026 کو صبح 8.00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

C/o..RM

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/ جج فیملی کورٹ قصور

نائلہ بی بی بنام بابر علی

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح۔ اشتہار بنام؛۔

بابر علی ولد محمد عاشق جٹ ساکن اسٹریٹ نمبر 7 محلہ بھسر پورہ روڈ قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 26-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

عاق نامہ

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ میں اپنے حقیقی بیٹے عمر فاروق ولد محمد اشرف کو بوجہ نافرمانی، گستاخ، جھگڑالو ہونے اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد میرا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور نہ ہی میں اس کے کسی قول و فعل یا لین دین کا ذمہ دار ہوں گا تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرما لیں اخبار اشتہار شائع کروا دیا ہے تاکہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آئے۔ المشتہر محمد اشرف ولد سردار خان قوم گجر ساکن چک سید تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

Cr..AM

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ ریشماں بی بی زوجہ محمد رفیق ذات موچی سکنہ نور پور قصور نے اپنے سسر، اور ساس کی اموات کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے سسر بوٹا ولد چراغدین اور ساس بھاگاں بی بی زوجہ بوٹا کی اموات کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنے سسر بوٹا کی موت مورخہ 15-10-2021 ساس بھاگاں تاریخ موت 13-09-2022 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 1 3 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 0 1 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب احسن، دانش پسران محمد اکرم، سارا نعمان دختر محمد اکرم ساکنان محلّہ مکان نمبر 12 گلی B بلاک Z پیپلز کالونی تحصیل و ضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 26-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب تحصیلدار/ ADLR صاحب پسرور

تصدیق وراثتی انتقال نمبر 974 واقع موضع موہر کیے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ عنوان بالا کے تحت انتقال وراثت متوفیہ سید بی بی دختر حکم دین روبرو بغرض تصدیق پیش کیا گیا۔ حکم دین والد۔ روشن بی بی والدہ۔ غلام رسول خاوند۔ زبیدہ بی بی بیٹی۔ بلقیس بیگم بیٹی (پہلے فوت شد)۔ حال وارثان میں (محمد یعقوب خاوند۔ استخار احمد۔ نثار احمد پسران۔ نرگس پروین۔ کشور سمیرا دختران زبیدہ بی بی)۔ (محمد ریاض خاوند۔ عدنان ریاض۔ رحمان ریاض پسران۔ گلشن طاہرہ۔ فرح ریاض۔ انعم ریاض۔ پلوشہ ریاض دختران بلقیس بیگم)۔ محمد انور جہ پسر۔ نسرین بیگم۔ پروین بی بی دختران سید بی بی متوفیہ موضع کے وارثان ظاہر ہیں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Shan

از دفتر ایڈمنسٹریٹر صاحب یونین کونسل بنگہ حیات تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد وقاص ولد محمد یامین سکنہ کوٹ مان سنگھ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے محمد اذان کے برتھ سرٹیفکیٹ میں میری بیوی صدف اسلام زوجہ محمد وقاص کا شناختی کارڈ نمبر 3640237155450 اور درست نام درج نہ ہے، میری بیوی کا شناختی کارڈ نمبر اور درست نام صدف اسلام یونین کونسل بنگہ حیات میں درج کرنا قانونی امر ہے، اگر کسی کو اعتراض ہو اندر اخبار اشتہار 7 روز رابطہ کریں، بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی ومصالحتی عدالت یونین کونسل نمبر 109 مرغزار کالونی

زیر دفعہ 9-8-7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961

مقدمہ نمبری 13./ 2025

ڈگری تنسیخ نکاح موثر کئے جانا

فریق اول۔ نایاب ذوالفقار دختر ذوالفقار احمد مکان نمبر 166 این بلاک مرغزار ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور

فریق دوئم۔ اعجاز الحسن ولد غلام رسول آصف جنرل سٹورز نزد کلی سٹار شیل پمپ صدر کراچی کینٹ

فریق اول بذریعہ نوٹس اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ مندرجہ بالا کے ضمن میں بغرض تشکیل ثالثی کونسل متعدد نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ نے ثالثی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کی اور نہ ہی آپ کی طرف سے کوئی نمائندہ پیش ہوا لہٰذا تمام حجت کے لئے بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے مورخہ 28-10-2026 ہمراہ ثالث تحریری حاضر ہوں بعدم حاضری کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

C/o..MR

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل شیخوپورہ

آراضی ریکارڈ سینٹر فاروق آباد، متوفیہ سکینہ بی بی دختر وزیر علی قوم آرائیں، موضع لاکے فاروق آباد تحصیل و ضلع شیخوپورہ کے وراثتی انتقال کا اندراج کر دیا گیا ہے۔

جس میں وارثان بازگشت سونیا صنم (دختر متوفیہ) کی حقیقی شرعی و قانونی وارث ہے اس کے علاوہ کوئی شرعی حقدار ہو تو اندر سات یوم روبرو زیر دستخطی پیش ہو کر اپنا نام انتقال وراثت میں درج کروائے عدم حاضری کی صورت میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

بعدالت جناب محمد ضیاء خاں صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن قصور

عدنان طفیل بنام عوام الناس

مقدمہ نمبر 172 / Gc بابت

سال 06-10-2026 درخواست گارڈین۔ عدنان طفیل ولد محمد طفیل ساکن قادیونڈ تحصیل وضلع قصور حال مقیم بحریہ ٹاؤن/ ساکن بابر ٹاؤن قصور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس میں مورخہ 24-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

Cr..Bhutta

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد سرور ولد قطب دین ذات میر عالم ساکن نور پور ڈوگراں قصور نے اپنے بچوں کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے بچوں محمد بلال، بابر علی کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنے بچوں محمد بلال کی پیدائش مورخہ 09-09-2005 بابر علی تاریخ پیدائش 17-10-2006 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 1 3 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 0 1 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ہارون آباد

عنوان مقدمہ محمد ندیم وغیرہ بنام 1-محمد علیم 2-محمد سلیم پسران محمد شریف 3-اتفاق بی بی آر۔ ڈی۔ بی 4-محمد حنیف 5-صفیہ بی بی 6-نذیراں بی بی 7-منیراں بی بی پسران و دختران محمد رمضان ولد سندھی 8-محمد عظیم 9-حمایت علی 10-محمد اعظم پسران محمد رمضان 12-گلناز بی بی 13-شہناز بی بی 14-شازیہ بی بی 15-غزالہ بی بی 16-شائلہ بی بی 17-محمد عمران پسران و دختران محمد نذیر 18-حنیفاں بی بی بیوہ محمد نذیر 19-محمد جمیل ولد سندھی متوفی بذریعہ وارثان 20-21-ذوالفقار علی 21-عبدالستار پسران محمد جمیل 22-محمد اسلم ولد محمد اقبال 23-فاروق احمد ولد محمد صدیق 24-عابدہ پروین زوجہ محمد طارق 25-محمد لطیف ولد رحمت اللہ 26-عبدالمجید ولد فضل محمد 27-عدنان اصغر ولد اصغر علی اقوام ارائیں سکنہ چک نمبر 4R/57 تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

درخواست تقسیم کھاتہ اراضی

ہرگاہ مسئول علیہم کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 2026/10/27 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے۔

Cr.BashirBhatti

صاحب سول جج درجہ اول ہارون آباد

عنوان مقدمہ عبدالجبار بنام 1-محمد زاہد ولد سلطان محمود 2-سلطان محمود-محمد رمضان پسران محمد شریف 3-منظوراں بی بی زوجہ محمد سلطان قوم مہار سکنہ چک 6R/124 تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

دعویٰ ہرجانہ

ہرگاہ مدعا علیہم کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیان نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 2026/10/26 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے۔

Cr.BashirBhatti

بقیہ سحر 1

مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر شرکاء نے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 2

حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں اور سپلائی کے نظام کا جائزہ لے کر سرکاری نرخوں پر فروخت یقینی بنائی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ سحر 3

کرنے کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے شہریوں کی روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہونے کی توقع ہےانہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صوبے کے مختلف علاقوں میں عوامی سہولتوں کے منصوبوں پر توجہ دینا قابل تحسین ہے۔ دیپالپور کے شہری بھی جدید سفری سہولتوں کے مستحق ہیں اور گرین بس سروس کا آغاز اس حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔ ایسے منصوبوں سے شہری علاقوں میں آمدورفت کے مسائل کم کرنے، سفر کو آسان بنانے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے اس موقع پر اس امید کا اظہار کیا کہ گرین بس سروس کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا، بسوں کے اوقات کار اور روٹس کو عوامی ضروریات کے مطابق مرتب کیا جائے گا اور مسافروں کو معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے مناسب انتظامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ منصوبے کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ سروس کی باقاعدگی، صفائی، حفاظت اور مسافروں کی سہولت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سے مستفید ہو سکیں انہوں نے مزید کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے ہی حکومت کی کارکردگی کو عوام تک پہنچاتے ہیں۔ جب شہریوں کو روزمرہ زندگی میں حقیقی سہولتیں میسر آتی ہیں تو ان کا اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے۔ دیپالپور میں گرین بس سروس کا آغاز اسی نوعیت کا ایک اہم قدم ہے، جسے بہتر منصوبہ بندی اور مؤثر انتظام کے ذریعے مزید کامیاب بنایا جا سکتا ہیمسلم لیگ (ن) کے سینئر رکن پیر نوید اویسی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ دیپالپور کے شہریوں کو جدید ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرنا خوش آئند ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی دیپالپور اور اس کے گردونواح میں عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہے گا، تاکہ علاقے کے عوام کو بہتر سفری سہولتوں سمیت زندگی کے دیگر شعبوں میں بھی آسانیاں میسر آ سکیں۔

بقیہ سحر 4

اور سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کو ملیں گے شاہین فٹبال کلب حبیب آباد کے کوچ مہر عثمان اکرم، صدر رانا حبیب الرحمٰن، مینجر استاد پرویز اور کپتان عثمان پاٹو نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آل پنجاب فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کا مقصد کھیلوں کو فروغ دینا، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور انہیں صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فٹبال نوجوانوں میں نظم وضبط، ٹیم ورک، برداشت اور بھائی چارے کے جذبات پیدا کرتا ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں پنجاب بھر سے ٹیموں کی شرکت سے شائقین کو بہترین اور دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ عہدیداران نے مزید کہا کہ کھیلوں کے فروغ کے لیے ایسے مقابلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے اور نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انہوں نے تمام فٹبال ٹیموں، شائقین اور اہل علاقہ کو ٹورنامنٹ میں شرکت کی دعوت بھی دی

بقیہ سحر 5

لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر غزالہ یاسین، اسسٹنٹ کمشنرز، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے، ڈی ایس پی ٹریفک، ڈی ایس پی پولیس، ڈی او انڈسٹریز، ڈی او ریسکیو1122، شوگر ملز کے نمائندگان سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ گنے سے لدی ٹرالیوں کو مین روڈز پر کھڑا کرنے کے بجائے شوگر ملز کے احاطے میں مناسب جگہ پر پارک کیا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور سڑکوں پر ٹریفک حادثات کے خطرات کو کم کیا جا سکے۔ مزید برآں، گنے کی ٹرالیوں کے پچھلے حصے پر ریفلیکٹنگ لائٹس اور نمایاں عکاس پٹیاں لگانے کی ہدایت کی گئی تاکہ رات کے وقت اور کم روشنی میں پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو ٹرالیوں کی واضح نشاندہی ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ہدایت کی کہ ایکسل لوڈ مینجمنٹ پالیسی پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور مقررہ وزن سے تجاوز کرنے والی گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ اوورلوڈنگ کی روک تھام کے لیے چیکنگ اور نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق اقدامات کیے جائیں۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد، گنے کی ٹرالیوں کی مناسب پارکنگ، رات کے وقت نمایاں لائٹس کی تنصیب اور سڑکوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں شوگر ملز کے نمائندگان کو بھی ہدایت کی گئی کہ وہ گنے کی ٹرالیوں کو ملز کے احاطے میں کھڑا کرنے، ریفلیکٹنگ لائٹس کی تنصیب اور ایکسل لوڈ مینجمنٹ پالیسی پر عملدرآمد کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ ان اقدامات پر عملدرآمد کی باقاعدہ نگرانی کی جائے تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ٹریفک حادثات میں کمی لائی جا سکے۔

بقیہ سحر 6

زاہد نذیر خان نے پروجیکٹ کے اغراض و مقاصد، اہم سرگرمیوں اور تعلیمی کامیابیوں پر تفصیلی بریزنٹیشن پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع بہاولپور میں TALEEMGPE پروجیکٹ کے تحت 156 نان فارمل بیسک ایجوکیشن سکولوں کے ذریعے 6,395 طلبہ وطالبات نے پرائمری سطح کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد رسمی تعلیمی اداروں میں داخلہ لیا، جو ضلع میں تعلیمی مواقع کی توسیع اور سکولوں سے باہر بچوں کو باقاعدہ تعلیمی نظام کا حصہ بنانے کی اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نان فارمل تعلیم ان بچوں کے لیے امید کی کرن ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر روایتی سکولوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے۔ تقریب کے دوران پروجیکٹ کے اہداف کے حصول کے لیے محنت اور لگن سے خدمات انجام دینے والے بہترین لٹریسی موبلائزرز، اساتذہ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ نمایاں کارکردگی کے حامل لٹریسی موبلائزرز میں عثمان سرور، ایم صدیق اور نازک حسین شامل تھے، جنہیں ایوارڈز سے نوازا گیا، جبکہ بہترین اساتذہ اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو بھی اعزازات دیے گئے۔ مقررین نے کہا کہ TALEEMGPE جیسے منصوبے تعلیمی محرومیوں میں کمی لانے، بچوں کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے اور ان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر ضلع بہاولپور میں پروجیکٹ کی چار سالہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تعلیم کے فروغ، تعلیمی مساوات اور ہر بچے تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ سحر 7

ملاوٹ شدہ دودھ اور اہی اپنی نگرانی میں ضائع کریں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو بغیر ملاوٹ خوردونوش اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ سحر 8

اور اہم مقامات پر کڑی نگرانی کی جائے اور متعلقہ افسران باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے گندم کی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے محکمہ پولیس کی جانب سے تعاون اور قانون کے مطابق ضروری کارروائیوں کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ گندم کی غیر قانونی نقل وحمل میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس ضمن میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

بقیہ سحر 9

ذریعے شہریوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اصغر علی نے مزید کہا کہ دکاندار اپنی دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹیں نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں، خلاف ورزی پر سخت قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، فیلڈ وزٹس کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا

بقیہ سحر 10

رہائش گاہ میں مقیم ہیں اور سرکاری رہائش گاہ میں قیام کے باوجود ہاؤس رینٹ الاؤنس کی وصولی کن قواعد وضوابط کے تحت کی جا رہی ہے۔ درخواست پر سی ای او ہیلتھ ننکانہ صاحب کی جانب سے انکوائری آرڈر جاری ہونا اس معاملے کی باضابطہ جانچ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انکوائری کے ذریعے متعلقہ ریکارڈ، رہائش کی اجازت اور ہاؤس رینٹ الاؤنس کی ادائیگی کا جائزہ لے کر حقائق سامنے لائے جانے کی توقع ہے، تاکہ اگر کسی قسم کی بے ضابطگی ثابت ہو تو قواعد کے مطابق ذمہ داری کا تعین کیا جا سکے۔ واضح رہے کہ معاملے میں حتمی حقائق اور کسی ممکنہ بے ضابطگی کی تصدیق انکوائری مکمل ہونے کے بعد ہی ہو سکے گی۔

بقیہ سحر 11

اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہ کریں۔ شرکاء نے کہا کہ روٹری کلب 1990ء سے پولیو کے خلاف جنگ اور اس موذی مرض کے خاتمے کے لیے آگاہی پیدا کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا آ رہا ہے۔ روٹری کلب کی جانب سے پولیو کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کی کوششیں قابل ذکر ہیں، جبکہ اس مشن کی کامیابی کے لیے عوامی تعاون اور والدین کا اعتماد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ آخر میں شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے پولیو کے خلاف آگاہی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور عوام تک یہ پیغام پہنچایا جائے گا کہ پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے ہر بچے کے لیے ضروری ہیں، کیونکہ صحت مند بچے ہی روشن اور محفوظ پاکستان کی ضمانت ہیں۔

بقیہ سحر 12

نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ لائن سپرنٹنڈنٹ سمیت ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف انکوائری کرانے اور میٹر کی فوری تنصیب یقینی بنانے پر زور دیا۔ شہریوں اور نمازیوں نے بھی متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈیمانڈ نوٹس کی ادائیگی کے باوجود میٹر نصب نہ ہونے کی وجوہات سامنے لائی جائیں اور مسجد کو ایوریج بل بھیجے کے معاملے کا جائزہ لے کر فوری حل نکالا جائے۔ اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف انکوائری کرائی جائے، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور مرکزی جامع مسجد چشتیاں میں بجلی کے میٹر کی تنصیب بلاتاخیر یقینی بنائی جائے۔

بقیہ سحر 13

بروئے کار لائے جائیں گے ڈی پی او سیالکوٹ

بقیہ سحر 14

اقدامات نجی زندگی کے لیے سنگین خطرہ بن سکتے ہیں۔ ایسے آلات کے استعمال اور خرید و فروخت سے متعلق عائد پابندیوں کا مقصد شہریوں کی پرائیویسی کا تحفظ اور بلیک میلنگ جیسے جرائم کی روک تھام ہے سیمینار کے اختتام پر کالج انتظامیہ اور طلبا نے بہاولنگر پولیس کے اس آگاہی اقدام کو سراہتے ہوئے پولیس افسران کا شکریہ ادا کیا۔ بہاولنگر پولیس کا کہنا ہے کہ نوجوانوں میں قانونی آگاہی، محفوظ ڈیجیٹل سرگرمیوں اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ سے متعلق شعور اجاگر کرنا جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر رہا ہے

بقیہ سحر 15

جاری کیے۔ انہوں نے انچارج کمپلینٹ سیل انسپکٹر ریحانہ کوکب کو تمام درخواستوں کا باقاعدگی سے فالو اَپ لینے اور ان پر ہونے والی کارروائی کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔

اس موقع پر ڈی ایس پی رینالہ سرکل غازی آصف بیگ اور ایس ایچ او تھانہ صدر رینالہ ظفر اقبال وایس ایچ او ستی جہانزیب وٹو بھی موجود تھے۔

ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کا بروقت ازالہ اور پولیس وعوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں کی شکایات کا میرٹ پر حل اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنانا اوکاڑہ پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ سحر 16

ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے اور قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ سحر 17

ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز احمد سلیم چشتی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام ضروری سامان کی دکانوں میں شفٹنگ اور دیگر کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ فوڈ سٹریٹ کو فوری طور پر شہریوں کے لیے فعال کیا جا سکے۔ احمد سلیم چشتی نے مزید کہا کہ اوکاڑہ میں جدید فوڈ سٹریٹ کے قیام سے شہریوں کو معیاری اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک اور بہترین تفریحی ماحول میسر آئے گا۔ اس لیے تمام دکاندار اپنا سامان بلا تعطل اور فوری طور پر شفٹ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تمام مراحل کی خود نگرانی کر رہی ہے تاکہ دکانداروں اور شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا سکیں

بقیہ سحر 18

بشیر ایس ایچ او تھانہ پھلورہ سے پولیس لائنز تبدیل ترجمان سیالکوٹ پولیس

بقیہ سحر 19

نے کہا کہ صفائی کے لئے دستیاب تمام فیلڈ وسائل کو بہترین انداز میں بروئے کار لایا جائے، شہری علاقوں میں صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جائے اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور صاف ستھرا ماحول یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں فرائض کی انجام دہی میں سستی، غفلت اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جائے گی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور ایم ڈی ستھرا پنجاب سیالکوٹ مزمل الیاس بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 20

کرلیا، ان پر الزام یہ تھا کہ انہوں نے ایک خاتون کے بارے میں نازیبا الفاظ اور قابل اعتراض ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کی ہیں۔

بقیہ سحر 21

گیا تھا۔ ایک ہی خاندان میں پیش آنے والے ان واقعات نے اہلِ خانہ کو شدید صدمے سے دوچار کر دیا ہے

بقیہ سحر 22

سٹریٹ لائٹ، محمد عمیر بشیر بٹ کو انتخابی نشان بوتل، محمد آصف کو انتخابی نشان کرکٹ سٹمپس، محمد فرحان کو انتخابی نشان پنکھا الاٹ کئے گئے ہیں، اب حتمی طور پر 7 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا، حلقہ پی پی 203 میں کل ووٹرز کی تعداد 2 لاکھ 58 ہزار 122 ہے، جہاں، مرد ووٹرز کی تعداد ایک لاکھ 35 ہزار 728 ہے جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد ایک لاکھ 22 ہزار 394 ہے، حلقہ میں کل پولنگ اسٹیشن کی تعداد 185 ہے، جبکہ پولنگ بوتھ کی تعداد 555 ہے، مرد پولنگ اسٹیشن کی تعداد 55 جبکہ خواتین پولنگ اسٹیشن کی تعداد 53 اور مشترکہ پولنگ اسٹیشن کی تعداد 77 ہے، جبکہ پولنگ 8 نومبر کو ہوگی، انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ کے ساتھ ہی حلقے میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں اور تمام امیدواروں نے اپنی انتخابی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ حلقے میں شفاف اور پرامن پولنگ کو یقینی بنانے کے لیے تمام انتظامات مکمل کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ سحر 23

ذریعے 5 لاکھ 21 ہزار سے زائد رقبہ پر دھان کی باقیات کی تلفی عمل میں لائی گئی ہے۔ اب تک صوبہ بھر میں دھان کی فصل کو آگ لگانے کے 118 واقعات ہوئے ہیں۔ دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے عناصر کو مجموعی طور پر 10 لاکھ 65 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ 55 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔

بقیہ سحر 24

تھیں۔ وقوعہ کے فوری بعد 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع بھی دی گئی۔

شہری نے SHO سٹی دیپالپور اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کے خلاف ناجائز تجاوز، اسلحہ کے زور پر دھمکیاں اور جان سے مارنے کی دھمکیوں پر قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کیا جائے۔

ذرائع کے مطابق درخواست فرنٹ ڈیسک پر جمع کروا دی گئی ہے اور پولیس کی جانب سے میرٹ پر قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔

بقیہ سحر 25

ہے۔ غریب اور متوسط طبقے کے لیے روزمرہ اخراجات پورے کرنا پہلے ہی مشکل ہو چکا ہے، جبکہ ایل پی جی کی مبینہ من مانی قیمتوں نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اس حوالے سے شہری مزمل گجر ایڈووکیٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی ادارے عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ اگر ایل پی جی سرکاری نرخ سے زائد قیمت پر فروخت ہو رہی ہے تو متعلقہ اداروں کو فوری کارروائی کرتے ہوئے قیمتوں کو کنٹرول کرنا چاہیے اور عوام کو ناجائز منافع خوری سے تحفظ فراہم کرنا چاہیے شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر بہاولنگر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چشتیاں میں ایل پی جی کی قیمتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، پلانٹس سے فروخت تک قیمتوں کی جانچ پڑتال کی جائے اور سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر سرکاری نرخ اور مارکیٹ میں وصول کی جانے والی قیمتوں میں اتنا بڑا فرق ہے تو متعلقہ پرائس کنٹرول اور انتظامی ادارے کارروائی کیوں نہیں کر رہے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کر کے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ سحر 26

ہیں جن میں سے 120 ووٹ کاشت ہوئے ہیں۔

بقیہ سحر 27

نرخ مقرر کرنے کا عوام کو کیا فائدہ پہنچ رہا ہے جمبر کے شہریوں کا کہنا ہے کہ سردیوں میں ایل پی جی گیس کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے ایسے میں قیمتوں پر قابو نہ پایا گیا تو غریب اور متوسط طبقے کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مزید مشکل ہو جائے گا عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ گیس فروخت کرنے والے دکانداروں کے نرخوں کی فوری جانچ پڑتال کی جائے اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے جمبر کے شہریوں نے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر سمیت متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایل پی جی گیس کی سرکاری نرخوں پر فروخت یقینی بنائی جائے شہریوں نے واضح کیا کہ انہیں کاغذی کارروائی یا نمائشی چھاپوں کے بجائے عملی اقدامات اور حقیقی ریلیف چاہیے اب دیکھنا یہ ہے کہ متعلقہ حکام عوامی شکایات کا نوٹس لے کر ایل پی جی گیس کی قیمتوں کو کنٹرول کرتے ہیں یا مہنگائی کے ہاتھوں پریشان شہری اسی طرح مبینہ منافع خوری کا بوجھ برداشت کرتے رہیں گے

بقیہ سحر 28

الزام عائد کیا کہ منظور احمد جٹ نے ساجدہ پروین کے والد محمد شفیع کمبوہ سے 1997 میں زرعی اراضی خریدی تھی، 2007 میں محمد شفیع کمبوہ نے کیس کیا جو خارج ہوگیا، بعدازاں 2009 میں ساجدہ پروین نے مختار عام لیا اور اس نے عدالت میں دعویٰ دائر کر دیے، ابھی عدالتوں میں کیس زیرالتوا ہیں کہ چند روز قبل ساجدہ پروین نے اپنے دیگر ساتھیوں بدر منیر پھلروان، محمد اشرف پھلروان، محمد یاسین پھلروان، صابر علی کلو، پٹواری علی عمران کھگہ، ایک کانسٹیبل، سابق تحصیلدار محمد سرور کے ہمراہ زرعی اراضی پر دھاوا بول دیا اور بیجائی کی ہوئی فصل پر ٹریکٹر پھیر دیا، اور لاکھوں روپے کی فصل تباہ و برباد کر دی، متاثرین کے مطابق محکمہ ریونیو نے خاتون اور بااثر افراد سے مبینہ ملی بھگت کی ہے، اگر اراضی کے قبضہ کا کوئی معاملہ ہوتا، تو محکمہ ریونیو کے سینئر افسران، پیرافورس اور پولیس کی بھاری نفری موجود ہوتی، مگر ایسا کوئی افسر پیرافورس یا سینئر ریونیو ملازمین نہیں آئے، متاثرین نے کہا ہم نے یہ اراضی 30 سال قبل خریدی ہوئی ہے، تمام انتقال ریکارڈ ہمارے پاس موجود ہے، محکمہ ریونیو کے چند ملازمین ساجدہ پروین کے ساتھ ساز باز ہو کر ہم سے زمین چھیننا چاہتے ہیں اور قبضہ کرنا چاہتے ہیں، علاقے کے امام مسجد شوکت علی شیخ سکول پرنسپل طارق بنڈارانے بتایا کہ ہماری موجودگی میں یہ جگہ منظور احمد جٹ نے خریدی تھی، اب اس جگہ پر چند افراد بے ایمان ہوگئے ہیں اور ان شرفاء سے جگہ ہتھیانا چاہتے ہیں، متاثرین نے چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس اف لاہور ہائیکورٹ، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب، کمشنر ساہیوال، ار پی او ساہیوال، ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا، ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ سے اپیل کی ہے کہ ہماری زمین کی آزادانہ شفاف تحقیقات کروائی جائیں اور ہماری زمین پر قبضہ کرنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے

بقیہ سحر 29

کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ریسکیو آپریشن کے دوران ریتلی مٹی کے مسلسل سرکنے اور دشوار گزار حالات کے باعث امدادی کارروائیوں میں شدید مشکلات پیش آئیں، تاہم تمام ٹیموں نے باہمی تعاون، مربوط حکمتِ عملی اور غیر معمولی محنت سے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں۔ انہوں نے اس عزم اور پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکار مشکلات کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرتے ہوئے نتیجہ خیز کردار ادا کرتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے سانحہ میں جاں بحق ہونے والے 18 سالہ رمضان ولد ریاض اور 35 سالہ منیر ولد اصغر کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کیلئے دعائے مغفرت اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا ثوبیہ فلک سمیت ریسکیو آپریشن میں شریک تمام محکموں کے افسران و اہلکاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مشکل ترین حالات میں فرض شناسی، جواں مردی اور باہمی اشتراک کے ساتھ شہریوں کی خدمت کرنا قابلِ قدر اور قابلِ تقلید مثال ہے۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ سہیل اختر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رافعہ قیوم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر انصر علی اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 30

کے ذریعے ہراساں کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ سحر 31

کے امیدوار چوہدری معیز شفقت ایڈووکیٹ نے کہا کہ وہ تمام وکلاء کی بلاامتیاز خدمت، بار کے انتظامی امور میں بہتری اور وکلاء کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے تقریب کے اختتام پر وکلاء کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا جبکہ شورکوٹ بار کی ترقی، پینل کی کامیابی اور ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

بقیہ سحر 32

کرنے کے لیے کافی ثابت نہیں ہو سکی۔

شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ شیر گڑھ بائی پاس کی فوری مرمت، نکاسی آب کے نظام کی بحالی اور گٹروں کے گندے پانی کی مستقل نکاسی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو روزانہ کی اذیت سے نجات مل سکے۔ اہل علاقہ نے وزیراعلیٰ پنجاب سے اپیل کی ہے کہ وہ اس سنگین عوامی مسئلے کا خودنوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی اور مسئلے کے مستقل حل کے احکامات جاری کریں۔

بقیہ سحر 33

پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کے تمام دوستوں نے شرکت کی

بقیہ سحر 34

ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید احمد، خواجہ عامر کوریجہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ کوٹ مٹھن شریف، پریس کلب پاکپتن کے سابق صدر وقار فرید جکھڑ، پیر غلام قطب الدین چشتی سجادہ نشین پاک پتن شریف، سید حیدر امام گیلانی نواسہ چن پیر، میاں ریاض احمد چکوکا ماڑی چکوکی، سید افضال حسین زنجانی سجادہ نشین میر اں زنجانی، میاں علی عمران ہوتیانہ، سیاسی سماجی رہنما چوہدری ذوالقرنین اکرم آرائیں، چوہدری حسنین اکرم آرائیں، چوہدری معین اختر آرائیں سیاسی سماجی شخصیات، جید علماء، سجادگان خصوصی شرکت کرینگے 24 اکتوبر بروز ہفتہ کو قران خوانی اور چادر پوشی 25 اکتوبر صبح 10 بجے محفل میلاد 26 اکتوبر کو بعد نماز مغرب محفل سماع، ختم شریف اور خصوصی دعا ہوگی انہوں نے کہا کہ عرس مبارک پر ملک، بیرون ملک سے زائرین شرکت کرینگے

بقیہ سحر 35

خاندانوں کے لیے دو وقت کی روٹی پکانا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ اہل علاقہ نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی فروخت کے سرکاری نرخوں کا فوری تعین کیا جائے، دکانوں پر نرخ نامے آویزاں کروائے جائیں اور سرکاری نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ پتوکی تحصیل بھر میں گیس کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو ناجائز منافع خوری سے تحفظ مل سکے اور غریب خاندانوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ، بعنوان: مریم وغیرہ بنام علی شان

اشتہار بنام: علی شان ولد محمد اسحاق ساکن گلہ دربار والہ محمد کوٹ اسحاق نزد عالم چوک گوجرانوالہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 07-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بقیہ سحر 36

خیال کیا گیا۔ قمر ریاض خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے امن کے فروغ اور سفارتی کوششوں کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔ گفتگو میں اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ پاکستان کی عالمی سطح پر مثبت شناخت اور سفارتی روابط میں بہتری ملک کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ پنجاب کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عوامی مشکلات میں کمی لانے، ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور صوبے کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا بھی ذکر کیا گیا۔ اس ضمن میں عوامی سہولت کے لیے کیے جانے والے فیصلوں اور ترقیاتی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں ملکی امور، عوامی ریلیف، سفارتی تعلقات اور پاکستان کی مجموعی صورتحال سمیت مختلف موضوعات زیر بحث آئے جن مسلم لیگی ورکرز نے مشکلات میں پارٹی کا ساتھ دیا اور میاں محمد نواز شریف کے ساتھ کھڑے رہے انہیں مختلف اضلاع میں ایڈجسٹ کرنے کی درخواست کی جسکی تائید انہوں نے کی ملاقات میں سیالکوٹ سے مولوی شکور کریم، احسن ڈار اور دیگر فیملی ممبران بھی شریک تھے میاں محمد نواز شریف اور ان کا خاندان مہمان نوازی کے حوالے سے مشہور ہے اور وضع داری شرافت انکی فیملی کے بچوں میں بھی شامل ہے انکی میزبانی میں حاضرین نے پرخلوص ناشتہ کیا۔

بقیہ سحر 37

ڈسٹرکٹ فنانس سیکرٹری مدثر چیمہ نمبردار۔ وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ گلفام چیمہ نمبردار۔ نائب صدر ڈسٹرکٹ گلفام بریار نمبردار۔ شوکت علی بھٹی نمبردار۔ اکبر گادی نمبردار۔ امجد حسین بھٹی نمبردار۔ رائے منصب نمبردار۔ چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ چیئرمین تنظیمالی پریس کلب رجسٹرڈ سمیت ڈسٹرکٹ گوجرانوالا اور تحصیل نوشہرہ ورکاں سے کثیر تعداد میں نمبرداران نے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں حاضر تمام نمبرداران نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب خوشحال دیہات ایکٹ 2026 میں نمبرداران کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے نمبردار کو ولیج کمیٹی میں شامل کیا جائے علاقائی ترقیاتی منصوبوں میں نمبرداران کو شامل کیا جائے اور نمبرداروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اقدامات کیے جائیں چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نمبردار اپنے موضع کا حقیقی نمائندہ ھے ولیج کمیٹی میں عوامی اور سرکاری نمائندوں کے علاوہ نمبردار کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے نمبردار اپنے گاؤں میں پنچایتی چیرمین ہونے کے ساتھ ولیج کمیٹی میں بھی شامل ہونا چاہیے

بقیہ سحر 38

کی کہ ترقیاتی منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کام کے معیار کو یقینی بنانے اور تمام امور مقررہ مدت میں پای ؟ تکمیل تک پہنچانے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہری علاقوں کی خوبصورتی میں اضافے اور عوام کو بہتر تفریحی ماحول فراہم کرنے کے لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔ متعلقہ افسران منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کریں تاکہ شہریوں کو اس کے ثمرات جلد میسر آ سکیں۔

بقیہ سحر 39

خدمت کرنے اور نمبرداروں کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی خدمت سرانجام دینے میں کوئی کسر اٹھانہیں رکھے گا

بقیہ سحر 40

بیماریاں جلد لاحق ہوتی ہیں ماہر امراض چشم ڈاکٹر مظہر سعید نے کہا کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے اس لئے ضروری ہے کہ شوگر اور بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھا جائے تاکہ دوسری بیماریوں کیساتھ آنکھوں کی بیماریوں سے بھی محفوظ رہا جا سکے

بقیہ سحر 41

کا فیصلہ کیا، جبکہ 8 میڈیکل اسٹورز کو وارننگ جاری کرنے اور 7 اسٹورز کی دوبارہ چیکنگ کے احکامات صادر کیے گئے تاکہ خلاف ورزیوں کی روک تھام اور قانونی تقاضوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مزید 8 کیسز میں متعلقہ میڈیکل اسٹور مالکان کو آئندہ اجلاس میں طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تاکہ ان کے مؤقف کی سماعت کے بعد قواعد وضوابط کے مطابق مزید کارروائی کا تعین کیا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو نے ادویات کی محفوظ اور قانونی فروخت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے متعلق معاملات میں غفلت یا قوانین کی خلاف ورزی قابل قبول نہیں۔ میڈیکل اسٹورز پر ادویات کی خرید وفروخت مقررہ ضابطہ کار کے مطابق ہونی چاہیے اور غیر رجسٹرڈ، ممنوعہ یا زائد المعیاد ادویات کی فروخت کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ میڈیکل اسٹورز کی باقاعدہ چیکنگ جاری رکھی جائے اور خلاف ورزیوں کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ انسانی صحت کے تحفظ کو بھی ترجیح دی جا سکے۔

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج درجہ اوّل فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: محمد افغان بنام عوام الناس وغیرہ

محمد افغان ولد تاجدین ساکن پٹیالہ دوست محمد تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 03-11-2026 کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بقیہ سحر 42

عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے جس طرح مادر جمہوریت نے جدوجہد کی تھی، معروف سیاسی سماجی شخصیت اور پاکستان پیپلز پارٹی پاکپتن کے ضلعی جنرل سیکرٹری بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ نے کہا کہ 26 وی آئینی ترمیم سے عدالتی مارشل لاء ختم ہوگیا ہے پاکستان کا موجودہ جمہوری نظام عدالتی مارشل لاء کے ہاتھوں یرغمال بن چکا تھا ہر وقت عدالتی مارشل لاء کے کاری وار کا جمہوری نظام پر ڈر محسوس ہوتا تھا

بقیہ سحر 43

حالت میں موقع سے گرفتار کر لیا گیا، مقامی ذرائع کے مطابق لڑائی رانا گروپ اور سکھیرا گروپ کے درمیان قصور روٹ کے ٹائم نکالنے پر ہوئی، جو کہ بعد میں اسلحہ سے فائرنگ میں تبدیل ہوگئی، بس اسٹینڈ پر اور متعلقہ علاقے میں خوف و ہراس پھیلا گیا، پولیس موقع پر پہنچ گئی۔

بقیہ سحر 44

دعاؤں اور اساتذہ کی رہنمائی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے مستقبل میں بھی محنت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 45

اجلاس کا مقصد بلوں میں واسا کے بلوں میں درستگی کرنا تھا۔ اس موقع پر ڈی پی آر واسا ندیم اسحاق بھٹی نے کہا کہ واسا صارفین کی شکایات کا ازالہ اور بلوں کی درستگی ادارے کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ صارفین کو چاہیے کہ وہ اپنے بلوں میں کسی بھی قسم کی غلطی یا بے ضابطگی کی صورت میں متعلقہ دفتر سے رابطہ کریں تاکہ صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور شکایات کا بروقت ازالہ کرنے کے لیے متعلقہ عملے کو اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کرنا چاہیے۔ اس اجلاس کو منعقد کروانے میں ڈسٹرکٹ ممبر واسا و پرنسپل گورنمنٹ سٹی ہائی سکول نذیر احمد نے اہم کردار ادا کیا۔ اس موقع پر میٹنگ کوآرڈینیٹر واسا محمد رفیق رحمانی نے کہا کہ پرائیویٹ سکول ٹیچرز سمیت تمام صارفین کے بلوں کی درستگی ضروری ہے تاکہ کسی کو غیر ضروری پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایسی لیے ہنگامی بنیادوں پر اجلاس منعقد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلنگ سے متعلق شکایات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ صارفین اور واسا انتظامیہ کے درمیان رابطے کو بہتر بنانے سے مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل میں مدد مل سکتی ہے۔ محمد رفیق رحمانی نے مزید کہا کہ صارفین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے، تاکہ بلوں کی درستگی کے ساتھ ساتھ عوام کا ادارے پر اعتماد بھی مزید مضبوط ہو۔

بقیہ سحر 46

کے مطابق لاش پھولی ہوئی حالت میں تھی، سر پر چوٹ کے نشانات جبکہ جسم پر سنڈیاں موجود تھیں اور لاش کو جانوروں نے بھی نوچا ہوا تھا۔ تاہم لڑکی کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ اگر کوئی لڑکی یا اس کے ورثا کے بارے میں معلومات رکھتا ہو تو شناخت میں مدد کے لیے تھانہ سیدوالہ سے رابطہ کرے۔ لڑکی کی موت کی اصل وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور تفتیش مکمل ہونے کے بعد معلوم ہو سکے گی۔

بقیہ سحر 47

کھڑے پانی سے رخسانہ کی لاش برا ؟ مد ہوئی۔ مقتولہ کو گلے میں پھندا ڈال کر اور تیز دھار ا؟ لے کے وار کر کے قتل کیا گیا تھا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ کرائم سین یونٹ اور PFSA کی فرانزک ٹیموں نے جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کیے، جبکہ مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی اور تفتیش کا ا؟ غاز کر دیا گیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی کھاریاں سرکل احسان ظفر سندھو کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ گلیانہ انسپکٹر شیراز حیدر اور دیگر پولیس افسران پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی اور ملزم کی جلد گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔ خصوصی پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی، تکنیکی شواہد اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف پہلوو ؟ں سے تفتیش کی اور مقتولہ کے شوہر کاشف علی کو گرفتار کر لیا۔ دورانِ تفتیش ملزم نے اپنے جرم کا اعتراف کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اس کی بیوی کے ساتھ ناچاقی چل رہی تھی اور اس نے خلع کا دعویٰ دائر کر رکھا تھا۔ ملزم نے اسے دعویٰ واپس لینے کا کہا، تاہم اس کے انکار پر اس نے وقوعہ کے روز رخسانہ کو بہلا پھسلا کر گھر لے جانے کے لیے راضی کر لیا اور اس کے گھر کے قریب ہی گلے میں کپڑے کا پھندا ڈال کر قتل کر دیا۔ بعدازاں موت کی تصدیق کے لیے اس پر چھری کے متعدد وار کیے اور لاش قریبی جھاڑیوں میں کھڑے پانی میں پھینک کر فرار ہو گیا گرفتار ملزم سے مزید تفتیش شروع کر دی ہے اور واقعہ کے تمام پہلوو ؟ں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 48

روشن باب ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی ضلع گوجرانوالہ کے سابق سیکرٹری انفارمیشن و سابق نائب ناظم گکھڑ سٹی ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری نے سابق خاتون اول و مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کا شماران سیاسی وقومی راہنماؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے تاریخ کا دھارا بدلا اور ضیائی آمریت کو شکست دی ہم آج کے دن ان کی عظیم جدوجہد، قربانیوں، استقامت اور فہم وفراست کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی زندگی سیاسی کارکنوں کے لئے مشعل راہ ہے ہم آج کے دن یہ تجدید عہد کرتے ہیں کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو اور مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کے عظیم سیاسی مشن، نظریات اور منشور کی تکمیل کے لئے اپنی سیاسی، جمہوری اور عوامی جدوجہد جاری رکھیں گے

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب فیملی جج دیپالپور

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ دلاپانے سامان جہیز ودلاپانے زیور طلائی ودلاپانے دوعدد راس بھینس ودلاپانے اخراجات

عنوان: ساجدہ بی بی وغیرہ بنام عبدالرزاق

اشتہار بنام عبدالرزاق ولد خوشی محمد ساکن چک نمبر 2/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 28-10-2026 بوقت 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..G. Rasoo

بقیہ سحر 49

کی دھمکیوں پر قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق درخواست فرنٹ ڈیسک پر جمع کروا دی گئی ہے اور پولیس کی جانب سے میرٹ پر قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔

بقیہ سحر 50

کی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نومنتخب وائس چیئرپرسن سعدیہ ہاشمی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ سرگودھا ڈویژن میں تائیکوانڈو کے کھیل کے فروغ، کھلاڑیوں بالخصوص نوجوان نسل کو بہترین سہولیات فراہم کرنے اور کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ سحر 51

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 157 واں اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس میں ادویات کی فروخت سے متعلق قوانین کی خلاف ورزیوں اور میڈیکل اسٹورز کے خلاف موصولہ کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، سیکرٹری بورڈ فرخ مجید، ماہر ادویات ڈاکٹر اعجاز احمد اور چاروں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مجموعی طور پر 28 کیسز کی سماعت کی گئی، جن میں بغیر ڈرگ سیل لائسنس ادویات کی فروخت، ممنوعہ وغیر رجسٹرڈ ادویات کی موجودگی اور زائد المعیاد ادویات کی فروخت جیسے سنگین نوعیت کے معاملات زیر غور آئے۔ بورڈ نے قوانین کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کرتے ہوئے 11 کیسز کے چالان ڈرگ کورٹس بھجوانے کا فیصلہ کیا، جبکہ 8 میڈیکل اسٹورز کو وارننگ جاری کرنے اور 7 اسٹورز کی دوبارہ چیکنگ کے احکامات صادر کیے گئے تاکہ خلاف ورزیوں کی روک تھام اور قانونی تقاضوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مزید 8 کیسز میں متعلقہ میڈیکل اسٹور مالکان کو آئندہ اجلاس میں طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تاکہ ان کے مؤقف کی سماعت کے بعد قواعد وضوابط کے مطابق مزید کارروائی کا تعین کیا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو نے ادویات کی محفوظ اور قانونی فروخت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے متعلق معاملات میں غفلت یا قوانین کی خلاف ورزی قابل قبول نہیں۔ میڈیکل اسٹورز پر ادویات کی خرید وفروخت مقررہ ضابطہ کار کے مطابق ہونی چاہیے اور غیر رجسٹرڈ، ممنوعہ یا زائد المعیاد ادویات کی فروخت کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ میڈیکل اسٹورز کی باقاعدہ چیکنگ جاری رکھی جائے اور خلاف ورزیوں کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ انسانی صحت کے تحفظ کو بھی ترجیح دی جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا 157 واں اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس میں ادویات کی فروخت سے متعلق قوانین کی خلاف ورزیوں اور میڈیکل اسٹورز کے خلاف موصولہ کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری، سیکرٹری بورڈ فرخ مجید، ماہر ادویات ڈاکٹر اعجاز احمد اور چاروں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مجموعی طور پر 28 کیسز کی سماعت کی گئی، جن میں بغیر ڈرگ سیل لائسنس ادویات کی فروخت، ممنوعہ وغیر رجسٹرڈ ادویات کی موجودگی اور زائد المعیاد ادویات کی فروخت جیسے سنگین نوعیت کے معاملات زیر غور آئے۔ بورڈ نے قوانین کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کرتے ہوئے 11 کیسز کے چالان ڈرگ کورٹس بھجوانے کا فیصلہ کیا، جبکہ 8 میڈیکل اسٹورز کو وارننگ جاری کرنے اور 7 اسٹورز کی دوبارہ چیکنگ کے احکامات صادر کیے گئے تاکہ خلاف ورزیوں کی روک تھام اور قانونی تقاضوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مزید 8 کیسز میں متعلقہ میڈیکل اسٹور مالکان کو آئندہ اجلاس میں طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تاکہ ان کے مؤقف کی سماعت کے بعد قواعد وضوابط کے مطابق مزید کارروائی کا تعین کیا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر صولت وٹو نے ادویات کی محفوظ اور قانونی فروخت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی صحت سے متعلق معاملات میں غفلت یا قوانین کی خلاف ورزی قابل قبول نہیں۔ میڈیکل اسٹورز پر ادویات کی خرید وفروخت مقررہ ضابطہ کار کے مطابق ہونی چاہیے اور غیر رجسٹرڈ، ممنوعہ یا زائد المعیاد ادویات کی فروخت کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ میڈیکل اسٹورز کی باقاعدہ چیکنگ جاری رکھی جائے اور خلاف ورزیوں کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ انسانی صحت کے تحفظ کو بھی ترجیح دی جا سکے۔

بقیہ سحر 52

پولیس کا منشیات، ناجائز اسلحہ، ون ویلنگ اور غلط نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن؛ دو روز میں 23 مقدمات درج، 23 ملزمان گرفتار، ملزمان سے 11 کلو 500 گرام چرس، 30 لیٹر دیسی شراب، 5 پسٹل اور 2 رائفلیں معہ گولیاں وکارتوس برآمد کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایت پر سیالکوٹ پولیس نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 23 مقدمات درج کر کے 23 ملزمان کو گرفتار کیا۔ منشیات وشراب کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ صدر سیالکوٹ پولیس نے صغیر احمد سے 1300 گرام چرس، مرادپور پولیس نے یوسف خان سے 1680 گرام اور ساجداللہ سے 620 گرام چرس، موترہ پولیس نے ثاقب علی اور صائم عرف ٹوٹا سے الگ الگ 1640 گرام چرس، جبکہ قلعہ کالروالا پولیس نے وارث علی سے 2200 گرام چرس برآمد کی۔ تھانہ کینٹ پولیس نے محمد نوید سے 540 گرام، بیگووالہ پولیس نے حمزہ سے 620 گرام اور سبزپیر پولیس نے شیر خان سے 1260 گرام چرس برآمد کی، صدر ڈسکہ پولیس نے زوہیب اور مدیفر علی سے الگ الگ 5 لیٹر دیسی شراب، جبکہ بمبانوالہ پولیس نے محمد افضل اور علی حمزہ سے الگ الگ 10 لیٹر دیسی شراب برآمد کی۔ منشیات وشراب کی مد میں 13 مقدمات درج کر کے 13 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ حاجی پورہ پولیس نے نوید، کوٹلی سید امیر پولیس نے محمد رضوان اور بیگووالہ پولیس نے فخر عباس سے الگ الگ پسٹل 30 بور معہ گولیاں۔ سٹی پسرور پولیس نے محمد آصف سے پسٹل 30 بور معہ گولیاں اور عدیل سے پسٹل 30 بور معہ گولیاں برآمد کیں۔ موترہ پولیس نے محمد ریحان سے رائفل 12 بور معہ کارتوس اور حسنین علی سے ایک رائفل معہ گولیاں برآمد کیں۔ اسلحہ کی مد میں 7 مقدمات درج کر کے 7 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ون ویلنگ اور غلط نمبر پلیٹ کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ حاجی پورہ پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے ابرار اور تھانہ صدر ڈسکہ پولیس نے زربابل کو گرفتار کر کے الگ الگ مقدمات درج کیے۔ تھانہ حاجی پورہ پولیس نے موٹرسائیکل پر غلط نمبر پلیٹ لگانے والے نبیل احمد کو بھی گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا پیغام ہے کہ منشیات، ناجائز اسلحہ اور شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ شہری مشکوک اور غیر قانونی سرگرمیوں کی اطلاع پولیس کو دیں اور محفوظ سیالکوٹ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ پولیس کا منشیات، ناجائز اسلحہ، ون ویلنگ اور غلط نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن؛ دوروز میں 23 مقدمات درج، 23 ملزمان گرفتار، ملزمان سے 11 کلو 500 گرام چرس، 30 لیٹر دیسی شراب، 5 پسٹل اور 2 رائفلیں معہ گولیاں وکارتوس برآمد کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایت پر سیالکوٹ پولیس نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 23 مقدمات درج کر کے 23 ملزمان کو گرفتار کیا۔ منشیات وشراب کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ صدر سیالکوٹ پولیس نے صغیر احمد سے 1300 گرام چرس، مرادپور پولیس نے یوسف خان سے 1680 گرام اور ساجداللہ سے 620 گرام چرس، موترہ پولیس نے ثاقب علی اور صائم عرف ٹوٹا سے الگ الگ 1640 گرام چرس، جبکہ قلعہ کالروالا پولیس نے وارث علی سے 2200 گرام چرس برآمد کی۔ تھانہ کینٹ پولیس نے محمد نوید سے 540 گرام، بیگووالہ پولیس نے حمزہ سے 620 گرام اور سبزپیر پولیس نے شیر خان سے 1260 گرام چرس برآمد کی، صدر ڈسکہ پولیس نے زوہیب اور مدیفر علی سے الگ الگ 5 لیٹر دیسی شراب، جبکہ بمبانوالہ پولیس نے محمد افضل اور علی حمزہ سے الگ الگ 10 لیٹر دیسی شراب برآمد کی۔ منشیات وشراب کی مد میں 13 مقدمات درج کر کے 13 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ حاجی پورہ پولیس نے نوید، کوٹلی سید امیر پولیس نے محمد رضوان اور بیگووالہ پولیس نے فخر عباس سے الگ الگ پسٹل 30 بور معہ گولیاں۔ سٹی پسرور پولیس نے محمد آصف سے پسٹل 30 بور معہ گولیاں اور عدیل سے پسٹل 30 بور معہ گولیاں برآمد کیں۔ موترہ پولیس نے محمد ریحان سے رائفل 12 بور معہ کارتوس اور حسنین علی سے ایک رائفل معہ گولیاں برآمد کیں۔ اسلحہ کی مد میں 7 مقدمات درج کر کے 7 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ون ویلنگ اور غلط نمبر پلیٹ کے خلاف کارروائیوں میں تھانہ حاجی پورہ پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے ابرار اور تھانہ صدر ڈسکہ پولیس نے زربابل کو گرفتار کر کے الگ الگ مقدمات درج کیے۔ تھانہ حاجی پورہ پولیس نے موٹرسائیکل پر غلط نمبر پلیٹ لگانے والے نبیل احمد کو بھی گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا پیغام ہے کہ منشیات، ناجائز اسلحہ اور شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ شہری مشکوک اور غیر قانونی سرگرمیوں کی اطلاع پولیس کو دیں اور محفوظ سیالکوٹ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

نوٹس گمشدگی؛؛ بیمہ پالیسی کاغذات؛؛

پالیسی نمبر 5-608262344 جاری کردہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

محمد عاشق ولد جلال دین ساکن اسلام پورہ ڈاکخانہ دیپالپور، قلعہ جوند سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی کو ملے یا اس کی بابت کوئی مطالبہ ہو تو تاریخ اشاعت کے ایک ماہ کے اندر شعبہ پالیسی ہولڈر سروس کو مطلع کریں۔ اس کے بعد کوئی اعتراض و دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن آف پاکستان ساہیوال زون

Cr..Imam Dir

بقیہ سحر 53

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ضلعی دفتر سیالکوٹ اور سماجی تنظیم بیداری کے اشتراک سے گورنمنٹ گرلز علامہ اقبال کالج، خادم علی روڈ سیالکوٹ کے اصغر سودائی آڈیٹوریم میں ووٹرز آگاہی سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد شہریوں، بالخصوص خواتین اور نوجوانوں میں ووٹر رجسٹریشن، حق رائے دہی کی اہمیت اور جمہوری عمل میں مؤثر شرکت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ضلعی الیکشن کمشنر سیالکوٹ سید غلام محی الدین شاہ گیلانی، اسسٹنٹ الیکشن کمشنر سیالکوٹ مس اُم حبیبہ، بیداری کے پروگرام منیجر ساجد اقبال خان، بیداری کی نائب صدر مس حنا نورین اور گورنمنٹ علامہ اقبال کالج برائے خواتین سیالکوٹ کی پرنسپل مس راحیلہ سہیل سمیت دیگر شرکاء نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی الیکشن کمشنر سیالکوٹ سید غلام محی الدین شاہ گیلانی نے کہا کہ ووٹ ہر اہل شہری کا بنیادی جمہوری حق ہے اور اس کا ذمہ دارانہ استعمال قومی ترقی، عوامی نمائندگی اور جمہوری نظام کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ خواتین اور نوجوان ملک کی آبادی کا اہم حصہ ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی ووٹر رجسٹریشن مکمل کروائیں اور انتخابی عمل میں بھرپور شرکت کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کریں۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر جمہوریت کے لیے ضروری ہے کہ ہر اہل شہری اپنے انتخابی حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ ہو۔ ضلعی الیکشن کمشنر نے کہا کہ ووٹرز آگاہی کے لیے تعلیمی اداروں، سماجی تنظیموں اور کمیونٹی نمائندوں کے ساتھ مل کر کام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شہریوں کو چاہیے کہ وہ اپنے ووٹ کے اندراج کی حیثیت معلوم کریں اور اگر ووٹر لسٹ میں ان کا نام درج نہ ہو تو متعلقہ ضابطہ کار کے مطابق اندراج یا ضروری درستگی کے لیے اقدامات کریں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ انتخابی عمل میں عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت سے جمہوری اداروں پر اعتماد کو مضبوط بنانے میں مدد ملتی ہے۔ اسسٹنٹ الیکشن کمشنر سیالکوٹ مس اُم حبیبہ نے انتخابی عمل اور ووٹ کاسٹ کرنے کے طریق ؟ کار سے متعلق عملی مظاہرہ پیش کیا، جس کے ذریعے شرکاء کو پولنگ کے عمل اور ووٹ کے درست استعمال کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر انتخابی حقوق، ووٹرز کی شرکت میں اضافے اور انتخابی شعور کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی گئی تاکہ شہری انتخابی عمل کو بہتر طور پر سمجھ سکیں اور اپنے جمہوری حق کے استعمال کے لیے تیار ہوں۔ بیداری کی نائب صدر مس حنا نورین نے انتخابی حقوق اور ووٹرز کی بڑھتی ہوئی شرکت کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری نظام کو مضبوط بنانے کے لیے شہریوں میں ووٹ کی قدر و اہمیت کا شعور پیدا کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے خواتین کو انتخابی عمل میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دی اور کہا کہ خواتین کی مؤثر شرکت جمہوری نمائندگی کو بہتر بنانے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ گورنمنٹ علامہ اقبال کالج برائے خواتین سیالکوٹ کی پرنسپل مس راحیلہ سہیل نے جمہوریت کے استحکام میں خواتین ووٹرز کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل میں جمہوری اقدار، شہری ذمہ داریوں اور حق رائے دہی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کو اس حوالے سے آگاہی کا مؤثر ذریعہ قرار دیا۔ سیمینار میں نوجوانوں کے کردار اور مضبوط جمہوریت کی تشکیل میں ان کی شرکت کے موضوع پر بھی گفتگو کی گئی۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی ومصالحتی عدالت یونین کونسل نمبر 109 مرغزار کالونی

زیر دفعہ 9-8-7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961

مقدمہ نمبری 109/. 2026

ڈگری تنسیخ نکاح مؤثر کئے جانا

فریق اول۔ فوزیہ دختر محمد جہانگیر ٹاہلی والا کھوہ مرغزار ہاؤسنگ سوسائٹی ملتان روڈ لاہور

فریق دوئم۔ محمد شکیل ولد محمد رفیق ٹاہلی والا کھوہ مرغزار کالونی ملتان روڈ لاہور

فریق اول بذریعہ نوٹس اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ مندرجہ بالا کے ضمن میں بغرض تشکیل ثالثی کونسل متعدد نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ نے ثالثی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کی اور نہ ہی آپ کی طرف سے کوئی نمائندہ پیش ہوا لہذا تمام حجت کے لئے بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے مورخہ 28-10-2026 ہمراہ ثالث تحریری حاضر ہوں عدم حاضری کاروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

C/o..MR

بقیہ سحر 1

بروقت کارروائی کرکے دہشت گردوں کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ دوسری جانب وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے گوادر میں سات دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کوخراج تحسین پیش کیا اورفورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اورعزم کوسراہا۔ محسن نقوی نے کہاکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے۔ انہوں نے کہاکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 2

کو پورا کربھی دیا، تب بھی اس صدی میں زمین کے درجہ حرارت میں 2.6 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل گوتریس نے ایمیشن گیپ رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ گیسوں کا اخراج اب بھی ریکارڈ سطح پر ہے۔ قومی ماحولیاتی منصوبے اورموجودہ پالیسیاں خطرناک حدتک ناکافی ہیں جو 2.6 سے 2.8 ڈگری سیلسیس تک درجہ حرارت میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہی ہیں۔ رپورٹ سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ فی الوقت گلوبل وارمنگ سابق تخمینوں سے تجاوز کر جانے کی توقع ہے۔ سب سے زیادہ پرامیدامکانات کےمطابق صدی کے وسط تک اوسط درجہ حرارت صنعتی انقلاب سے پہلے کی سطح سے 1.7 اور 1.8 ڈگری سیلسیس کے درمیان بڑھ جائے گا۔ کئی ملکوں میں قابل تجدید توانائی میں تیزی سے توسع اور گیسوں کے اخراج کوکم کرنے والی ماحولیاتی پالیسیوں کے باوجود رپورٹ میں ذکرکیا گیا کہ بہترین ممکنہ نتائج حاصل کرنے کے لیے گیسوں کے اخراج میں فوری اور سخت کٹوتی کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گلوبل وارمنگ کا سبب بننے والی گیسوں کے اخراج میں 2030 تک 2025 کی سطح سے 18 فیصد، 2035 تک 45 فیصد اور 2040 تک 69 فیصد کمی ہونی چاہیے۔ موجودہ قومی منصوبے 2030 تک اخراج کی حد صرف 5 سے 8 فیصد اور 2035 تک 11 سے 15 فیصد کمی تک محدود ہے۔ رپورٹ نے پیش گوئی کی کہ موجودہ پالیسیوں کے تحت 2100 تک زمین کا درجہ حرارت 2.8 ڈگری سیلسیس بڑھ جائے گا یا اگرممالک نے اپنی موجودہ ماحولیاتی التزامات پرمکمل عمل درآمد کیا تو 2.6 ڈگری سیلسیس بڑھے گا۔ دونوں تخمینے گزشتہ سال کی پیش گوئیوں سے زیادہ ہیں۔ یہ تخمینے پیرس معاہدے سے امریکہ کے انخلا کے بعد ترمیم شدہ تشخیصات کی عکاسی کرتے ہیں۔ ترکیہ میں ماحولیاتی مذاکرات کے اگلے دور یعنی 31ویں ماحولیاتی کانفرنس کے لیے ممالک کی تیاریوں کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل گوتریس نے کہا کہ گیسوں کے اخراج کو روکنے کی کوششوں کو ترک نہ کرنا انتہائی ضروری ہے۔ یہ حالات سیلاب، آگ اور دیگرقدرتی آفات کوہوادے رہے ہیں۔

بقیہ سحر 3

اس بار اسرائیل ٹرمپ سے پوچھے بغیر ایران پرحملہ کرے گا۔ نیتن یاہو نے کہاکہ امریکی صدرٹرمپ نے یقین دلایاہے کہ وہ کام ختم کرنے کوتیار ہیں۔ نیتن یاہو نے ان خبروں کی تردید کی کہ اکتوبر کے آغاز میں ٹرمپ نے اسرائیل کوایران پرحملوں سے روک دیاتھا۔

بقیہ سحر 4

ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز، پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اورصوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اوردستوں کے اعلیٰ حوصلے اورپیشہ ورانہ مہارت کوسراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اورآپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیارکو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پرزوردیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گردتنظیموں کے خلاف مہم کوبھرپور طریقے سے جاری رکھیں گےاوروہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سیکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سیدعاصم منیر نے اس بات کااعادہ کیاکہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اوران کے بگڑے ہوئے نظریات کوضرورشکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کورکمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ سحر 5

منصوبوں میں تاخیر پرحکومتوں کوتنقید کا نشانہ بنایا اور اعلان کیا کہ جماعت اسلامی پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی تحریک کوآگے بڑھاتے ہوئے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کی تیاری کررہی ہے۔ انہوں نے کہاکہ جماعت اسلامی کےزیرانتظام ٹاؤنز میں ترقیاتی کام جاری ہیں اورٹاؤن چیئرمین دستیاب اختیارات سے بڑھ کرعوامی خدمت کررہے ہیں، تاہم ان کے مطابق کراچی کے میئرنے اختیارات روک رکھے ہیں

بقیہ سحر 6

بی اورمشرقی علاقوں میں شہری ہوائی اڈوں اور رہائشی علاقوں کونشانہ بنانے والےحملوں کے سلسلے کے تناظر میں یمنی صدارتی قیادت کونسل نے کہا کہ داعش، القاعدہ اوربوکوحرام کا مقابلہ کرنے کے لیے عالمی تحریک کی طرزپر حوثی ملیشیا کا مقابلہ کیا جائے۔ رشاد العلیمی نے ریاض میں آٹھ ملکوں کے سفیروں کی اعتمادی اسناد وصول کرنے کےلیےان سے الگ الگ ملاقاتوں کے دوران کہا کہ ایئرپورٹس اور شہریوں کو نشانہ بنانا اور آبادی کو بنیادی ضرورتوں سےمحروم کرنابین الاقوامی سطح پر فیصلہ کن اقدامات کا تقاضا کرتاہے۔ ان میں حوثیوں کودہشت گردتنظیم قرار دینا، ان کی فنڈنگ کے ذرائع خشک کرنا اوران تک ہتھیاروں اورعسکری ٹیکنالوجی کی رسائی کو روکنا شامل ہے۔ یمنی صدارتی قیادت کونسل کے سربراہ نے حوثی ملیشیا پرعدن اورریان کے ہوائی اڈوں کونشانہ بنانے اورتعزشہراورمرب و دیگرصوبوں کے رہائشی علاقوں پرحملے جاری رکھنے کاالزام عائد کیا اورشہریوں، بنیادی ڈھانچے اورانسانی صورتحال پران تجاوزات کے نتائج سے خبردار کیا۔ انہوں نے اس بات کوسراہاکہ بین الاقوامی برادری کے پاس حوثیوں کی خلاف ورزیوں کے کافی ثبوت موجود ہیں، لیکن اس نے ابھی تک ایسے اقدامات نہیں اٹھائے جوان کی خطرناکی کے متناسب ہوں۔ انہوں نے سلامتی کونسل کی قراردادوں کو نافذ کرنے اور خطے کی سلامتی اور بین الاقوامی جہاز رانی کو دھمکانے کی اس جماعت کی صلاحیت کومحدود کرنے کامطالبہ کیا۔

بقیہ سحر 7

گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے دورمیں کرپشن کے خاتمے کےدعوؤں کے برعکس محکمہ تعلیم میں مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، آڈیٹرجنرل کی 2024-25 کی رپورٹ میں محکمہ تعلیم خیبرپختونخوا میں 92 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ بے ضابطگیاں سامنے آگئیں۔ اساتذہ کی بھرتیوں اورفیلبس کی فراہمی سمیت مختلف معاملات میں 37 کروڑ 43 لاکھ روپے کی مبینہ بے ضابطگیاں ہوئیں۔ بنوں سے ہری پورتک سرکاری اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال، مرمت اور بحالی کے فنڈز کرپشن کی نذر ہوگئے۔ ڈی آئی خان، چارسدہ اور بونیر میں متعدد کلاس رومز ناقابل استعمال ہونے سے ہزاروں بچوں کی تعلیم متاثر ہونے کاخطرہ

بقیہ سحر 8

لے کے جھٹکےمحسوس کیے گئے، زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.1 ریکارڈکی گئی۔ زلزلہ پیمامرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹرمشرق میں تھا جبکہ گہرائی 53 کلومیٹرزیرزمین تھی۔ زلزلے کے نتیجے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی جبکہ لوگ کلمہ طیبہ کاوردکرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔

بقیہ سحر 9

ولی عہد اور وزیراعظم شہزادے محمد بن سلمان اور اردن کے بادشاہ عبداللہ دوم نے کی۔ اس کا مقصد مختلف شعبوں میں تعاون اور ہم آہنگی کوفروغ دینا ہے تاکہ دونوں ملکوں اوران کےعوام کے مفادات کی خدمت کی جاسکے۔ یہ تقریب سعودی وزیرخارجہ شہزادے فیصل بن فرحان کی جانب سے اردن کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ و امور تارکین وطن ایمن الصفدی کے استقبال کے بعد سامنے آئی جہاں فریقین نے دوطرفہ تعلقات اوران کوفروغ دینے کےطریقوں کے ساتھ ساتھ علاقائی صورتحال کی پیش رفت اورتنا کوکم کرنے اورامن و استحکام کی بحالی کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ایمن الصفدی نے حوثی حملوں کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ اردن کے کامل یکجہتی اوراپنی سکیورٹی، استحکام، خودمختاری اور اپنے شہریوں اور مقیم افراد کی سلامتی کی حفاظت کے لیےمملکت کی طرف سے اٹھائے جانے والےتمام اقدامات میں اس کے ساتھ کھڑے ہونے کی توثیق کی۔ مذاکرات میں بین الاقوامی قانون کااحترام کرنے، حسن جوار کے اصولوں پرعمل کرنے، ممالک کے امور میں عدم مداخلت اور آبنائے باب المندب اورآبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی سلامتی اورآزادی کویقینی بنانے کی اہمیت کا احاطہ کیا گیا۔ انہوں نے کہاجہاز رانی کی سلامتی عالمی منڈیوں کے استحکام اورتجارتی نقل وحرکت کی روانی میں حصہ ڈالتی ہے۔ واضح رہے دونوں ملکوں کے وزراخارجہ اس کونسل کے جنرل سیکریٹریٹ کی صدارت سنبھالتے ہیں۔ دونوں وزارتیں خارجہ اس کے کاموں کی نگرانی اوراس کے اجلاسوں اوراس سے نکلنے والی وزارتی کمیٹیوں کےاجلاسوں کی تیاری کا ذمہ سنبھالتی

بقیہ سحر 10

ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے پاکستان میں آذربائیجان کے نئے سفیرعرفان داوودوف نے ملاقات کی۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین دوستانہ تعلقات مزید مستحکم بنانے کےعزم کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیرمواصلات نےعرفان داوودوف کا پاکستان میں تعیناتی پرخیرمقدم کرتے ہوئے مبارکباددی اوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہارکیا۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کےفروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مواصلات سمیت اقتصادی وتجارتی تعاون بڑھانے پرگفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیرمواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سےتجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔ انفراسٹرکچر اورعلاقائی رابطہ کاری کے فروغ کے لئے ذرائع آمد و رفت کا مضبوط نیٹ ورک اشد ضروری ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذربائیجان کے ساتھ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ آذربائیجان کے حالیہ دورے سے خوشگوار یادیں اور اچھی توقعات وابستہ ہیں۔ پاکستان آذربائیجان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزیدوسعت دینے کا خواہاں ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات ہیں۔ آذربائیجان کے سفیر نے بھی پاکستان کے ساتھ تعلقات اور باہمی تعاون کومزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ عرفان داوودوف نے عبدالعلیم خان کے ساتھ خوشگوار جملوں کا تبادلہ کرتے ہوئے سابقہ روایات آگے بڑھانے کا عزم دہرایا۔ اس موقع پر آذربائیجان کے موجودہ سفیر خضر فرہادوف کے پاکستان میں کامیاب سفارتی کاری کا بھی ذکرہوا۔

بقیہ سحر 11

امریکا دو طرفہ تعلقات کو انسداد دہشتگردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب شفٹ کی ضرورت ہے۔ واشنگٹن میں ٹیک کنیکٹ تقریب سے رضوان سعید شیخ نے بات کرتے ہوئے کہاکہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں پاکستان کے ابھرتے ہوئے نمایاں مقام کوامریکی مارکیٹ میں موثرتجارتی شراکت دار کے طورپرمتعارف کرانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 12

سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو ایکس پرپیغام میں صدرمملکت نے چین کے صدرشی جن پنگ، زلزلے میں جانی اور مالی نقصان کا سامنا کرنے والے خاندانوں اورچینی عوام کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ صدرمملکت نے چین کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کاعزم کرتے ہوئے زخمیوں کی جلدصحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ سحر 13

فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوگی وہ مائنس ہو جائے گی۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کوختم کیے بغیرلوگوں کی زندگی کو بہترنہیں کیا جاسکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی۔ رانا ثنا اللہ نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28ویں ترمیم پرکوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیاہے۔

بقیہ سحر 14

کیلئے بین الصوبائی بارڈرکی کڑی نگرانی کا حکم دیا اور تمام ڈپٹی کمشنرز کو متعلقہ ضلع میں گندم کی بوائی کاہدف پورا کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نمبردار، گھوڑی پال سکیم اور اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم کے تحت تمام اراضی پرگندم کی کاشت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے تمام اضلاع میں سرکاری اراضی پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ ”ٹرانسفارمنگ مارکیٹ ویسٹ ان ٹو ویلتھ“ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے پامرا کے تحت آف سیزن سبزیوں اورپھلوں کی دستیابی کیلئے ڈی ہائیڈریشن پراجیکٹ کی بھی منظوری دے دی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ کاہنہ میں سبزیوں اور پھلوں کیلئے پنجاب کی پہلا منڈی مارٹ پراجیکٹ شروع ہوچکا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے منڈی مارٹ کی جلدتکمیل کا ہدف مقرر کر دیا اور صوبہ بھرمیں منڈی مارٹ قائم کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے اجلاس کے دوران رمضان المبارک کی ضروریات کے مطابق کیلا، سیب اورکھجور کی کنٹرول نرخ پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کاحکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ ہرڈپٹی کمشنرمتعلقہ علاقے میں کولڈسٹوریج میں کیلا، سیب اور کھجور کی ضرورت کے مطابق سٹوریج یقینی بنائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کھلے دودھ کی حفظان صحت کےمطابق فروخت کی ریگولیشن کیلئےموثر اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سبزیوں، دالوں اور دیگر اجناس سمیت 15 اشیائے خوردونوش کے نرخ کا تقابلی جائزہ پیش کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 10 اشیا کے نرخ میں 252 فیصدتک کی کا ریکارڈ رجحان جاری ہے۔ بیشتر اشیائے خوردونوش کے نرخ مستحکم اور دالوں کے نرخ بھی برقرار ہیں۔ اشیاء کے نرخ کی مانیٹرنگ اوراستحکام کیلئے قیمت ایپ کی اپ گریڈیشن کی جائے گی۔

بقیہ سحر 15

بحالی اور منشیات کےخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام نے اپیل کردی ہے۔ شہریوں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سرعام منشیات کے استعمال پر اظہارتشویش کرتے ہوئے نوجوان نسل کو نشے کی لعنت سے بچانے کا مطالبہ کردیا۔ جنوبی خیبر پختونخوا کے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ منشیات فروشوں، اسمگلروں اورغیرقانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت اور بنوں میں پائیدارامن کے قیام کیلئے نئے کونسلرز موثر کردار ادا کریں۔ گورنرراج کے نفاذ سے روزانہ کے دھرنے، ریلیاں اور انتشارختم ہوچکے اور کاروباری سرگرمیاں بحال ہوگئی ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ امن کی بحالی سے کاروبار معمول پر آگئے ہیں، اب حکومت کومہنگائی پربھی فوری قابو پانا چاہیے۔

بقیہ سحر 16

نلڈ ٹرمپ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سینیٹر الزبتھ وارن نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ جنگ کے دوران کم از کم 23 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ ٹیکس دہندگان کے 45 ارب ڈالرز سے زائد خرچ کیے جا چکے ہیں۔ امریکی سینیٹر کا کہنا تھا کہ تنازع کو تقریبا 8 ماہ ہونے والے ہیں، تاہم کوئی یہ وضاحت نہیں کرپا رہا کہ اس جنگ سے کیا حاصل ہوا ہے اور یہ کب ختم ہوگی؟ دوسری جانب سینیٹر کرس مرفی نے امریکی انتظامیہ کی حکمت عملی پرتنقید کرتے ہوئے کہا کہ صدرٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ شروع کی، لیکن امریکی فوجیوں، سفارت کاروں اور اربوں ڈالرز مالیت کے فوجی اڈوں کے تحفظ کے لیےکوئی قابل عمل منصوبہ موجود نہیں تھا۔ کرس مرفی نے اسے انتظامیہ کی مکمل نااہلی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس صورت حال پر ہرامریکی شہری کوشدید غصہ ہونا چاہیے۔

بقیہ سحر 17

سے ملاقات کی جس میں انسانی حقوق کے تحفظ، ادارہ جاتی تعاون اور اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران میں سبینہ علیوا نے وفد کو آذربائیجان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات اوراصلاحات سے آگاہ کیا۔ انھوں نے بتایا کہ آذربائیجان بین الاقوامی تنظیموں اور مختلف ممالک کے قومی انسانی حقوق کے اداروں، بالخصوص پاکستان کے وفاقی و صوبائی محتسب اداروں کے ساتھ گہرے روابط رکھتا ہے۔ انھوں نے انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے آذربائیجان کے محتسب اور آئینی عدالت کے درمیان جاری تعاون پر بھی روشنی ڈالی اوروفد کوبچوں میں موبائل فون کی لت کے موضوع پرایک دستاویزی فلم دکھائی۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے انسانی حقوق کے تحفظ کے لیےمحتسب کے ادارے کے کردار کوسراہا جبکہ سبینہ علیوا نے انسانی حقوق کے تناظر میں پاکستان کے موقف اور مسئلہ کشمیر کی حمایت کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر چیف جسٹس، جسٹس امین الدین خان کو آذربائیجان کے محتسب کے ادارے کی تیار کردہ رپورٹس اور یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئیں۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت رواں ہفتے آذربائیجان کے سرکاری دورے پر ہیں جہاں ان کے لیے خصوصی عدالتی اورثقافتی پروگرام ترتیب دیے گئے

بقیہ سحر 18

سے بعض کونقصان پہنچااورآگ لگ گئی، جبکہ دیگر جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد ناکارہ ہوگئے۔ دوسری جانب امریکانے ایرانی دعووں کومسترد کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ تہران امریکی انتخابات سے پہلے تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوشش کر رہاہے۔ امریکی میڈیا کےمطابق ایران کی پاسداران انقلاب نے بیان میں کہا کہ نشانہ بننے والے سات جہازوں میں سے چار تیل کی منتقلی میں مصروف تھے اور انہیں رات کے وقت حملوں کا نشانہ بنایا گیا

بقیہ سحر 19

قائم کردیا گیا۔ جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اوربہترین مفادات کےتحفظ کیلئے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔ وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈکورٹ اورانٹرایکٹوریسورس سینٹر بنایا، ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کیلئے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کاتسلسل ہے۔ یونیسیف کے بچوں کیلئے نظام انصاف کی ازسرنوتشکیل کے پروگرام کے مقاصد کو آگے بڑھایا جائے گا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اوراخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ سحر 20

قائم کردیا گیا۔ جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اوربہترین مفادات کےتحفظ کیلئے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔ وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈکورٹ اورانٹرایکٹوریسورس سینٹر بنایا، ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کیلئے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کاتسلسل ہے۔ یونیسیف کے بچوں کیلئے نظام انصاف کی ازسرنوتشکیل کے پروگرام کے مقاصد کوآگے بڑھایا جائے گا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اوراخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ سحر 21

کے حل کے بغیرامن عالم کا قیام ممکن نہیں ہے۔۔ پاکستان تمام تر مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ہندوستان دہشت گرد ملک کے طور پر سامنے آیا ہے۔ ان خیالات کااظہارانہوں نے 79ویں یوم تاسیس کے موقع پراپنے پیغام میں کیا۔ سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ 1947 میں ریاست کشمیر کے لوگوں نے پاکستان بننے سے 23 دن قبل مسلم کانفرنس کے زیراہتمام غازی ملت کی رہائش گاہ سرینگر میں قراردادالحاق پاکستان منظورکرکےاپنا مستقبل پاکستان سے وابستہ کیا تھا۔ بعدازاں مہاراجہ نے اسٹینڈسٹیل ایگریمنٹ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کو دیا ہندوستان نے اسے مسترد کردیا اور پاکستان نے مہاراجہ کی آفر کو قبول کیا۔ اس طرح 16 اگست 1917 کوسرینگر کے ڈاکخانہ سے پاکستانی ٹکٹ پرڈاک جاری ہوئی اور پاکستان کا پرچم سرکاری عمارتوں پر لہرایا گیا مگر ہندوستان نے اپنی مکارانہ چالوں کا سلسلہ جاری رکھا اورسول کپڑوں میں ریاست کے مختلف حصوں میں فوجی بھیجنا شروع کیے اس طرح آزاد کشمیر کےلوگوں نے خطرہ کومحسوس کیااور عسکری جدوجہد شروع کی جس کے نتیجے میں 24 اکتوبر 1947 کوجنجال کے مقام پرانقلابی حکومت وجود میں آئی۔ انہوں نے کہا کہ آزادکشمیر کے اس خطہ کا قیام بیس کیمپ کے تصور کےتحت عمل میں لایا گیا۔ اس خطے کی حکومتوں کی پہلی ترجیح تحریک آزادی کو دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج آزادکشمیر میں تعمیروترقی کاجوسفرتیزی سے جاری ہے اس کے پیچھے کشمیری قیادت کی بصیرت اور منصوبہ بندی ہے۔ آزادکشمیر کےعوام کو ان اسلاف کا شکرگزار ہونا چاہیے جنہوں نے جدوجہد کرکےاس خطےکوآزادی جیسی نعمت سے ہمکنار کیا۔

بقیہ سحر 22

کی کوئی مشترکہ تجویز موجودنہیں، نہ ہی امریکالبنان کی سیاست کےڈھانچے میں تبدیلی کی کسی تجویز کی حمایت کر رہاہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پراپنے بیان میں کہا کہ امریکالبنان کی سیاست کے اس نظام میں تبدیلی کا حامی نہیں جو 1990 میں 15 سالہ خانہ جنگی کے خاتمے کے لیے طے پانے والے طائف معاہدے کے تحت قائم ہوا تھا۔ ٹوئی پکٹ نے اسرائیل، لبنان اورامریکا کے درمیان جون میں طے پانے والے سہ فریقی فریم ورک معاہدے سے امریکی وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہاکہ اس کا مقصد تنازعات کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ اسرائیل، امریکا اور لبنان کے درمیان طے پانے والے معاہدے کےاہم مقاصد میں لبنان کی خودمختاری بحال کرنا، حزب اللہ کوغیرمسلح کرنا اور لبنان سے اسرائیلی فوج کامرحلہ وارانخلایقینی بنانا شامل ہے۔

بقیہ سحر 23

کردیے۔ اوٹاوامیں پاکستانی ہائی کمیشن کی جاری کردہ پریس ریلیز کےمطابق کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) اور رائل کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز آف کینیڈا (RCPSC) کے وفود کی میزبانی کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل جبکہ کینیڈین وفد کی سربراہی آرسی پی ایس سی کے چیف ایگزیکٹوآفیسر ڈاکٹر کرسٹوفر واٹلنگ نے کی۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم و تربیت، ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں بہترین تجربات اورطریقہ کارکے تبادلے کے لیےتعاون کریں گے۔

بقیہ سحر 24

ان سے خاندان اورنسل درنسل محبت، اعتماد اور دوستی کا مضبوط رشتہ ہیں، سی پیک پاکستان اورچین کی دوستی کا تاریخی سنگ میل ہے، جبکہ نوازشریف کی قیادت نے اس منصوبے کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی قیادت میں پنجاب میں 2029ء تک کاروبار دوست معاشی تبدیلی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، برآمدات میں اضافہ، ویلیوایڈیشن اورسرمایہ کاری کے فروغ کیلئے جامع حکمت عملی پرکام جاری ہے۔ سینئرصوبائی وزیر نے بتایا کہ چین کے تعاون سے اگلے سال بین الاقوامی سطح کی ایئرکوالٹی کانفرنس منعقد کی جائے گی، پنجاب میں ایئرکوالٹی مانیٹرنگ سٹیشنز کی تعداد 69 تک بڑھادی گئی ہے جبکہ ہدف 100 سٹیشنز کا قیام ہے۔ مریم اورنگزیب کے مطابق بیجنگ کے کامیاب ماڈل سے استفادہ کرتے ہوئے پنجاب میں سموگ کے تدارک کیلئے سال بھر اقدامات جاری ہیں، ماحول دوست ٹیکنالوجی اورمؤثرنگرانی پرخصوصی توجہ دی جارہی ہے، سپر سیڈرز اور بیلرز کے استعمال سے فصلوں کی باقیات جلانے کی حوصلہ شکنی کی جارہی ہے، جبکہ زرعی باقیات کو معاشی وسائل میں تبدیل کرنے کیلئے جدید طریقوں کے فروغ پرتوجہ دی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی قیادت میں پنجاب میں گرین انرجی اورای موبلٹی کوفروغ دیا جارہا ہے، طلبہ کو ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس کی فراہمی ماحول دوست سفر کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور، ملتان اورسرگودھامیں کینسر کے علاج کی سہولتوں اورضلعی کینسرمراکز کے قیام پرکام جاری ہے جبکہ صحت اور تعلیم میں اصلاحات حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ چینی ڈپٹی ہیڈآف مشن نے وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کے پاک چین تعاون کے فروغ میں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں مشترکہ ترقیاتی منصوبوں کے وسیع امکانات موجود ہیں، سینئرصوبائی وزیرمریم اورنگزیب نے چینی ڈپٹی ہیڈآف مشن کی آمد اورتعاون کی یقین دہانی پرشکریہ اداکیا۔

بقیہ سحر 25

ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم آزاد کشمیر سے نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے وفد نے خصوصی ملاقات کی، جس میں وزیراعظم آزادکشمیر نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا اوردونوں کے مابین اٹوٹ رشتے پر زوردیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزادکشمیر نے کہا کہ بھارتی حکومت نے غیرقانونی طور پر بھارت کے زیرتسلط جموں وکشمیر (IIOJK) کے نہتے عوام پر ناقابل بیان اور بہیمانہ مظالم کی انتہا کردی ہے، مسئلہ کشمیر کا پرامن اور دیرپا حل صرف اورصرف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی روشنی میں ہی ممکن ہے، بھارت آزاد جموں و کشمیر میں عدم استحکام اور انتشار پیدا کرنے کیلئے مسلسل پرتشدد اور شرپسند گروہوں کی حمایت اور پشت پناہی کر رہا ہے۔ وزیراعظم آزادکشمیر نے کہا کہ کشمیری عوام ایسے پرتشددعناصر کویکسر مسترد کرتے ہیں اوراپنے مسائل کے حل کیلئے جمہوری و انتخابی عمل اور اپنے منتخب نمائندوں پربھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، کشمیری عوام کی ترقی، خوشحالی اورفلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہاکہ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں بلکہ اسلامی، نظریاتی اورروحانی ہے، ہم ایک جان دوقالب کی مانند ہیں اور پاکستان کےبغیرکشمیرنامکمل

بقیہ سحر 26

فضل چوہدری نے ایوان میں سوالات کی کارروائی کو موثر اور بروقت مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے تجویز دی ہے کہ وقت کی کمی کے باعث زیربحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے تاکہ اگلے روز کے سوالات کی کارروائی متاثر نہ ہو۔ جمعہ کو سینٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک سوال پر پانچ ضمنی سوالات کیے جانے کے بعد اسے کمیٹی کو بھیج دیا جاتا ہے جس کے باعث دیگر سوالات پر بحث کے لیے وقت محدود رہ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایجنڈے میں 25 سوالات شامل ہوں تو ان میں سے صرف چھ سوالات پر بحث ہوپاتی ہے اوران پر بحث کے بعد انہیں کمیٹی کے سپرد کردیا جاتا ہے جبکہ باقی سوالات زیرالتواء رہ جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس صورتحال میں یاتو سوالات پرایوان میں بحث مکمل کی جائے یا انہیں کمیٹی کو بھیجا جائے، تاہم باقی سوالات کو اگلے روزمنتقل کرنے سے آئندہ روز کی کارروائی بھی متاثر ہوگی۔ انہوں نے تجویز دی کہ باقی ماندہ سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے تاکہ ایوان کا وقت بچایا جا سکے اور سوالات کی کارروائی کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ سحر 27

کے لئے تمام ممکنہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ شکریہ پولیوفرنٹ لائن ورکرز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی محنت، لگن، عزم اورقربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، متعدد پولیو ورکرز نے ملک کو پولیو سے پاک کرنے کے عظیم مقصد کےلئے اپنی جانوں کانذرانہ پیش کیا ہے، ان کی خدمات ملک کی پولیو کے خاتمے کی جدوجہد کا ایک اہم اور ناقابل فراموش حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ترقیاتی شراکت دارگزشتہ کئی دہائیوں سے پولیو کے خاتمے کیلئے تکنیکی مہارت اور مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں جس پر پاکستان ان کا شکر گزار ہے۔ وزیرمملکت نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں فرائض انجام دینے والے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کوروزانہ کی بنیاد پردرپیش مشکل حالات، چیلنجز اور رکاوٹوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے، پاکستان میں پولیو کے خاتمے کی مہم ایسے مخصوص اور دشوار حالات میں جاری ہے جو دنیا کے کئی دیگر حصوں سے مختلف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اپنی محنت، لگن اور غیرمتزلزل عزم کے ساتھ قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں اوران کی خدمات ملک کوپولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پولیو کےمکمل خاتمے تک اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور ملک کو پولیو سے پاک بنانے کے قومی ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ سحر 28

کشمیر کے یوم تاسیس پرآزاد کشمیر کی حکومت، قیادت اور عوام کودلی مبارکباد پیش کی ہے۔ کشمیرمیڈیا سروس کے مطابق ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشداقبال نے ایک بیان میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ تنازع جموں وکشمیر کا منصفانہ اور پرامن حل کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا حصول تحریک آزادی کا بنیادی مقصد ہے۔

بقیہ سحر 29

نا ہے، حکومت غیرضروری دفتری رکاوٹوں کو دور کرنے اور کاروبار کے لیے آسان اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اور جدت کار پاکستان کی سرمایہ کاری پرمبنی معاشی ترقی کے حقیقی محرک ہیں، جامعات کے انکیوبیشن سنٹرز میں تیار ہونے والے نئے کاروباری منصوبے ملک کی معاشی بنیادوں کومضبوط بنانے اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت نوجوانوں کے نئے خیالات اور کاروباری منصوبوں کومقامی سطح سے عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے معاونت فراہم کرے گی تاکہ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کومعاشی مواقع میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پالیسی سازوں، جامعات اور نجی شعبے کے درمیان موثر تعاون پاکستان کے روشن معاشی مستقبل کی کلید ہے، ان اداروں کے باہمی اشتراک سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ، سرمایہ کاری میں اضافہ اورنوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ سحر 30

کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنرخیبر پختونخوا نے کہا کہ پہلی مرتبہ اتنے بڑے اجلاس میں وزیراعظم، فیلڈ مارشل اوراعلیٰ حکام نے شرکت کی، وزیراعظم نے ہمارے مطالبات فوری طور پرتسلیم کیے اور جائز مطالبات پرتعاون کی یقین دہانی کروائی۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کےلیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، شہداپیکیج دیا گیا ہے، تجاوزات کے خاتمے اورصفائی مہم کوبھی ہدف بنایا گیا ہے۔

بقیہ سحر 31

نے کہاہے کہ وفاقی حکومت دہشت گردی سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالے کے لیے مزید مالی معاونت فراہم کرنے کوتیار ہے، تاہم اس کے لیے خصوصی آڈٹ رپورٹ پر متعلقہ کمیٹی میں بحث اور سفارشات ضروری ہیں۔ جمعہ کوسینٹ میں سینیٹر دوست محمد کے توجہ دلانوٹس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے متاثرہ مکانات کے نقصانات کا سروے ابتدائی طور پر پانچ ایجنسیوں میں کرایا گیا تھا جس میں تقریبا ایک لاکھ 44 ہزار مکانات کا سروے کیا گیا۔ ان میں 66 ہزار 989 مکانات کو زیادہ جبکہ 3 ہزار 875 مکانات کوجزوی نقصان پہنچنے کی نشاندہی کی گئی

بقیہ سحر 32

ڈائریکٹر، محترمہ بولورما امگابازار، اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ڈویژن ڈائریکٹر، مسٹرسائمن اینڈریوز بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، استحکام سے پائیدارترقی کی جانب منتقلی اورسرمایہ کاری ونجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ترجیحات پرتبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ سحر 33

کے بعد مظاہرین کومنتشر کرنے کے لیے آنسوگیس کا استعمال کیا۔ متوفی کے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ پولیس اہلکاروں نے گرفتاری کے بعد اس پرتشدد کیا، جس کے نتیجے میں اس کی موت ہوئی۔ خاندان نے واقعے کی شفاف تحقیقات اورذمہ داروں کے احتساب کا مطالبہ کیا۔ تاہم مقامی میڈیا نے رپورٹ کیا کہ مذکورہ شخص کی موت منشیات نگلنے کے باعث ہوئی تھی۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے سڑکیں بند کیں، ٹائر جلائے اور پولیس پرپتھراؤ کیا۔ پولیس نے علاقے میں نیشنل گارڈ کے ایک مرکز کی حفاظت کے لیے آنسوگیس استعمال کی۔

بقیہ سحر 34

ریٹنگس اسکولز موجود نہیں ہیں، کے پی میں اپنے ماحولیاتی مسائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاربن ٹیکس کی رقم کس صوبے کوکتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 2022 اور 2025 میں بھی شدید اور تباہ کن سیلابوں سے دوچار رہا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی پر کاربن ٹیکس عائد کیا جا رہاہے اوروفاق بلاتعطل یہ رقم وصول کر رہا ہے، جو فیڈرل کونسولیڈیٹڈ فنڈ میں جا رہا ہے۔ انہوں نے کہاکہ مشرق وسطی میں جنگی صورتحال ہے اورایران پر دوبارہ حملے کی خبریں سامنے آرہی ہیں، تمام ارکان یہ سوال اٹھارہے ہیں کہ موجودہ صورتحال میں کیا پاکستان کے پاس پٹرول دستیاب ہوگا۔ شیری رحمان نے کہاکہ گزشتہ سال ایل پی جی کے پانچ کارگوآئے تھے جبکہ اس سال صرف دوکارگو آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی سنجیدہ معاملات ہیں، پٹرولیم منسٹرایوان میں آ کر پٹرول اور گیس کے حوالے سے اپنی منصوبہ بندی سے آگاہ

بقیہ سحر 35

ہزار چھ سوسے زائدکارکن شریک ہیں جبکہ متاثرین کے لیے ایک ہزارعارضی مکانات، تقریبا تین ہزار خیمے اور دوسرا سامان بھجوایا گیا ہے جس میں فولڈنگ بیڈز، کھانے پینے کی اشیا، ٹارچز اور سردی سے بچنے کے کپڑے وغیرہ بھی موجود ہیں۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلزلہ چینی وقت کے مطابق رات 10 بج کر 33 منٹ پر آیا، اس کا مرکز ناگچو شہر سے 191 کلومیٹرشمال مشرق میں تھاجبکہ زمین میں اس کی گہرائی 18 کلومیٹر ریکارڈکی گئی۔ بڑے زلزلے کے بعداب چار اعشاریہ تین اور پانچ اعشاریہ دوکے کم سے کم سات آفٹرشاکس بھی آچکے ہیں۔ چینی خبررساں ادارے کے مطابق زلزلے سے بعض علاقوں میں مواصلاتی نظام بھی متاثر ہوا

بقیہ سحر 36

کوآگے بڑھاتے ہوئے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کی تیاری کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کےزیرانتظام ٹاؤنز میں ترقیاتی کام جاری ہیں اورٹاؤن چیئرمین دستیاب اختیارات سے بڑھ کرعوامی خدمت کررہے ہیں، تاہم ان کے مطابق کراچی کے میئرنے اختیارات روک رکھے ہیں، جس کے باعث شہری مسائل کے حل میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں۔ انہوں نے ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف کی مستقل ٹاؤن کے لیےکوششوں کوبھی سراہا۔ امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کوعوام پراضافی مالی بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی طویل عرصے سے اس ٹیکس کے خلاف جدوجہد کررہی ہے اور اس سلسلے میں احتجاجی دھرنے بھی دیے گئے ہیں

بقیہ سحر 37

ای اوسمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 500 سے زائد کاروباری رہنماؤں، چیف ایگزیکٹوز، عالمی سرمایہ کاروں، غیرملکی سفارت کاروں اور خواتین کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور معاشی خودمختاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہاکہ وزیراعظم محمد شہبازشریف کی بصیرت اورفیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا اور اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک معاشی محاذ پربھی مضبوط بنیادپر آگے بڑھےاور قومی ترقی کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔ انہوں نے نجی شعبے پرزوردیا کہ وہ کاروباری روابط میں وسعت، سرمایہ کاری کے نئے مواقع، باہمی تعاون کے فروغ اورجدت پرمبنی اقدامات کے ذریعے ملکی معیشت کومضبوط بنانے میں فعال کرداراداکرے۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اورخودمختاری کے حصول کے لیےکلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ کانفرنس میں ملکی معیشت میں قابل قدر کرداراداکرنے والے کاروباری رہنماں کوسی ای اوایوارڈز سے نوازا گیاجس کا مقصد کاروباری قیادت اورمعاشی ترقی میں نمایاں خدمات کوسراہناتھا۔

بقیہ سحر 38

سینٹ میں سینیٹرشہادت اعوان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیرمملکت نے کہا کہ بدعنوانی جیسے مسائل کے وجودسے انکارکرنا حقیقت پسندانہ طرزعمل نہیں، حکومت ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی توجہ ایف بی آر میں اصلاحات کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں میں نجی شعبے سے بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کوشامل کرنے پربھی مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسٹمز کے روایتی نظام میں درآمدکنندگان اور متعلقہ افسران کے درمیان رابطے کے باعث بے ضابطگیوں کے امکانات موجود تھے اس مسئلے کے حل کے لیے فیس لیس کسٹمزکانظام متعارف کرایاگیاہے۔

بقیہ سحر 39

رفیق نے کہا کہ پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہوچکی ہے، انصاف کی فراہمی کیلئے غیرمعمولی تاخیر اور بے پناہ رکاوٹیں ہیں، مدعی یا متاثرہ فریق کی کوئی شنوائی نہیں اور نہ انہیں کوئی تحفظ حاصل ہے، عام آدمی کوانصاف نہیں مل رہا، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے از خود عدالتی کردار سنبھال لیا ہے، عدالتی عمل کے بغیرسزائیں معمول بن رہاہے، یہ سلسلہ جاری رہا توکوئی بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ موثر نظام عدل قائم نہ کیا گیا تو بات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہرطاقتور کے ہاتھ میں چلی جائے گی، لوگ چوکوں، چوراہوں، گلیوں اور بازاروں میں اپنی عدالتیں لگائیں گے، اس وقت سے بچاجائے۔

بقیہ سحر 40

کثیر تعداد میں شرکت کی۔ آگاہی واک کی قیادت پراجیکٹ ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عرفان ملک نے کی۔ واک کا بنیادی مقصد خواتین کو بریسٹ کینسر کی علامات، بروقت تشخیص اور طبی معائنے کی اہمیت سے آگاہ کرنا اوراس مرض کے حوالے سے پائے جانے والے خدشات اور غلط فہمیوں کو دور کرنے میں مددفراہم کرنا تھا۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عرفان ملک نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ بریسٹ کینسر ایک ایسا مرض ہے جس کی بروقت تشخیص علاج کی کامیابی کے امکانات بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کے حوالے سے شعور وآگاہی حاصل کریں اور چھاتی میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں۔ اگر چھاتی میں مسلسل درد، گلٹی، سوجن یا جلد میں غیر معمولی تبدیلی محسوس ہوتو فوری طور پرمستند ڈاکٹر سے رجوع کریں تاکہ ضروری طبی معائنہ اورتشخیص کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بیماری کی علامات کے بارے میں آگاہی اور بروقت طبی مشورہ خواتین کی صحت کے تحفظ کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی مرحلے میں بیماری کی تشخیص ہونے سے علاج کے بہتر نتائج حاصل کرنے کےامکانات بڑھ جاتے

بقیہ سحر 41

بروقت کارروائی کرکے دہشت گردوں کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ دوسری جانب وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے گوادر میں سات دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کوخراج تحسین پیش کیا اورفورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اورعزم کوسراہا۔ محسن نقوی نے کہاکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے۔ انہوں نے کہاکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 42

اس بار اسرائیل ٹرمپ سے پوچھے بغیر ایران پرحملہ کرے گا۔ نیتن یاہو نے کہاکہ امریکی صدرٹرمپ نے یقین دلایاہے کہ وہ کام ختم کرنے کوتیار ہیں۔ نیتن یاہو نے ان خبروں کی تردید کی کہ اکتوبر کے آغاز میں ٹرمپ نے اسرائیل کوایران پرحملوں سے روک دیاتھا۔

بقیہ سحر 43

کو پورا کربھی دیا، تب بھی اس صدی میں زمین کے درجہ حرارت میں 2.6 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل گوتریس نے ایمیشن گیپ رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ گیسوں کا اخراج اب بھی ریکارڈ سطح پر ہے۔ قومی ماحولیاتی منصوبے اورموجودہ پالیسیاں خطرناک حدتک ناکافی ہیں جو 2.6 سے 2.8 ڈگری سیلسیس تک درجہ حرارت میں اضافے کی طرف اشارہ کر رہی ہیں۔ رپورٹ سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ فی الوقت گلوبل وارمنگ سابق تخمینوں سے تجاوز کر جانے کی توقع ہے۔ سب سے زیادہ پرامیدامکانات کےمطابق صدی کے وسط تک اوسط درجہ حرارت صنعتی انقلاب سے پہلے کی سطح سے 1.7 اور 1.8 ڈگری سیلسیس کے درمیان بڑھ جائے گا۔ کئی ملکوں میں قابل تجدید توانائی میں تیزی سے توسع اور گیسوں کے اخراج کوکم کرنے والی ماحولیاتی پالیسیوں کے باوجود رپورٹ میں ذکرکیا گیا کہ بہترین ممکنہ نتائج حاصل کرنے کے لیے گیسوں کے اخراج میں فوری اور سخت کٹوتی کی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 44

درمیان مقابلے کے لیے شائقین کرکٹ میں خاصا جوش وخروش پایا جاتا ہے ون ڈے انٹرنیشنل میچ مقامی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا، پاکستان ٹیم ٹریننگ سیشن کے ذریعے میچ کے لیے اپنی تیاریوں کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہے، جبکہ بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کے شعبوں میں بہتر کارکردگی ٹیم کی کامیابی کے لیے اہم ہوگی۔

بقیہ سحر 45

کی اس کامیابی کو جامعہ کے لیے قابل فخراعزازقرار دیا جارہاہے، بین الاقوامی سطح پرطلائی تمغہ جیتنا ان کی محنت، عزم اور کھیل کے شعبے میں صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ شعبہ صحت وجسمانی تعلیم نے اس شاندار کامیابی پر وائس چانسلر لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی اور طالبہ سائبل سہیل کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے اس کامیابی پرفخر کا اظہار کیا ہے، شعبے کی جانب سے امید ظاہر کی گئی کہ سائبل سہیل مستقبل میں بھی اپنی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے پاکستان اور جامعہ کے لیے مزیداعزازات حاصل کریں گی

بقیہ سحر 46

کی تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ مسافر بس گوادر سے کراچی اوروین کراچی سے لسبیلہ جارہی تھی۔ حادثے کی تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے

بقیہ سحر 47

، بچیانہ روڈ اور واربرٹن بائی پاس پر کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران 18 کمرشل دکانیں اور مجموعی طور پر 30 مرلہ رقبے پرمشتمل 4 پراپرٹیز واگزار کروائی گئیں۔ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر ننکانہ عمر جاوید اعوان نے رات کے وقت غیرقانونی تعمیر کی اطلاع ملنے پرمقامی پولیس اورسکیورٹی عملے کے ہمراہ فوری طور پرموقع پر پہنچ کر کارروائی کی۔ غیر قانونی تعمیرات کومسمار کرکے ٹرسٹ پراپرٹی کا قبضہ حاصل کرلیا گیا۔ دوسری جانب لاہور زون میں ایڈمنسٹریٹرعدنان حسن پھلروان کی زیرنگرانی کارروائیاں کی گئیں۔

بقیہ سحر 48

سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 500 سے زائد کاروباری رہنماؤں، چیف ایگزیکٹوز، عالمی سرمایہ کاروں، غیرملکی سفارت کاروں اورخواتین کاروباری شخصیات نے شرکت کی اورمعاشی خودمختاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیرنے کہاکہ وزیراعظم محمد شہبازشریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پرقابو پایااوراپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، اب ضرورت اس امرکی ہے کہ ملک معاشی محاذ پر بھی مضبوط بنیاد پر آگے بڑھے اور قومی ترقی کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔ انہوں نے نجی شعبے پرزوردیا کہ وہ کاروباری روابط میں وسعت، سرمایہ کاری کے نئےمواقع، باہمی تعاون کے فروغ اور جدت پرمبنی اقدامات کے ذریعےملکی معیشت کومضبوط بنانے میں فعال کردارادا کرے۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اورخودمختاری کے حصول کے لیےکلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ کانفرنس میں ملکی معیشت میں قابل قدر کردارادا کرنے والے کاروباری رہنماں کوسی ای او ایوارڈز سے نوازا گیاجس کا مقصد کاروباری قیادت اورمعاشی ترقی میں نمایاں خدمات کوسراہناتھا۔

بقیہ سحر 49

مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ وطن عزیز کے دفاع اور پائیدارامن وسلامتی کے قیام کے لیےسیکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے خلاف رچی جانے والی ہر سازش کو اسی عزم، جرات اور بہادری کے ساتھ ناکام بنایا جاتا رہے گا۔

بقیہ سحر 50

کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے لیے ڈائریکٹ سائننگ کا عمل 23 اکتوبر سے 23 نومبر تک جاری رہے گا اور ہرفرنچائز ایک مارکی کھلاڑی کو براہ راست سائن کرسکے گی تاہم ڈائریکٹ سائننگ کے لیے یہ شرط بھی عائد کی گئی ہے کہ متعلقہ کھلاڑی نے پی ایس ایل کے گزشتہ دو سیزنز میں شرکت نہ کی ہو ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے پلیئر آکشن کا انعقاد 23 جنوری کو ہوگا جبکہ ٹورنامنٹ 18 مارچ سے 2 مئی تک پاکستان کے پانچ سے چھ شہروں میں کھیلا جائے گا پی ایس ایل کی تیاریوں کے سلسلے میں اگلے ہفتے کرکٹ ورکشاپ بھی منعقد کی جائے گی جبکہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کے گولڈ اور سلور ایڈیشنز کا انعقاد پی ایس ایل سے پہلے کیا جائے گا چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل پاکستان میں کرکٹ کا سب سے بڑا اسٹیج ہے گیارہویں سیزن کا اختتام ریکارڈ کراؤڈ کے سامنے ہوا اور اب ہم اس مومینٹم کو آگے لے کر چلیں گے انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ پی ایس ایل کو زیادہ شہروں تک لے کر جائیں گے تاکہ ملک میں کرکٹ کے فروغ اور شائقین کو زیادہ سے زیادہ میچز دیکھنے کے مواقع فراہم کیے جاسکیں سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر نے کہا کہ آج سے ہر فرنچائز کے لیے ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کا بہترین اسکواڈ تشکیل دینے کی دوڑ شروع ہو گئی ہے فرنچائزز ڈائریکٹ سائننگ اور پلیئر آکشن کے ذریعے اپنی ٹیموں کو مضبوط بنانے کی حکمت عملی تیار کریں گی

56ویں جعفر میموریل انٹر سکول ہاکی چیمپئن شپ 2026 کا آغاز

چیمپئن شپ کا باضابطہ افتتاح 25 اکتوبر کو ہوگا[جس کیلئے آرگنائزنگ کمیٹی کا اعلان بھی کردیا گیا ہے

لاہور(سپورٹس رپورٹر) 56ویں جعفرمیموریل انٹر سکول ہاکی چیمپئن شپ 2026 کا آغاز آج 24 اکتوبر سے ایچی سن کالج لاہور کے زیراہتمام ڈیسوٹرف ایچی سن کالج لاہور کی گراؤنڈ پر ہورہاہے۔ ہے۔ جس میں لاہورسمیت پنجاب بھرسے 27 ٹیموں کے درمیان میچز 32 کھیلے جائیں گے۔ چیمپئن شپ کا باضابطہ افتتاح 25 اکتوبر کو ہوگا۔ جس کے لئے آرگنائزنگ کمیٹی کا اعلان بھی کردیا گیاہے۔ ڈائریکٹرٹورنامنٹ عمر زمان خان کے مطابق ٹورنامنٹ آفیسر کمیٹی میں منور حسین، ر۔یزتنویر، مشتاق توانہ' آصف پرویز، یعقوب بھٹی اور عمران شامل ہیں۔ سیکورٹی کمیٹی میں فریداحمد، زاہد افضل اور مشتاق شامل ہیں امپائرنگ پینل میں محمد مشتاق، یاسر خورشید، زاہد حمید، انوار الحق، شہ ریز خورشید، محی الدین اور مبشر شامل ہیں۔ ایونٹ کے شیڈول کے مطابق پہلے روز کھیلے جانے والے میچز میں گورنمنٹ ہائی سکول شاہدرہ کا مقابلہ گورنمنٹ فرقان شہید ہائی سکول شیخوپورہ صبح ساڑھے 12 بجے مدمقابل ہونگے۔ دوسرا میچ نوبل ایمز سکول تتلے اعلی کاموکی اور گورنمنٹ پائلیٹ سیکنڈری سکول وحدت روڈ دوپہر 2 بجے آمنے سامنے ہونگے۔ تیسرے میچ میں گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول قصور اورکمپس بوائز ہائی سکول کے ساتھ ساڑھے تین بجے کھیلے گا۔ ایونٹ میں پہلے روز چار میچز ہونگے دوسرے روز 6 میچز 26 اکتوبر کو پانچ میچ ہونگے۔ 27 اکتوبر کو بھی 5 اور 28 اکتوبر کو چار میچ ہونگے 29 کو بھی 4 میچ کھیلیں جائیں گے 30 اکتوبر کوسیمی فائنل اور 31 اکتوبر کو تیسری پوزیشن اور فائنل کھیلا جائیگا۔ ایونٹ کے ڈراز کے مطابق مجموعی طور پر 32 میچز کھیلیں جائیں گے۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی افتخار ایچ شیرازی ہونگے۔ افتتاحی میچ ایچی سن کالج اور گورنمنٹ ہائی سکول چوہنگ کے درمیان کھیلا جائیگا۔

امورنوجوانان وتوانائی فیصل ایوب کھوکھر کا سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ

صدر چیمبر خاورحسین سپال کی سربراہی میں بزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے ملاقات کی

لاہور(سپورٹس رپورٹر) امورنوجوانان وتوانائی فیصل ایوب کھوکھر نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور صدر چیمبر خاورحسین سپال کی سربراہی میں بزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز، امورنوجوانان، توانائی کے شعبے میں حکومتی اقدامات، مقامی صنعت کے فروغ اورکاروباری برادری کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز کے ذریعے نوجوانوں کوکھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان گیمز میں گنیز بک آف ورلڈریکارڈ قائم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس سے نوجوانوں کوکھیلوں کی سرگرمیوں میں شامل کرنے اورمثبت سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مقامی صنعت اور میڈ اِن پاکستان مصنوعات کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ ملکی پیداوار کو فروغ ملے اور کاروباری سرگرمیوں کوتقویت حاصل ہو۔ انہوں نے مہنگی بجلی کوکاروباری شعبے کا ایک بڑامسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ توانائی کے شعبے میں صنعت کاروں کی قابل عمل تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ صوبائی وزیرفیصل ایوب کھوکھر نے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 35 سال سے زیرالتوا اسکواش کورٹ کا منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل کیا گیا، جوکھیلوں کی سہولیات کی بہتری کے لیے حکومتی اقدامات کی عکاسی کریگا۔۔۔

سیکرٹری یوتھ افیئر زاینڈ اسپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن کی زیرصدارت الوداعی اجلاس ہوا

لاہور(سپورٹس رپورٹر) سیکرٹری یوتھ افیئر ز اینڈ اسپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن کی زیرِصدارت الوداعی اجلاس ہوا۔ ڈی جی اسپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی، ایڈیشنل سیکرٹری شبیر حسین چیمہ اور ڈائریکٹر ایڈمن عابد شوکت کی اجلاس میں شرکت ڈائریکٹر یوتھ افیئر زمحمد فہد، ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد، مرزا ندیم اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ پنجاب بھر کے تمام ڈویژنل اسپورٹس افسران نےآن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اسپورٹس افسران کی جانب سے سیکرٹری اسپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن کی پانچ ماہ کی کارکردگی کوسراہا گیا اسپورٹس افسران کافضل الرحمٰن کے لیےآئندہ ذمہ داریوں میں کامیابی اورنیک خواہشات کا اظہارکیا اسپورٹس کی ترقی کے لیے پانچ ماہ کے دوران ہرممکن اقدامات کیے، سیکرٹری اسپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن نے کہاپاک چین گیمز، اسپورٹس انڈومنٹ فنڈ اوراسپورٹس کارڈ سمیت متعدد اہم منصوبے اوراقدامات کیے، فضل الرحمٰن نے بطورسیکرٹری یوتھ افیئر زاینڈ اسپورٹس پنجاب اپنے عہدے کا چارج چھوڑ دیا۔۔

کنگسٹن کالج میگا سپورٹس فیسٹیول میں شہر بھر کے 30 سے زائد معروف سکولوں کی شرکت

پرنسپل نائلہ فرخ کا بطور مہمان خصوصی شرکت پر رمیش سنگھ اروڑا سے اظہارتشکر کیا

لاہور(سپورٹس رپورٹر) کنگسٹن کالج میگا سپورٹس فیسٹیول میں شہر بھر کے 30 سے زائد معروف سکولوں نے شرکت اولمپیاڈ میں 17 دلچسپ آؤٹ ڈور اوران ڈور کھیل شامل ہیں۔ کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، شطرنج سمیت دیگر کھیلوں میں مقابلے جاری ہیں۔ پرنسپل نائلہ فرخ کا بطور مہمان خصوصی شرکت پر رمیش سنگھ اروڑا سے اظہارتشکر

پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کا کوچز کی نگرانی میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ملکی سیریز کا چوتھا میچ اتوار کو قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

لاہور(سپورٹس رپورٹر) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کا ٹریننگ سیشن کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لیا۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ملکی سیریز کا چوتھا میچ اتوار کوقذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ون ڈے انٹرنیشنل میچ مقامی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگی۔۔۔

پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ایج گروپ ٹرائلز پروگرام کے تحت لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے انڈر 15 اور انڈر 17 کے دوسرے مرحلے کے ٹرائلز کی تیاریاں مکمل کرلی

لاہور(سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ایج گروپ ٹرائلز پروگرام کے تحت لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے انڈر 15 اور انڈر 17 کے دوسرے مرحلے کے ٹرائلز کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ صدرلاہورریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کی خصوصی ہدایات پردوسرے مرحلے کے ٹرائلز 26 اور 27 اکتوبر 2026ء کواتفاق ایل آرسی اے گراؤنڈ میں منعقد ہوں گے۔ شیڈول کے مطابق انڈر 15 کے ٹرائلز 26 اکتوبر جبکہ انڈر 17 کے ٹرائلز 27 اکتوبر کو ہوں گے۔ لاہور ریجن کے پانچوں زونز سے پہلے مرحلے میں کامیابی حاصل کرنے والے منتخب کھلاڑی ہی دوسرے مرحلے کے ٹرائلز میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ اہل کھلاڑیوں کی فہرست جمعہ کے روز جاری کردی جائے گی۔ خواجہ ندیم احمد نے واضح کیا ہے کہ ایج گروپ ٹرائلز کا بنیادی مقصد لاہور میں موجودنوجوان کرکٹ ٹیلنٹ کومیرٹ اورشفاف سلیکشن کے ذریعے آگے لانا اور مستقبل کے لیے باصلاحیت کھلاڑیوں کی مضبوط بنیادفراہم کرنا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مساوی مواقع فراہم کرنا لاہور ریجن کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اورانتخاب کے پورے عمل میں میرٹ، نظم و ضبط اورمقررہ معیارکومقدم رکھاجائے گا۔ ٹرائلز کی نگرانی لاہورریجن کے ہیڈکوچزاعزاز چیمہ اوراشرف علی کریں گے، جبکہ ڈسٹرکٹ کوچز کامران ساجد، آصف اشفاق، کاشف صدیق، عرفان فاضل اورعامرسجاد معاون کوچز کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ اس عمل کے ذریعے کھلاڑیوں کی فنی مہارت، کھیل کی استعداد اورمجموعی کارکردگی کا جائزہ لیاجائے گا۔ صدرلاہورریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے پانچوں زونل صدور کوٹرائلز کے روزکوآرڈینیٹرز تعینات کرنے کی ہدایات بھی جاری کردی ہیں۔ کوآرڈینیٹرز سلیکشن کمیٹی کوضروری انتظامی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ کھلاڑیوں کے پیدائشی سرٹیفکیٹس اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی جانچ پڑتال کے ذمہ دار ہوں گے، تاکہ سلیکشن کے عمل میں شفافیت اورعمر کے تعین سے متعلق قواعد پرمکمل عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ خواجہ ندیم احمد کے مطابق دوسرے مرحلے میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کی عمرکی تصدیق کے لیے کلائی کے ٹیسٹ بھی کروائے جائیں گے۔ اس مرحلے کے بعد کامیاب کھلاڑیوں کی ٹیمیں تشکیل دے کرلاہور ریجن کی سطح پرباہمی مقابلوں کاانعقادکیا جائے گا۔ ان مقابلوں میں کھلاڑیوں کی کارکردگی، فنی صلاحیتوں اورکھیل کے معیارکومدنظررکھتے ہوئے لاہور ریجن کی انڈر 15 اورانڈر 17 کی حتمی ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی۔ خواجہ ندیم احمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لاہورریجن میں نوجوان کرکٹرز کی صلاحیتوں کونکھارنے اورانہیں اعلیٰ سطح کی کرکٹ کے لیے تیارکرنے کے لیے مربوط اور شفاف اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ دوسرے مرحلے کے ٹرائلز اور بعدازاں ہونے والے ریجنل مقابلوں کے ذریعے کئی باصلاحیت کھلاڑی سامنے آئیں گے، جو مستقبل میں لاہوراور پاکستان کرکٹ کی نمائندگی کرنے کی اہلیت رکھتے ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایج گروپ کرکٹ میں سرمایہ کاری دراصل پاکستان کرکٹ کے مستقبل کومضبوط بنانے کی کوشش ہے، اور لاہور ریجن اس ذمہ داری کو پوری سنجیدگی، پیشہ ورانہ مہارت اور میرٹ کےتقاضوں کےمطابق آگے بڑھاتا رہے گا۔

نیشنل ویمین ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے آخری راؤنڈ میں سٹارز کی شاندار فتح

سٹارز کی کپتان طوبہ حسن جبکہ سٹرائیکرز کی کپتان نتالیہ پرویز ہیں

لاہور(سپورٹس رپورٹر) نیشنل ویمین ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے آخری راؤنڈ میں سٹارز کی شاندار فتح، فائنل میں جگہ بنالی سٹرائیکرز نے کونکررز کو ہرا کر جواب میں سٹارز نے صدف شمس کے ناقابل شکست 59 اورارم جاوید کے 47 رنز کی بدولت ہدف 19 اعشاریہ دواوورز میں حاصل کرلیا۔ صدف نے 52

گیندوں پر چھ چوکے اور دو چھکے لگائے ارم جاوید نے 35 گیندوں پر پانچ چوکے اوردو چھکے لگا کر 35 گیندوں پر 47 رنز بنائے جواد کلب گراؤنڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں سٹرائیکرز نے نجیبہ علوی کے ناقابل شکست 63 رنز کی بدولت کونکررز کو 124 رنز کا ہدف دیا نجیبہ علوی نے 52 گیندیں کھیلتے ہوئے آٹھ چوکے اور ایک چھکا لگایا کونکررز کی لیگ سپنر غلام فاطمہ کی چار اوورز میں 14 رنز کے عوض چار وکٹیں جواب میں کونکررز کی ٹیم 14 اعشاریہ ایک اوورز میں 63 رنز ڈھیر ہوگئی عمیمہ سہیل، نیلم مشتاق، تانیہ سعید اوررامین شمیم کی دودووکٹیں۔

ٹورنامنٹ میں لگاتار آٹھویں فتح حاصل کی ٹورنامنٹ کا فائنل 26 اکتوبر کوسٹارز اورسٹرائیکرز کے درمیان اقبال سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ سٹارز کی کپتان طوبہ حسن جبکہ سٹرائیکرز کی کپتان نتالیہ پرویز ہیں روز سٹارز اور انوسیبلز کو فائنل میں جگہ بنانے کے لیے لازمی فتح درکارتھی بوہڑانوالی گراؤنڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں سٹارز نے انوسیبلز کا 141 رنز کا ہدف آخری اوور میں حاصل کیا انوسیبلز نے ایمان فاطمہ کے 85 رنز کی مدد سے مقررہ 20 اوورز میں 140 رنز بنائے ایمان فاطمہ نے 63 گیندوں پر 12 چوکوں اورتین چھکوں کی مدد سے 85 رنزبنائے ایمان فاطمہ اورسیدہ عروب شاہ کی 115 رنز کی شراکت

پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کا بھرپور ٹریننگ سیشن، انگلینڈ کے خلاف میچ کی تیاریاں جاری

انگلینڈ کے خلاف میدان مارنے کے لیے پاکستان تیار، قذافی اسٹیڈیم میں اتوار کو بڑا ٹاکرا ہوگا

تین ملکی سیریز کا چوتھا معرکہ، پاکستان اور انگلینڈ اتوار کو آمنے سامنے ہوں گے، میچ دوپہر ایک بجے شروع ہوگا

لاہور (محمد عاصم راجہ سے) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم نے انگلینڈ کے خلاف اہم مقابلے کی تیاریوں کے سلسلے میں بھرپور ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا، کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں اور کھیل کے مختلف شعبوں میں اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز رکھی پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ملکی سیریز کا چوتھا میچ اتوار کو لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، دونوں ٹیموں کے (بقیہ نمبر 44)

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کا بھرپور ٹریننگ سیشن، انگلینڈ کے خلاف اہم مقابلے کے لیے قومی کھلاڑیوں کی بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی تیاریاں جاری

رحیم یار خان میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم ہلاک، 2 فرار ہونے میں کامیاب

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے تھانہ ایئر پورٹ پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہوگئے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ تھانہ ایئر پورٹ پولیس نے چک 106 پی کے قریب مشکوک 3 موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو مسلح ملزموں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔

تحریک انصاف میں قیادت پر اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر ہی قیادت کریں گے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف خیبر پختون خوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی میں قیادت کے معاملے پر کوئی اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر ہی پارٹی کی قیادت کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے مذاکراتی عمل میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے، محمود اچکزئی نے بھی لچک دکھائی ہے۔ اس سے قبل شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کی مہم سے پارٹی کو بہت نقصان پہنچا ہے۔

عمران خان کی ہمشیرگان کی بلا تاخیر رہائی یقینی بنائی جائے: چودھری سرور

نظر بندی کی مدت مکمل ہونے کے باوجود بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرگان کو کیوں نہیں چھوڑا جا رہا

لاہور (زیڈ این این) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرگان علیمہ خان، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی نظر بندی 30 روز کے لیے تھی جو 20 اکتوبر کو ختم ہو چکی ہے، مگر انہیں تا حال رہا نہیں کیا گیا جو قانون کی خلاف ورزی اور معزز خواتین وان کے اہلخانہ کے ساتھ زیادتی ہے۔

گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیرِ اہتمام بریسٹ کینسر سے آگاہی واک

گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیرِ اہتمام بریسٹ کینسر سے آگاہی واک

لاہور (زیڈ این این) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال لاہور کے زیر اہتمام خواتین میں چھاتی کے سرطان (بریسٹ کینسر) سے متعلق شعور کو اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، آگاہی واک میں ایم ڈی گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر عبد الرحمٰن، پروفیسر مسعود پروفیسر عثمان اور پروفیسر ظہیر اختر کے علاوہ ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی، گھر سے 2 خواتین کی لاشیں برآمد، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ دھمیال کی حدود میں گھر سے 2 خواتین کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں خواتین کو مبینہ طور پر تشدد کے بعد قتل کیا گیا۔ دونوں خواتین کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق فورنزک ٹیموں کو بھی طلب کر کے تمام شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق تھانہ دھمیال میں واقعے کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے۔

صرف مرکزی پورٹل کے ذریعے ڈیٹیکشن بل جاری کیے جائیں، سردار اویس لغاری

بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی طرف سے ڈیٹیکشن بل کی مد میں بجلی صارفین کو اضافی بل ڈالنے کا سختی سے نوٹس لیا ہے اور ڈسکوز کو متنبہ کیا ہے کہ آئندہ سے کسی بھی صارف کو غلط ڈیٹیکشن بل نہ ڈالا جائے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق جمعہ کو ڈسکوز کے بورڈز آف ڈائریکٹرز کے ساتھ اجلاس میں انہوں نے سخت اور جامع اصلاحاتی فریم ورک کے نافذ کرنے کی باضابطہ ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی۔ اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے صوابدیدی اختیارات کو مکمل طور پر ضابطے کا پابند بنایا جا رہا ہے۔

لاہور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ، وزیر اعلیٰ پنجاب دھی رانی پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کا ایک اور اعزاز، طالبہ سائبل سہیل نے بین الاقوامی ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں دو گولڈ میڈلز جیت لیے

ایل سی ڈبلیو یو کی طالبہ سائبل سہیل کی محنت اور شاندار کارکردگی دیگر طالبات کے لیے بھی قابلِ تقلید مثال ہے، وائس چانسلر

شعبے کی جانب سے امید ظاہر کی گئی کہ سائبل سہیل مستقبل میں بھی اپنی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے پاکستان اور جامعہ کیلئے مزید اعزازات حاصل کریں گی

لاہور (ایجوکیشن رپورٹر) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی (ایل سی ڈبلیو یو) کے شعبہ صحت وجسمانی تعلیم کی طالبہ سائبل سہیل نے اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی ماسٹرز ویٹ لفٹنگ مقابلوں 2026 میں دو گولڈ میڈلز جیت کر شاندار کامیابی حاصل کر لی، ان کی اس نمایاں کارکردگی نے پاکستان اور جامعہ کا نام روشن کر دیا سائبل سہیل (بقیہ نمبر 45)

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارت میں اضافے کی گنجائش

لاہور (زیڈ این این) بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان باہمی تجارت اس وقت ایک ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے جس میں کئی گنا اضافے کی صلاحیت موجود ہے۔ باہمی تعاون، تجارتی روابط میں بہتری اور رکاوٹوں کو دور کر کے دونوں ممالک کے تاجر بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چودھری خادم حسین اور بنگلہ دیش کے اعزازی قونصل قاضی ہمایوں فرید نے بھی خطاب کیا۔

لاہور: جماعت اسلامی کے کارکنان نے پٹرولیم لیوی کے خلاف لاہور پریس کلب کے باہر دھرنا دے رکھا ہے

ٹرائی نیشن کرکٹ سیریز کے لیے فول پروف سکیورٹی پلان تشکیل

قذافی اسٹیڈیم اطراف خصوصی پٹرولنگ، سیف سٹیز کیمروں سے مانیٹرنگ کی جائے گی

لاہور (زیڈ این این) ٹرائی نیشن کرکٹ سیریز کے فائنل سمیت چار میچز کے انعقاد کے پیش نظر لاہور پولیس نے جامع سکیورٹی پلان تشکیل دے دیا ہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کے مطابق سیریز کے تمام میچز کے دوران فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کا پہلا میچ 25 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

انسدادِ اغواء سیل لاہور کی مؤثر کارروائی، 6 گمشدہ بچے بازیاب

لاہور (زیڈ این این) سی سی ڈی پنجاب جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ سی سی ڈی انسدادِ اغواء برائے تاوان سیل لاہور نے مختلف علاقوں میں مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے 6 گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے بحفاظت ان کے والدین کے حوالے کر دیا۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق دو بچوں کے اغواء کے مقدمات تھانہ کوٹ لکھپت اور تھانہ فیکٹری ایریا میں درج تھے، جبکہ بچوں کے اغواء کی خبریں نیوز چینلز پر بھی نشر ہوئی تھیں۔ والدین کی اپیل پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔

مہاجرین نمائندہ فورم 1989 کا 27 اکتوبر یومِ سیاہ کے موقع پر احتجاجی ریلی کا اعلان

27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا ایک المناک دن ہے، جب بھارتی فوج جموں وکشمیر میں داخل ہوئی

مظفر آباد (این این آئی) مہاجرین نمائندہ فورم 90-1989 کی جانب سے 27 اکتوبر یومِ سیاہ کے موقع پر عظیم الشان ریلی کا اعلان، 27 اکتوبر کو بھارتی فوج کے جموں وکشمیر میں داخلے اور کشمیری عوام پر مسلط کیے جانے والے مظالم کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا' یوم سیاہ کے موقع پر مظفر آباد میں برہان وانی چوک سے گھڑی پن چوک تک احتجاجی ریلی نکالی جائے گی

کراچی ویسٹ میں پولیس کے دو مقابلے، 2 زخمیوں سمیت 3 ملزمان گرفتار

سرجانی ٹاؤن اور اقبال مارکیٹ میں مسلح ملزمان سے فائرنگ کا تبادلہ

کراچی (این این آئی) ضلع ویسٹ کے علاقوں سرجانی ٹاؤن اور اقبال مارکیٹ میں پولیس کے مسلح ملزمان سے دو الگ الگ مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں سے دو زخمی ہیں، جبکہ ایک ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور دیگر سامان برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر S/55 LDA بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 04235220396
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور: صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر کو چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ کے دورے کے موقع پر ہاکی پیش کی جا رہی ہے

پیٹرول پمپ مالکان کا ڈیلی پرائس میکانزم پر ایک بار پھر تحفظات کا اظہار

آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم سے ملاقات کا وقت مانگ لیا

اسلامو آباد (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل کے حوالے سے پیٹرول پمپ مالکان نے ڈیلی پرائس میکانزم پر ایک بار پھر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم سے ملاقات کا وقت مانگ لیا، آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کو خط لکھ دیا۔ ایسوسی ایشن نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے کاروباری مشکلات بڑھ رہی ہیں، قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے پیٹرول پمپ مالکان کو مالی نقصانات کا سامنا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ اسٹاک کی مالیت کے تعین میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ، سنگجانی احتجاج کیس میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ پیش ہوئے۔ عدالت نے عدم پیشی پر وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ کے پاس پی ٹی آئی احتجاج کیس کا ٹرائل زیر التوا ہے۔ دوسری جانب، انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی سنگجانی احتجاج کیس میں اسد قیصر کی 7 نومبر تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری۔

لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میاں محمد شفقت قاضی کے صاحبزادے عبدالرحمٰن قاضی نے انٹرمیڈیٹ امتحان 524 نمبر حاصل کئے

یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی، ماں باپ کی دعاؤں اور اساتذہ کرام کی محنت کا ثمر ہے، عبدالرحمٰن قاضی

لاہور (سٹاف رپورٹر) واربرٹن کے مشہور ماہر تعلیم اور سماجی راہنما میاں محمد شفقت قاضی کے صاحبزادے عبد الرحمٰن قاضی نے انٹرمیڈیٹ امتحان 2026 پارٹ 1 ایف ایس سی (پری انجینئرنگ) گروپ میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 524 نمبر لے کر اپنے ادارے پاک گیریژن ہائیر سیکنڈری سکول ننکانہ صاحب میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ ایک انٹرویو میں عبدالرحمٰن قاضی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی، ماں باپ کی دعاؤں اور اساتذہ کرام کی محنت کا ثمر ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وہ مستقبل میں انجینئرنگ کے میدان میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے ملک وقوم کی خدمت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ علاقہ بھر کے سیاسی وسماجی تاجر برادری اور صحافی تنظیموں کی طرف سے میاں محمد شفقت قاضی کو مبارک باد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ جس پر انہوں نے ان تمام لوگوں کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا

پاکستان، وسط ایشیائی ریاستوں تک تجارتی راہداریوں کا خواہاں ہے، عبدالعلیم خان

آذر بائیجان کے نئے سفیر عرفان داوودوف کی وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے پاکستان میں تعیناتی پر آذر بائیجان کے سفیر عرفان داوودوف کا گرم جوشی سے خیر مقدم کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارت اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ دونوں جانب سے پاکستان اور آذر بائیجان کے مابین دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بالخصوص مواصلات اور انفراسٹرکچر کے شعبوں، دوطرفہ تجارت، اقتصادی تعاون اور مشترکہ منصوبوں میں توسیع پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے زور دیا کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں تک تجارتی راہداریاں تیار کرنے میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی رابطہ کاری کی بہتری اور تجارتی آمد و رفت میں سہولت کے لیے ذرائع آمد و رفت اور جدید انفراسٹرکچر کا مضبوط نیٹ ورک اشد ضروری ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذر بائیجان کے ساتھ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی اشد ضرورت ہے، انہوں نے اپنے حالیہ دورہ آذر بائیجان کی خوشگوار یادوں کا ذکر کرتے ہوئے مستقبل میں باہمی شراکت داری سے بڑی توقعات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان مختلف اقتصادی شعبوں میں، جہاں وسیع امکانات موجود ہیں۔

متروکہ وقف املاک بورڈ کا لاہور اور ننکانہ میں گرینڈ آپریشن

کروڑوں کی املاک واگزار، ناجائز قابضین کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

ملک بھر میں مرحلہ وار آپریشنز کر کے ٹرسٹ اراضی اصل حالت میں بحال کریں گے، قمرالزمان

لاہور (کرائم رپورٹر) متروکہ وقف املاک بورڈ نے غیر قانونی قابضین کے خلاف سخت اور بلاامتیاز کارروائی کرتے ہوئے لاہور اور ننکانہ زون میں کروڑوں روپے مالیت کی قیمتی ٹرسٹ پراپرٹیز واگزار کروالیں۔ یہ گرینڈ آپریشن چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ قمرالزمان کی بالخصوص دی گئی ہدایات پر عمل میں لایا گیا، جس کے بعد تمام واگزار کروائی گئی اراضی پر بورڈ کے سیکیورٹی اہلکار تعینات کر دیے گئے ہیں۔ ننکانہ زون میں ایڈمنسٹریٹر تنویر حسین اور ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر عمر جاوید اعوان کی زیرِ نگرانی سنت رام روڈ، بچیانہ روڈ اور واربرٹن بائی پاس پر کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران 18 کمرشل دکانیں اور 30 مرلہ رقبے پر مشتمل 4 پراپرٹیز کا قبضہ حاصل کیا گیا۔ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر عمر جاوید اعوان نے رات گئے غیر قانونی تعمیر کی اطلاع ملنے پر پولیس اور عملے کے ہمراہ فوری پہنچ کر مسماری کی کارروائی کی۔ دوسری جانب لاہور زون میں ایڈمنسٹریٹر عدنان حسن پھلروان کی زیرِ نگرانی آپریشن کیا گیا۔

انسداد سموگ مہم، ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن تیز، ناکے قائم

دھواں چھوڑنے اور بغیر ترپال مواد لے جانے والی ہزاروں گاڑیوں کو چالان

آلودگی پھیلانے والی گاڑیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، سی ٹی او

لاہور (زیڈ این این) سموگ کے تدارک کے لیے لاہور ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں سمیت مختلف مقامات پر رات گئے خصوصی ناکے قائم کر کے آلودگی پھیلانے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق لاہور کا آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست ہونا تشویش ناک ہے، انسانی صحت کے لیے آلودگی پھیلانے والی گاڑیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل ہو رہا ہے۔ دھواں چھوڑنے والی 8 ہزار 961 گاڑیوں کو چالان، بغیر ترپال مواد لے جانے والی 5 ہزار 745 اور خستہ حال 20 ہزار 790 گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی۔

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ کر رہے ہیں

تین ماہ کی قانونی جدوجہد کے بعد فلم ''گھوسٹ اسکول'' سندھ میں ریلیز کرنے کی اجازت

سندھ ہائی کورٹ کا فلم بغیر کسی کٹوتی کے ریلیز کرنے کا فیصلہ، 30 اکتوبر کو سندھ اور پنجاب کے سینما گھروں میں نمائش ہوگی

کراچی (این این آئی) سندھ میں تعلیمی مسائل، غیر فعال اسکولوں اور بچیوں کی تعلیم کو درپیش مشکلات کو اجاگر کرنے والی فلم ''گھوسٹ اسکول'' کی سندھ میں ریلیز کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ تین ماہ کی قانونی جدوجہد کے بعد سندھ ہائی کورٹ نے فلم کو بغیر کسی کٹوتی کے ریلیز کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ فلم کی ہدایت کارہ سیماب گل کے مطابق سندھ سنسر بورڈ کی جانب سے فلم کے بعض مناظر حذف کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا، جس کے خلاف انہوں نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔ عدالتی اجازت کے بعد اب فلم کی سندھ میں نمائش ممکن ہوگئی ہے۔

گردوں کی صحت کے لیے 7 غذائیں مفید، نمک کا کم استعمال بھی ضروری

سیب، اسٹرابیری، ترش پھل اور مختلف سبزیاں متوازن غذا کا اہم حصہ، ماہرین کا بلڈ پریشر اور ذیابیطس قابو میں رکھنے پر زور

کراچی (این این آئی) گردے انسانی جسم سے فاضل مادوں کے اخراج، خون کی صفائی اور پانی ونمکیات کا توازن برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جبکہ متوازن غذا اور صحت مند طرزِ زندگی گردوں کی صحت برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق روزمرہ خوراک میں نمک کا استعمال محدود رکھنے کے ساتھ پھلوں اور سبزیوں کو مناسب مقدار میں شامل کرنا مجموعی صحت کے لیے مفید ہے۔ ماہرین کے مطابق سوڈیم کا زیادہ استعمال بلڈ پریشر میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے، جس سے گردوں کو نقصان پہنچنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

وزیراعظم ایف بی آر اور کسٹمز میں اصلاحات پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، بلال اظہر کیانی

حکومت وزیراعظم کی ہدایت پر تعمیراتی شعبے کے لیے جامع پیکج کی تیاری پر کام کر رہی ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اپنا گھر ہاسنگ سکیم کے تحت اہل پاکستانی شہری پانچ فیصد شرح سود پر ایک کروڑ روپے تک قرض حاصل کر سکتے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی نے سینٹ کو بتایا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر اور کسٹمز کے نظام میں اصلاحات، بدعنوانی کے خاتمے اور نجی شعبے سے بہترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو حکومتی نظام کا حصہ بنانے پر خصوصی (بقیہ نمبر 38)

پاکستان ایکسپریس اور قراقرم سمیت اہم ٹرینیں تاخیر کا شکار

مسافروں کی سہولت کے لیے ریلوے عملہ الرٹ، مزید معلومات کے لیے 117 پر رابطہ کریں

لاہور (زیڈ این این) لاہور اور فیصل آباد سے کراچی، کوئٹہ اور راولپنڈی سمیت دیگر شہروں کو جانے والی ٹرینوں کے شیڈول میں تغیر و تبدل سامنے آیا ہے۔ ترجمان ریلوے کے مطابق راولپنڈی سے براستہ فیصل آباد کراچی جانے والی پاکستان ایکسپریس 46- ڈاؤن دوپہر 1 بجکر 30 منٹ کی بجائے 1 گھنٹہ تاخیر سے دوپہر 2 بجکر 30 منٹ پر فیصل آباد سے روانہ ہوگی۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا گوادر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر اظہار تشکر

کرک میں دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ڈی ایس پی سمیت جام شہادت نوش کرنیوالے سمیت 4 پولیس افسران کو خراج عقیدت

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گوادر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر اظہار تشکر کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 3 دہشتگرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈی ایس پی سمیت جام شہادت نوش کرنے والے سمیت 4 پولیس افسران کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شہید ڈی ایس پی عمران الدین، ایس ایچ او افضل اعوان، اہلکار امجد علی اور کاظم کے خاندانوں سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حافظ آباد، باپ سمیت 2 افراد کا قتل، 2 بیٹے اور ماں گرفتار

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد میں کلہاڑی کے وار کر کے باپ اور اس کے دوست کو قتل کرنے والے دونوں بیٹوں اور ان کی ماں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فواد احمد کے مطابق گزشتہ روز حافظ آباد میں کولوتارڑ کے علاقے میں دونوں ملزمان نے ماں کے اکسانے پر باپ اور اس کے دوست کو قتل کر دیا تھا۔

ڈی سی لاہور کا تحصیل کینٹ کا دورہ، صفائی، ڈینگی اور سکول کا معائنہ

لاہور (زیڈ این این) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے چیف آفیسر ایم سی ایل کلیم یوسف، اسسٹنٹ کمشنر کینٹ سیدہ سنبل جاوید اور الائیڈ محکموں کے نمائندوں کے ہمراہ تحصیل کینٹ کے علاقوں نشاط کالونی، بیدیاں روڈ، آرائے بازار اور ملحقہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

لاہور (زیڈ این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اوور سپیڈنگ کی وجہ سے ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا اور حادثے کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ٹریفک پولیس کو روڈ اوور سپیڈنگ پر سخت کارروائی کی ہدایت کی۔

امریکی سفارتخانہ، یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم

نئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش کا افتتاح

اسلام آباد (این این آئی) امریکی سفارتخانے، یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان یعنی یو ایس ای ایف پی اور پاکستان یو ایس ایلومنائی نیٹ ورک کی جانب سے اسلام آباد میں یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم کی گئی نئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش کا افتتاح کیا گیا۔ مذکورہ گیلری کے قیام کا مقصد فنون لطیفہ کے شعبے میں امریکی حکومت کے تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکاء کی کامیابیوں کو اجاگر کرنا ہے۔ گیلری میں منعقد کی جانے والی پہلی انفرادی نمائش لاہور سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ مینا ہارون کے فن پاروں پر مشتمل ہے۔ وہ ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق امریکی محکمہ خارجہ کے ایک تبادلہ پروگرام کی سابق شریک ہیں۔

ہنزہ، گوجال میں ریچھ کی موجودگی کے شواہد

ہنزہ (این این آئی) ہنزہ میں گوجال کے علاقے گلمت میں ریچھ کی موجودگی کے شواہد ملے ہیں۔ ترجمان محکمہ وائلڈ لائف کے مطابق گوجال کے علاقے گلمت میں ریچھ اب تک کسی کو نظر نہیں آیا ہے تاہم دریا کے کنارے اس کے پنجوں کے نشان ملے ہیں، ریچھ کا سراغ لگانے کے لیے محکمہ وائلڈ لائف کی ٹیمیں علاقے میں موجود ہیں۔

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کراچی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے

خواجہ سعد رفیق

موثر نظام عدل قائم نہ ہوا تو بات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہر طاقتور کے ہاتھ میں چلی جائیگی

پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے، انصاف کی فراہمی کیلئے غیر معمولی تاخیر اور بے پناہ رکاوٹیں ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سنگین نوعیت کے مقدمات میں فوری انصاف اور بلا تاخیر فیصلوں کیلئے عدلیہ اور حکومت مل کر ٹھوس لائحہ عمل مرتب کریں، سنگین جرائم کے مجرمان کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاستی اداروں کا فرض ہے جبکہ مجرموں کے شفاف اور فوری عدالتی ٹرائل کے ذریعے انہیں سزائیں دینا عدلیہ کی ذمہ داری ہے۔ اپنے بیان میں خواجہ سعد (بقیہ نمبر 39)

مکہ دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کیلئے امید کی اہم کرن: علامہ ہشام الٰہی ظہیر

مسلم ممالک کے درمیان دفاعی تعاون خطے میں امن اور استحکام کے لیے ضروری ہے

لاہور (زیڈ این این) صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے جمعیت اہلحدیث کے سیکریٹریٹ میں جمعہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ امتِ مسلمہ کے لیے امید کی ایک کرن ہے۔ مسلم ممالک کے درمیان دفاعی تعاون خطے میں امن و استحکام کے لیے گہری اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے زور دیا۔

کراچی، ایچ آئی وی سے متاثرہ 157 بچوں کی ماؤں کو ماہانہ 40 ہزار روپے امداد دینے کا آغاز

کراچی (این این آئی) محکمہ محنت سندھ نے ایچ آئی وی سے متاثرہ 157 بچوں کی ماؤں کو ماہانہ 40 ہزار روپے مالی امداد فراہم کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے، جس کا مقصد متاثرہ بچوں کی غذائی ضروریات اور دیگر اخراجات پورے کرنے میں خاندانوں کی معاونت کرنا ہے۔ حکام کے مطابق اب تک 115 متاثرہ بچوں کی ماؤں کے بینک اکاؤنٹس کھول کر انہیں اے ٹی ایم کارڈز جاری کر دیے گئے ہیں، جبکہ باقی مستحق ماؤں کو امداد کی فراہمی کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، کنگسٹن کالج کے سالانہ سپورٹس ایونٹ میں شریک بچوں سے شفقت کا اظہار کر رہے ہیں

حیدر آباد تعلیمی بورڈ کے نتائج میں مبینہ بے ضابطگیاں، ڈپٹی کنٹرولر معطل

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی اطلاعات اور عوامی شکایات کے بعد حیدر آباد تعلیمی بورڈ کے انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے نتائج میں مبینہ بے ضابطگیوں کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کنٹرولر ٹاپ سیکریٹ برانچ اعجاز علی کاکا کو معطل کر دیا ہے، جبکہ معاملے کی جامع تحقیقات کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی

ڈیفنس اور رنگ روڈ پر خوفناک ٹریفک حادثات میں 4 افراد جاں بحق

گاڑی کا ٹائر پھٹنے اور موٹر سائیکل کی ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکر کے باعث افسوسناک حادثات پیش آئے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں مختلف ٹریفک حادثات کے دوران 4 افراد جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ڈیفنس فیز 4 مین بلیوارڈ پر گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے سے حادثہ پیش آیا جس میں دو نوجوان موقع پر جبکہ تیسرا اسپتال میں دم توڑ گیا۔

کراچی، ہاکس بے پر ڈوبنے والے 16 سالہ نوجوان کی لاش ساحل سے مل گئی

کراچی (این این آئی) ہاکس بے سینڈز پٹ پر سمندر میں ڈوبنے والے 16 سالہ نوجوان کی لاش جمعے کی صبح ساحل سے مل گئی۔ متوفی کی شناخت مزمل ولد ممتاز کے نام سے ہوئی، جو بلدیہ ٹاؤن کے علاقے اتحاد ٹاؤن، قائم خانی کالونی کا رہائشی تھا۔ ایدھی ترجمان عظیم کے مطابق ایدھی کے غوطہ خوروں نے نوجوان کی لاش سمندر سے نکالی اور ایدھی ایمبولینس کے ذریعے ماڑی پور تھانے منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق مزمل جمعرات کو اپنے چار سے پانچ دوستوں کے ہمراہ تفریح کے لیے ہاکس بے آیا تھا، جہاں سمندر میں نہاتے ہوئے

سینیٹر روبینہ خالد کا بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر خراجِ عقیدت

پاکستان پیپلز پارٹی کی جمہوری جدوجہد میں بیگم نصرت بھٹو کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام

اسلام آباد (این این آئی) چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت تھیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بحالی اور آمریت کے خلاف جدوجہد میں ناقابلِ فراموش کردار ادا کیا

لسبیلہ میں مسافر بس اور وین میں تصادم، 11 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

حادثہ لسبیلہ میں اوتھل زیرو پوائنٹ کے مقام پر پیش آیا جس کے نتیجے میں 11 افراد جاں بحق ہوگئے، جبکہ 20 سے زائد زخمی ہوئے ہیں

مسافر بس گوادر سے کراچی اور وین کراچی سے لسبیلہ جا رہی تھی، حادثے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے: حکام

لسبیلہ (نیٹ نیوز) لسبیلہ میں مسافر بس اور وین میں تصادم کے باعث 11 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق حادثہ لسبیلہ میں اوتھل زیرو پوائنٹ کے مقام پر پیش آیا جس کے نتیجے میں 11 افراد جاں بحق ہوگئے، جبکہ 20 سے زائد زخمی ہوئے ہیں، جاں بحق افراد میں 3 خواتین بھی شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق مسافر بس گوادر سے کراچی اور وین کراچی سے لسبیلہ جا رہی تھی۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثے (بقیہ نمبر 46)